سیدی محمد بکری مذکور کے ایک قول سے سوال ہوا اور وہ یہ کہ نبی صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کو سارے علم الٰہی کا علم تھا کلام علامہ عمر حلبی کا محصل یہ ہے کہ یہ ارشاد سیدی محمد بکری حق وصحیح ہے کہ اس سے یہ معنی ہیں کہ اللہ تعالی حق فرمادے انھیں اپنا کل علم اور انھیں اس پر مطلع فرمادے اور اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ محمد صلی اللہ تعالی علیہ وسلم مقام ربوبیت تک پہنچ جائیں اس لئے کہ علم مذکور اللہ تعالی کے لئے بالذات ثابت ہے اور مصطفی صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کے لئے تعلیم الٰہی سے اھ پھر علامہ عشماوی نے فرمایا مجھ سے ذکر کیا میرے بعض احباب نے کہ جب ہم کہیں گے کہ وہ ہر شے کو جانتے ہیں تو لازم آئے گی مساوات علم نبی صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کے لئے تعلیم الٰہی سے اھ پھر علامہ عشماوی نے فرمایا مجھ سے ذکر کیا میرے بعض احباب نے کہ جب ہم کہیں گے کہ وہ ہر شے کو جانتے ہیں تو لازم آئے گی مساوات علم نبی صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کی علم الٰہی سے تو میں نے جواب دیا کہ اس سے یہ کچھ نہیں لازم آتا کہ یہ علم اللہ تعالی کے لئے اصالتًا ہے اور نبی صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کے لئے طبعًا۔ فرمایا تو اسے یہ جواب خوش آیا

Marfat.com

واليه اشار الخضر اذ قال لموسى عليهما الصلوٰة والسّلام فى نقرة العصفور من البحر ما قال فهذا قسم مختص بالله تعالىٰ اما الثلثة البواقى اعنى العلم المطلق الاجمالى ومطلق العلم الاجمالى والتفصيلى فغير مختصات به تعالىٰ بل ان اخذ نا

وسلم بتعليم الله تعالى اياه اه ثم قال اعنى العشماوى وقد ذكر لى بعض الاصحاب انه يلزم ان يساوى علمه صلى الله تعالى عليه وسلم علم الله تعالى اذا قلنا انه يعلم كل شئ فاجبته انه لا يلزم شئ من ذلك لان ذلك لله تعالى بالاصالة وله صلى الله تعالى عليه وسلم بالتبعية قال فاعجبه هذا الجواب واستحسنه اه وقد اشار الى قول سيدى ابى الحسن قدس سره ذا الشيخ عبد الحق المحدث الدهلوى فى مدارج النبوة فلم يكن يعده ذا الله تعالىٰ ولم يفصل ولا ولا بل عبر عنه ببعض العرفاء وان قال هذا الكلام بظاهره يخالف كثيرا من الادلة فالله اعلم ماذا اراد به قائله اه بالمعنى وسيأتيك فى النظر الثانى التنصيص بان ادعاء احاطة علومه صلى الله تعالىٰ وسلم بجميع المعلومات الالٰهية خطأ باطل ولكن الرزيه كل الرزيه ممن يرى كل هذا ثم يفترى وعلى مثل الكذب الصريح يجترى ولا حول ولا قوة الا بالله العلى العظيم

ويهون الامر ان منشأ هذه الفرية هم الوهابية خذلهم الله تعالىٰ وهم على الله ورسوله يفترون فمن بقى وعمن يفترون نسأل الله العفو والعافية فان قلت الربقل فى الموضوعات من اعتقد تسوية علم الله و رسوله يكفر اجماعا كما لا يخفى اه **اقول** ان اراد التسوية من كل وجه فنعم اذ يلزم قدام غيره تعالىٰ وغناه عنه عزوجل كما عرفت مما ذكرنا من الفروق ولا يمس قول هؤلاء العرفاء لما سمعت من كلماتهم فهذا لا يقول به مسلم ولا من يقول به مسلم وان اراد مجرد التسوية فى المقدار كما هو ظاهر كلامه حيث بناه على زعم ابن القيم ان الذين سماهم بغاة غلاة عندهم ان علم رسول الله منطبق على علم الله سواء بسواء فكل ما يعلم الله يعلم رسوله اه فلا وجه للاكفار فانه لم يرد نص قط فضلا عن

Marfat.com

اور اسی طرف حضرت خضر علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اشارہ فرمایا اپنے اس قول میں جو موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام سے کہا جس وقت چڑیا نے سمندر سے ایک چونچ بھر کر پانی لیا تو یہ قسم اللہ تعالیٰ کے ساتھ خاص ہے۔ رہی باقی تین قسمیں یعنی علم مطلق اجمالی اور مطلق علم اجمالی اور تفصیلی یہ قسمیں اللہ سبحانہ و تعالیٰ کے ساتھ خاص نہیں۔

ہاں اگر اجمال کو ہم مرتبہ بشرط لاشئے میں لیں یعنی وہ جس میں ایک معلوم دوسرے سے پورے طور پر ممتاز نہ ہو جب تو اجمالی کی دونوں قسمیں اللہ سبحانہ و تعالیٰ کے لئے محال ہوں گی اور بندوں کے ساتھ ان کا خاص ہونا واجب ہوگا، علم مطلق اجمالی کا بندوں کے لئے حاصل ہونا عقلاً بدیہی اور ضروریات دین سے ہے۔ اس لئے کہ ہم ایمان لائے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ہر شئے جانتا ہے تو ہر شئے کہنے میں ہم نے جمیع معلومات الہیہ کا لحاظ کر لیا اور ان سب کو ایک اجمالی طور پر جان لیا تو جو اسے اپنے لئے ثابت نہ جانے وہ اپنے نفس سے اس آیت پر

اور اسے دل سے چاہا اھ اور اس قول ابوالحسن بجری قدس سرہ کی طرف شیخ محقق عبدالحق محدث دہلوی نے مدارج النبوۃ میں ارشاد فرمایا تو نہ کفیر کی نہ تضلیل نہ اور کچھ کہا بلکہ نہیں بعض عرفا سے تعبیر کیا صرف اتنا ہی فرمایا کہ یہ کلام بظاہر بکثرت دلائل کے خلاف ہے تو اللہ زیادہ جاننے والا ہے کہ اس سے قائل کی کیا مراد ہے اھ بالمعنی اور ابھی آتی ہے نظر ثانی میں تصریح صریح کہ یہ دعویٰ کہ حضور کے علوم محیط ہیں جمیع معلومات الہیہ کو خطا ہے باطل ہے، لیکن عیب اور سخت عیب یہ کہ وہ شخص جو یہ سب کچھ دیکھتا ہے اور پھر افترا کرتا ہے ایسے صریح جھوٹ

پر جرأت کرتا۔ اور نہیں نیکی کی قوت اور بدی سے بچنے کی طاقت مگر اللہ عظمت والے برتر کی توفیق سے اور کام سہل و آسان کر دیتا ہے یہ کہ یقیناً اس افترا کا منشا وہی وہابی ہیں اللہ انھیں رسوا کرے اور وہ تو اللہ و رسول پر افترا کرتے ہیں تو اور کون بچ رہا اور کس کے بارے میں سستی کریں گے ہم اللہ سے طالب عفو و عافیت ہیں اگر تم کہو کیا موضوعات میں نہیں کہا کہ جو علم الٰہی و علم رسالت پناہی میں برابری کا اعتقاد کرے بالاتفاق کافر ہے جیسا کہ مخفی نہیں اھ میں کہوں گا اگر ہر طرح کی برابری مراد ہے تو ہاں کہ غیر خدا کا قدیم ہونا اور اس سے اس کا بے پرواہ ہونا لازم آئے گا جیسا کہ ان فرقوں سے جو ہم بیان کر آئے تمھیں معلوم ہو چکا اور ان عرفا کے کلام سے اسے لگاؤ نہیں کیونکہ ان کے کلمات تم سن چکے تو یہ کوئی مسلمان نہ کہے گا ورنہ جو

Marfat.com

الاجمال على جهة شرط لا شئ ای مالا يمتاز فيه بعض المعلومات
عن البعض امتيازاً كليا استحال انيكون الاجماليان له سبحانه
وتعالى ووجب اختصاصهما بالعباد اما المطلق الاجمالی فحصوله
للعباد بديهي عقلا وضروري دينا نانا آمنا انه تعالى بكل
شئ عليم قد لاحظنا بقولنا كل شئ جميع معلومات الله سبحانه
وتعالى فعلمنا ها جميعا علما اجماليا ومن نفاه عن نفسه فقد
نفى عنه الايمان بهذه الاية فاعترف بكفره والعياذ بالله
تعالى ومعلوم ان ثبوت العلم المطلق الاجمالی ثبوت مطلق العلم
الاجمالی والتفصيلی منه كذلك فانا آمنا بالقيمة وبالجنة
وبالنار وبالله تعالى وبالامهات السبع من صفاته عزوجل
وكل ذلك غيب وقد علمنا كلا بحياله ممتازا عن غيره فوجب

القطعی الضروری ان الاعلام الالهی عن بعض العلوم محجور بل الله على
كل شئ قدير وحصر علم فی الله تعالى لا ينفيه عن عباده
بعطائه وامداده كما سيأتی ولواتی الا كفار
من هذا الباب لزم والعياذ بالله تعالى كفار العلماء والاولياء القائلين بانه
صلی الله تعالى عليه وسلم اعطى علم الساعة وامر بكتمها كما سيتبين لك
وهذا الناقل عن الموضوعات اعترف بنفسه فی آخر رسالته ان من المتاخرين
والصوفية من ذهب الى اعطاء الخمس ثم لم يكفرهم ولا صرح بتضليلهم
اما عدم الاحاطة بغير المتناهی فمسألة عقلية ليس عليها من الشرع دليل
وليس انكار كل مسألة عقلية كفرا مالم يكن فيه انكار شئ من الدين
بل قد رأيت فی كلام امام الحقائق سيدی محی الدين رضی الله تعالى عنه
تجويز حصول ذلك لكن لم يجزم به واما العلم بكنهه تعالى فقد اختلفوا فی
جوازه ونسب فی شرح المواقف منعه الى بعض اصحابنا كالغزالی وامام الحرمين
قال ومنهم من توقف كالقاضی ابی بكر بل قال كثير من اصحابنا بوقوعه كما

Marfat.com

ایمان کی نفی کرتا ہے تو خود اپنے کفر کا مقر ہوا اور اللہ کی پناہ اور معلوم ہے کہ جب علم مطلق اجمالی بندوں کے لئے ثابت ہوا تو مطلق علم اجمالی اپنے آپ ثابت ہو گیا اور اسی طرح مطلق علم تفصیلی اس لئے کہ ہم قیامت وجنت ونار اور اللہ تعالیٰ اور اس کی صفتوں میں سے ساتوں صفات اصول پر ایمان لائے اور یہ سب کا سب غیب ہے اور ان میں ہر ایک ہم نے علیحدہ علیحدہ دوسرے سے ممتاز پہچانا تو واجب ہوا

کہ مسلمان ہوگا اور اگر محض برابری مقدار میں مراد ہے جیسا کہ وہ ظاہر کلام ہے کیونکہ اس کی بنا انھوں نے ابن تیمیہ کے زعم پر رکھی اس لئے کہ وہ لوگ جن کا اس نے اپنے غلو سے غلاۃ نام رکھا ہے ان کے نزدیک یہ ہے کہ علم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم منطبق ہے علم الٰہی پر برابر برابر تو اللہ تعالیٰ جو کچھ جانتا ہے اس کو اس کا رسول جانتا ہے اھ تو کوئی وجہ تکفیر کی نہیں کہ کوئی نص اصلا وارد نہ ہوئی کجا قطعی ضروری کہ بعض علوم سے خدا نے تعلیم روک دی گئی ہو نہیں اللہ ہر شے پر بڑی قدرت والا ہے اور کسی علم کا اللہ ہی کے لئے منحصر ہونا اس کی عطا وامداد سے بندوں کے لئے ہونے کی منافی نہیں جیسا کہ عنقریب بیان کریں گے اور جو لوگ تکفیر آئے تو بتاؤ بحمد اللہ لازم ہو تکفیر ان علما و اولیاء کی جو اس کے قائل ہیں کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو عطا کیا گیا علم ساعت (قیامت) اور ان کو اس کے چھپانے کا حکم ہوا جیسا کہ ابھی تم پر روشن ہوگا اور یہ موضوعات سے نقل کنندہ اپنے رسالے کے آخر میں خود معترف ہے کہ متاخرین اور صوفیہ میں سے بعض غیوب خمسہ کی عطا کی طرف گئے پھر نہ ان کی تکفیر کی نہ ان کی گمراہی کی تصریح کی اور غیر متناہی کو محیط نہ ہونا تو مسئلہ عقلیہ ہے اس پر شریعت کی کوئی دلیل نہیں نہ ہر مسئلہ عقلیہ کا انکار کفر تا وقتیکہ اس میں انکار کسی امر دینی کا نہ ہو بلکہ میں نے بلاشبہ کلام امام حقائق سیدی محی الدین رضی اللہ تعالیٰ عنہ میں دیکھا اس کے حاصل ہونے کا امکان مگر اس پر جزم نہ فرمایا لیکن علم بکنہ تعالیٰ اس کے جواز میں علما کو ضرور اختلاف ہے اور شرح مواقف میں اس کے انکار کو ہمارے بعض اصحاب مثل امام غزالی وامام الحرمین کی طرف منسوب کیا اور کہا کہ بعض ان میں سے وہ ہیں جنھوں نے توقف کیا مثل قاضی ابوبکر باقلانی اور بہت ہمارے اصحاب اس کے وقوع کے قائل ہوئے جیسا کہ مواقف اور اس کی شرح میں ہے تو اس کے ہونے کس طرح تکفیر صحیح ہوگی اگرچہ ہمارے نزدیک اس کا امتناع حق ہے حتی کہ جنت میں بعد دیدار بھی واللہ ہمیں روزی عطا کرے اور اگرچہ علامہ سعدی کو اس میں تردد ہے اور موضوعات کے قول کہ مخفی سے ظاہر کہ عرف سے کہیں منقول دیکھا صرف

Marfat.com

حصول مطلق العلم التفصیلی بالغیوب لکل مؤمن فضلاً عن الانبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کیف لا وقد امرنا سبحٰنہ ان نؤمن بالغیب والایمان تصدیق والتصدیق علم فمن لم یعلم الغیب کیف یصدق ومن لم یصدق کیف یؤمن فثبت ان العلم الذی یتاھل الاختصاص بہ تعالٰی لیس الا العلم الذاتی

فی لمو تف وشرحہ فکیف یصح الاکفار مع ھذا وان کان الحق عندنا امتناعہ حتی فی الجنۃ بعد رویتہ سبحٰنہ رزقنا اللہ تعالٰی وان تردد فیہ چلپی و قول الموضوعات کما لا یخفٰی ظاھر فی انہ لم یرہ منقولا (باقی صـ ۳۰۴ پر)

عہ قال فی رد المحتار باب ادراک الفریضۃ فی مسئلۃ ذکرھا فی البحر واعقبھا بقولہ کما لا یخفٰی ما نصہ ظاھرہ انہ لم یرہ فی البحر منقولا صریحا اھ ۱۲ منہ الردعلی غایۃ المعمول۔

انما بحثہ بحثا من عندہ ظنا منہ ان المسألۃ لا تصلح للنزاع ولیس الاجماع مما یثبت بظن لا مستند لہ فکیف یصح اکفار جمع من اولیاء اللہ تعالٰی بقول غیر معقول ولا منقول ولا مقبول فاستقم و باللہ التوفیق اھ منہ حفظہ ربہ تعالٰی جدیدہ۔

ـلـہ فی التفسیر الکبیر لا یمتنع ان نقول نعلم من الغیب ما لنا علیہ دلیل اھ وفی نسیم الریاض شرح شفاء القاضی عیاض لم یکلفنا اللہ الایمان بالغیب الا وقد فتح لنا باب غیبہ اھ وروی ابن جریر فی قولہ تعالٰی وما ھو علی الغیب بضنین عن ابن زید الغیب القرآن ومن زر الضنین البخیل والغیب القرآن وعن مجاھد قال ما یضن علیکم مما یعلم وعن قتادۃ ان ھذا القرآن غیب فاعطاہ اللہ محمدا صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم فبذلہ وعلمہ اھ ۱۲ منہ حفظہ ربہ تعالٰی جدیدہ

مطلب:- کل مومن یعلم غیوبا ومن انکرہ لنفسہ فقد امن بکفرہ۔

Marfat.com

کہ غیبوں کا مطلق علم تفصیلی ہر مسلمان کو حاصل ہو پھر انبیا علیہم الصلوۃ والسلام کا کیا کہنا۔ اور کیونکر نہ ہو حالانکہ ہمیں اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے غیب پر ایمان لانے کا حکم دیا ہے اور ایمان تصدیق ہے اور تصدیق علم ہے تو جو غیب کو جانتا نہیں اس کی تصدیق کیونکر کرے گا اور جو تصدیق نہ کرے گا اس پر ایمان کیونکر لائے گا۔ تو ثابت ہوا کہ وہ علم جو اللہ عزوجل کے ساتھ خاص ہونے کے لائق ہے وہ نہیں مگر علم ذاتی اور علم مطلق تفصیلی کہ جمیع معلومات الٰہیہ کو مستغرق [illegible] کے ساتھ محیط ہو۔ جن آیتوں میں غیر خدا سے نفی فرمائی [illegible] [illegible] یہی دونوں معنی مراد ہیں اور یہ بھی ثابت ہوا کہ وہ علم جسے بندوں کے لیے ثابت کرسکتے ہیں وہ علم عطائی ہے خواہ علم مطلق اجمالی ہو یا مطلق علم تفصیلی اور [illegible] کسی قسم اخیر سے ہوتی ہے اور بے شک اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے علم سے

[illegible] ردالمحتار باب [illegible] کے ایک مسئلہ میں جسے بحر میں ذکر کیا تھا اور اس کے عقب میں [illegible] [illegible] تھا فرمایا جس کی عبارت یہ ہے۔ ظاہر یہ ہے کہ بحر میں اسے صراحۃً منقول دیکھ [illegible] [illegible] سے ایک بحث اس گمان سے کہ مسئلہ صلاحیت [illegible] نہیں [illegible] تحریر کر دی اور اجماع ثابت نہیں ہوتا ایسے ظن سے جس کے لیے کوئی حجت نہ ہو تو کیونکر صحیح ہوگی تکفیر ایک گروہ اولیاء کی ایسے قول سے جو نہ معقول ہے نہ منقول مقبول تو حق پر مستقیم رہو اور اللہ ہی سے توفیق ہے اھ منہ غفرلہ حبیدہ

لے تفسیر کبیر میں ہے کہ یہ کہنا منع نہیں کہ غیب سے ہم وہ جانتے ہیں جس پر ہمارے لیے دلیل ہے (اھ) اور نسیم الریاض شرح شفاء قاضی عیاض میں ہے اللہ تعالیٰ نے ہمیں ایمان بالغیب کی تکلیف نہیں دی مگر یوں کہ قطعاً ہمارے لیے اپنے غیب کا دروازہ کھول دیا۔ (اھ) اور علامہ ابن جریر نے آیہ کریمہ۔ ماھو علی الغیب بضنین کی تفسیر میں ابن زید سے روایت کیا غیب قرآن ہے۔ اور زر سے روایت کیا کہ ضنین بخیل ہے اور غیب قرآن اور امام مجاہد سے مروی ہے انھوں نے کہا کہ وہ تم سے بخل نہیں کرتے اس میں جو انھیں علم ہے اور قتادہ سے مروی ہے کہ بلاشبہ یہ قرآن غیب ہے اسے محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو عطا فرمایا اور انھوں نے اسے بخشا تعلیم کیا اھ منہ غفرلہ حبیدہ

مطلب: ہر مسلمان بہت سے غیوب جانتا ہے اور جو اپنے سے انکار کرے وہ اپنے کفر پر [illegible]

Marfat.com

والعلم المطلق التفصیلی المحیط بجمیع المعلومات الالٰهیــة
بالاستغراق الحقیقی فهما المرادان فی اٰیات النفی وان العلم
الذی یصح اثباته للعباد هو العلم العطائی سواء کان العلم
المطلق الاجمالی او مطلق العلم التفصیلی والتمدح انما یقع
بهذا وقد مدح الله به عباده فقال "وبشروه بغلم علیم"
وقال "وانه لذو علم لما علمنٰه" وقال "علمنٰه من لدنا علما"
وقال "وعلمك ما لم تکن تعلم" الی غیر ذلك من اٰیات کثیرة
فهو المراد فی اٰیات الاثبات فهذا هو المحمل الحق الذی لا
محید عنه ولا امکان لغیره وقد تبین لك ان کل ما ذکرنا
اٰنفا ثابت من الدین ضرورة بحیث ان من انکر شیأ منه
فقد انکر الدین۔ وفارق جماعة المسلمین۔ وهذا ما وفق
به العلماء الاثبات فی اٰیات النفی والاثبات۔ کما قال الامام
الاجل ابو زکریا النووی فی فتاواه ثم الامام ابن حجر المکی
فی الفتاوی الحدیثیة وغیرهما فی غیرهما ان معناها لا یعلم
ذلك استقلالا وعلم احاطة بکل المعلومات الا الله تعالی
فاستبان کالشمس والامس ان الذی ینفی مطلق العلم
بالمغیبات عن النبی صلی الله تعالی علیه وسلم ولو بعطاء الله
سبحٰنه وتعالی کما صرحت به وهابیة دیارنا حتی قالوا
انه صلی الله علیه وسلم لا یعلم حال خاتمته ولا خاتمة
امته کما ورد الی السوال عن حکم هذا الضلال فی شهــر
ربیع الاول ۱۳۱۸ھ من بلدة دهلی وکتبت فی جوابه انباء
المصطفٰی بحال سر واخفی واقمت علیهم الطامة الکبری

مه من نفی عنه صلی الله علیه وسلم علم الغیب مطلقا فقد کفر وکذا من قال لم یکن یعلم حال خاتمته

Marfat.com

اپنے بندوں کی مدح فرمائی کہ فرماتا ہے " ملائکہ نے ابراہیم کو ایک علم لے لڑکے کی خوشخبری دی" اور فرمایا کہ "بے شک یعقوب ہمارے علم دیئے سے ضرور علم والا ہے" اور فرمایا" ہم نے خضر کو علم لدنی عطا کیا" اور فرمایا اے نبی اللہ تعالی نے تمھیں سکھا دیا۔ جو کچھ تم نہ جانتے تھے اور ان کے سوا اور بکثرت آیتیں تو یہی قسم ان آیتوں میں مراد ہے جن میں بندوں کے لئے علم غیب دیا جانا ثابت فرمایا ہے تو آیات کے یہ وہ سچے معنی ہیں جن سے اصلا مفر نہیں اور نہ ان کے غیر کا امکان اور تجھے روشن ہو گیا کہ جو کچھ ہم نے یہاں تک بیان کیا سب دین متین سے ایسا بالضرورۃ ثابت ہے کہ جو ان میں سے کسی شے کا انکار کرے وہ دین کا انکار کرتا ہے اور اسلامی جماعت سے جدا ہوتا ہے اور یہ وہ معنی ہیں جن سے معتمد عالموں نے آیات نفی و اثبات میں تطبیق کی ہے جیسا کہ امام اجل ابوزکریا نووی نے اپنے فتاوی میں فرمایا ان کے بعد امام ابن حجر مکی نے فتاوی حدیثیہ میں اور اور علما نے اور کتابوں میں کہ غیر خدا سے نفی علم غیب کے معنی یہ ہیں کہ اپنی ذات سے کوئی نہیں جانتا اور نہ کسی کا علم جمیع معلومات الٰہیہ کو محیط ہے تو آفتاب اور گذرے ہوئے کل کی طرح روشن ہو گیا کہ وہ جو نبی صلی اللہ تعالی علیہ وسلم سے غیوب کے مطلق علم کی نفی کرتا ہے اگرچہ خدا کی عطا سے ہو جیسا کہ ہمارے ملک کے وہابی صاف کہہ رہے ہیں یہاں تک کہ انھوں نے کہا کہ نبی صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نہ اپنے خاتمہ کا حال جانتے تھے نہ امت کے خاتمہ کا جیسا کہ اس گمراہی کی بابت میرے پاس ۱۳۱۸ھ میں دہلی سے سوال آیا تھا میں نے اس کے جواب میں رسالہ انباء المصطفے بحال سر و اخفی لکھا اور میں نے وہابیہ پر قیامت کبری قائم کی تو ایسا شخص اس چیز کی نفی کر رہا ہے جو اللہ تعالے نے قرآن عظیم میں ثابت فرمائی اور اس کا یہ قول اس کے ایمان کی نفی کرتا ہے اور اس کے زیان کار ہونے کے لئے کافی و وافی ہے وہ اپنے اس کفران کے سبب

Marfat.com

فهو ناف لما اثبته الله تعالیٰ فی قرآنه ۔ وقوله مناف لایمانه کاف وواف لخسرانه ۔ فهو کافر مرتد بکفرانه ۔ وقوله انه صلے الله تعالیٰ علیه وسلم لا یعلم حال خاتمته ولا خاتمة امته کفر آخر ۔ لانکاره کثیرا من الایات الغرر ۔ قال تعالیٰ وللاخرة خیر لك من الاولیٰ وقال تعالیٰ ولسوف یعطیك ربك فترضیٰ وقال تعالیٰ یوم لا یخزی الله النبی والذین امنوا معه نورهم یسعیٰ بین ایدیهم وبایمانهم وقال تعالیٰ عسیٰ ان یبعثك ربك مقاما محمودا وقال تعالیٰ انما یرید الله لیذهب عنکم الرجس اهل البیت ویطهرکم تطهیرا وقال تعالیٰ "انا فتحنا لك فتحا مبینا لیغفرلك الله ما تقدم من ذنبك وما تاخر ویتم نعمته علیك ویهدیك صراطا مستقیما وینصرك الله نصرا عزیزا الی قوله تعالیٰ لیدخل المومنین والمومنات جنٰت تجری من تحتها الانهر خالدین فیها ویکفر عنهم سیاتهم وکان ذلك عند الله فوزا عظیما" وقال تعالیٰ "تبرك الذی ان شاء جعل لك خیرا من ذلك جنٰت تجری من تحتها الانهر ویجعل لك قصورا" علی قراءة

ے هذه فتوی ربنا عزوجل اذ قال عزمن قائل فی القرآن العظیم لا تعتذروا قد کفرتم بعد ایمانکم اخرج ابن ابی شیبة وابن جریر وابن المنذر وابن ابی حاتم وابو الشیخ عن مجاهد فی هذه الآیة قال رجل من المنافقین یحدثنا محمد ان ناقة فلان بوادی کذا وکذا وما یدریه بالغیب اه کیف لا وهو انکار النبوة قال الامام القسطلانی فی المواهب الشریفه النبوة هی الاطلاع علی الغیب وقال ایضا النبوة ماخوذة من النبا وهو الخبر لے ان الله تعالیٰ اطلعه علی غیبه ۱۲ منه حفظه ربه مجید

Marfat.com

کافر مرتد ہے اور اس کا کہنا کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نہ اپنے خاتمہ کا حال جانتے[1] تھے نہ امت کے یہ دوسرا کفر ہے کہ وہ بہت سی روشن آیتوں کا انکار ہے اللہ عزوجل فرماتا ہے "اور بے شک آخرت تمہارے لئے دنیا سے بہتر ہے" اور فرماتا ہے کہ "بے شک عنقریب تمہیں تمہارا رب اتنا دے گا کہ تم راضی ہو جاؤ گے" اور فرماتا ہے "جس دن اللہ رسوا نہ کرے گا نبی کو نہ ان ایمان والوں کو جو اس کے ساتھ ہیں ان کا نور دوڑتا ہوگا ان کے آگے اور ان کے داہنے" اور فرماتا ہے کہ "عنقریب تمہارا رب تمہیں حمد والے مقام میں بھیجے گا" اور فرماتا ہے "اللہ یہی چاہتا ہے اے نبی کے گھر والو کہ تم سے ناپاکی دور رکھے اور تمہیں خوب پاک کر دے" اور فرماتا ہے "بے شک ہم نے تمہارے لئے روشن فتح کر دی تاکہ اللہ تمہارے[2] سبب بخش دے تمہارے اگلوں پچھلوں کے گناہ اور اپنی نعمت تم پر تمام کر دے اور تمہیں اپنی طرف سیدھی راہ دکھا دے اور اللہ تمہاری مدد کرے عزت والی مدد" یہاں تک کہ فرمایا ہے کہ

---

[1] یہ فتویٰ ہے ہمارے رب عزوجل کا کہ اس نے فرمایا (عزت والا وہ فرمانے والا) قرآن عظیم میں حیلے نہ بناؤ تم کافر ہو گئے ہو بعد ایمان کے روایت کیا ابن ابی شیبہ و ابن جریر و ابن منذر و ابن ابی حاتم و ابو الشیخ نے مجاہد سے اس آیت کی تفسیر میں کہ کسی منافق نے کہا محمد ہم سے باتیں بناتے ہیں کہ فلاں کی اونٹنی فلاں وادی میں ہے اور وہ کیا جانیں غیب اھ کیونکر نہ ہو کہ یہ انکار نبوت ہے علامہ قسطلانی نے مواہب شریف میں فرمایا کہ نبوت غیب پر اطلاع ہے نیز فرمایا کہ نبوت مشتق ہے نبا سے اور وہ بمعنی خبر ہے یعنی اللہ تعالیٰ نے انہیں غیب پر اطلاع دی اھ منہ غفر لہ حمیدہ ۱۴

[2] لام تک میں تعلیل کے لئے ہے اور ذنب کی اضافت ادنیٰ ملابست سے ہے معنی یہ ہوئے تاکہ معاف کر دے اللہ تمہارے سبب یا تمہاری وجاہت سے خطائیں تمہارے گھر والوں کی یعنی گناہ یا لغزشیں تمہارے آبا و امہات حضرت عبد اللہ و آمنہ سے لے کر آدم و حوا تک اور پچھلوں کے تمہاری نسل یعنی بیٹیوں پوتوں بلکہ ساری نسل معنوی کہ قیام قیامت تک تمام اہل سنت ہیں یہی بہتر و شیریں تر ہے تاویل آیت میں ہمارے نزدیک واللہ تعالیٰ اعلم اھ منہ غفر لہ

Marfat.com

الرفع قراءة ابن كثير وعامر ورواية ابى بكر عن عاصم الى غير ذلك من الايات اما الاحاديث المتواترة المغنى فى هذا الباب۔ فبحر عباب۔ لا يدرى قعره۔ ولا ينزف غمره۔ ولكن باى حديث بعد الله واٰيته يؤمنون۔ الٰهى اسئالك العفو والعافية واعوذ بك مما اجترح الكفرون۔ ولا حول ولا قوة الا باللّٰہ العلى العظيم۔

النظر الثانى

زهر وبهر مما تقرر ان شبهة مساواة علوم المخلوقين طرا اجمعين بعلم ربنا اله العلمين ما كانت لتخطر ببال المسلمين اما ترى العميان ان علم الله ذاتى وعلم الخلق عطائىٌ علم الله واجب لذاته وعلم الخلق ممكن له علم الله ازلى سرمدى قديم حقيقى وعلم الخلق حادث لان الخلق كله حادثٌ الصفة لا تتقدم الموصوف علم الله غير مخلوق وعلم الخلق مخلوق علم الله غير مقدور وعلم الخلق مقدور ومقهور علم الله واجب البقا وعلم الخلق جائز الفنا علم الله ممتنع التغير وعلم الخلق ممكن التبدل ومع هذه التفرقات لا يتوهم المساواة الا الذين لعنهم الله واصمهم واعمى ابصارهم فلو فرضنا

ے اللام فى لك للتعليل واضافة الذنب لادنى ملابسة اى ليغفر الله بسببك ولاجلك ما تقدم من ذنوب اهلك معاصيهم او زلاتهم من ابائك وامهاتك من عبد الله وامنة الى ادم وحواء وما تأخر من ذنوب ذريتك من احفادك واسباطك بل ونسلك ا لمعنوى جميعا وهم اهل سنة الى يوم القيمة هذا هو الاحسن الازين الاحلى تاويل الاية عندنا والله تعالى اعلم ۱۲ منه حفظه ربه محجبه

داخل کرے اللہ ایمان والے مرد اور ایمان والی عورتوں کو باغوں میں جن کے نیچے لہریں بہتی ہیں کہ ہمیشہ ان میں رہیں اور ان کے گناہ ان سے مٹادے اور یہ اللہ کے یہاں بڑی مراد پانا ہے" اور فرماتا ہے "برکت والا ہے وہ کہ اگر چاہے تو تمھارے لئے اس سے بہتر کردے جنتیں جن کے نیچے نہریں رواں اور کرے گا تمھارے لئے اونچے اونچے محل" لام کے پیش کے ساتھ جو ابن کثیر و عامر کی قرأت اور عاصم سے ابوبکر کی روایت ہے اور ان کے سوا اور آیتیں ہیں۔ اس باب میں وہ حدیثیں کہ معنی واحد پر متواتر آئیں وہ تو ایک عمیق دریا ہیں جن کا گہراؤ نہ جانا جائے اور وہ کبھی پایاب نہ ہو۔ مگر اللہ اور اس کی آیتوں کے بعد کون سی حدیث پر ایمان لائیں گے۔ الٰہی میں تجھ سے معافی اور عافیت چاہتا ہوں اور کافروں کے کوتوں سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔ ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم۔

نظر دوم

تقریر سابق سے ایسا چمک اٹھا جس کی نگاہ خیرہ ہو کہ تمام و کمال جملہ مخلوقات کے مجموعۂ علوم کی ہمارے رب العالمین کے علوم سے برابری کا شبہہ اس قابل نہیں کہ مسلمان کے دل میں اس کا خطرہ بھی گذرے کیا اندھوں کو یہ نہیں سوجھتا کہ اللہ کا علم ذاتی ہے اور خلق کا علم عطائی اور اللہ کا علم اس کے ذات کے لئے واجب اور خلق کا علم اس کے لئے ممکن اللہ سبحانہ وتعالیٰ کا علم ازلی سرمدی قدیم حقیقی ہے اور مخلوق کا علم حادث اس لئے کہ تمام مخلوق حادث ہے اور صفت موصوف سے پہلے نہیں ہوسکتی اور اللہ سبحانہ تعالیٰ کا علم مخلوق نہیں اور خلق کا علم مخلوق ہے۔ اللہ تعالیٰ کا علم کسی کے زیر قدرت نہیں اور خلق کا علم اللہ کی قدرت میں اور اس کا زیر دست ہے علم الٰہی کا ہمیشہ رہنا واجب اور علم مخلوق کی فنا ممکن علم الٰہی کسی طرح بدل نہیں سکتا اور علم خلق میں تغیر روا اور ان فرقوں کے ہوتے ہوتے

Marfat.com

ان زاعمایزعم باحاطة علومه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم بجمیع المعلومات الالهیة فمع بطلان زعمه وخطأ وهمه لم تکن فیه مساواة لعلم الله تعالیٰ لما ذکرنا من الفروق الهائلة التی لا تبقی لعلم المخلوق من علم الخالق الاعلٰی[له] م

[له] قوله الاعلم ۔ یرید الوفاتی فی ایہم وهو ترق من التفرقة بالصفات الی المباینة بنفس الحقیقت والذات ۔ وانہمک علی داهیة کبری فی التحریر المفتری اقول ای رب عفرا هذا امرا یماننا بالله رب العلمین لا شریک له فی ذاته فاعلم انه لا اله الا الله لم یلد ولم یولد ولم یکن له کفوا احد ولا فی صفاته له الحمد ۔ لیس کمثله شیٔ ولا فی اسمائه هل تعلم له سمیا ولا فی حکمه ولا یشرک فی حکمه احدا ولا فی ملکه ولم یکن له شریک فی الملک ولا فی سلکه لله ما فی السموات وما فی الارض ۔ والذین تدعون من من دونه ما یملکون من قطمیر ولا فی افعاله هل من خالق غیر الله وما یری من اطلاق اسم واحد علیه وعلیٰ احد من خلقه عز وجل کعلیم حکیم حلیم کریم سمیع بصیر ونحوها فمجرد وفاق فی اللفظ دون شرکة فی المعنی ولذا قال فی الفتاوی السراجیة والتاتارخانیة ومنح الغفار والدر المختار وغیرها التسمیة باسم یوجد فی کتاب الله تعالیٰ کالعلی والکبیر والرشید والبدیع جائز لانه من الاسماء المشترکة ویراد بها فی حق العباد غیر ما یراد فی حق الله تعالیٰ ۔ [illegible] وتبیان علیها سبیل نجاح ۔

عه قال الامام القاضی عیاض فی الشفاء الشریف یعتقدان الله عز وجل فی عظمته و کبریائه وملکوته وحسنی اسمائه وعلا صفاته لا یشبه شیأ من مخلوقاته ولا یشبه به وان ما جاء مما اطلقه الشرع علی الخالق وعلی المخلوق فلا تشابه بینهما فی المعنی الحقیقی اذ صفات القدیم بخلاف صفات المخلوق فکما ان ذاته لا تشبه الذوات کذلک صفاته لا تشبه صفات المخلوقین ثم نقل عن الامام الواسطی رحمه الله تعالیٰ قال لیس کذاته ذات ولا کاسمه اسم ولا کفعله فعل ولا کصفته صفة الا من جهة موافقة اللفظ قال وهذا کله مذهب اهل الحق والسنة والجماعة رضی الله تعالیٰ عنهم ۱ھ قلت وفی املاء الامام

[illegible]

[illegible]

انکر نبینا ههنا وادعت[۱۹] ان العلم الاتم فی النصوص الشرعیة انما یراد به مطلق الادراک واحتجت[۱۸] له بالطرق اعلم علیه تعالیٰ فی آیات وفی قولهم الله ورسوله اعلم قالت الرسالة ومن المقرر فی العربیة ان معنی افعل التفضیل

Marfat.com

برابری کا وہم نہ کرے گا۔ مگر وہ جن پر اللہ نے لعنت کی اور انھیں بہرا کر دیا اور ان کی آنکھیں پھوڑ دیں تو اگر ہم فرض کریں کہ کوئی گمان کرنے والا علم نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو جمیع معلومات الٰہیہ کا محیط جانے تو اتنا تو ضرور ہے کہ اس کا گمان باطل اور اس کا وہم خطا مگر علم الٰہی سے برابری اب بھی نہ ہوئی ان ہولناک فرقوں کے سبب جو ہم اوپر ذکر کر آئے جو علم خالق سے علوم مخلوق کے لئے سوا[1] ع ل م

[1] قولہ سوا ع ل م اس سے مراد موافقت اسمی ہے اور یہ ترقی ہے تفرقہ صفات سے جانب تباین باعتبار حقیقت و نفس ذات کے اور میں تمھیں مطلع کرتا ہوں اس فروغ باف تحریر کی سخت مصیبت ناک بات پر میں کہتا ہوں پروردگار معاف فرمائے ہی ایمان ہے ہمارا پروردگار عالم کے ساتھ جسکا کوئی ساجھی نہیں اسکی ذات میں تو جان تو کہ وہی ایک ذات معبود برحق ہے اس کے سوا کوئی خدا نہیں نہ جنا نہ جنا گیا نہ کوئی اس کی جوڑ کا نہ اس کی صفات میں اسی کیلئے ہیں ساری خوبیاں اس جیسا کوئی نہیں اس کے ناموں میں تو کیا تو جانتا ہے کوئی اس کا ہم نام نہ اس کے حکم میں اور کوئی شریک نہیں ہے حکم میں نہ اس کی سلطنت میں اور کوئی ساجھی نہیں اس کے ملک میں اور نہ اسکی ملک میں اللہ ہی کا ہے جو کچھ سارے آسمانوں اور ساری زمین میں اور جنھیں تم پکارتے ہو اس کے سوا وہ مالک نہیں کسی ادنیٰ شے کے اور نہ اس کے کاموں میں، کیا کوئی اور خالق ہے اللہ کے سوا اور یہ جو ایک ہی نام کا اطلاق اس پر اور اس کی کسی مخلوق پر دیکھا جاتا ہے جیسے علیم، حکیم، حلیم، کریم، سمیع، بصیر، اور اس جیسے اور تو محض لفظی موافقت ہے نہ معنی میں شرکت لہٰذا[2] فتاوی سراجیہ اور تاتارخانیہ و منح الغفار و رد المحتار وغیرہا میں ہے

(باقی حاشیہ صـــ پر)

[2] امام قاضی عیاض نے شفا شریف میں فرمایا اعتقاد رکھا جائے کہ اللہ عزوجل اپنی بزرگی اپنی بڑائی اپنی سلطنت اور اپنے اسماء حسنیٰ اور اپنی بلند و بالا صفات میں مخلوقات سے ذرہ کسی کے مثل نہیں اس جیسا اور کوئی اور یقیناً وہ جس کا اطلاق شریعت طاہرہ نے خالق و مخلوق دونوں پر کیا اسمیں بھی حقیقی معنی پر کوئی تشابہ نہیں کیونکہ قدیم کی صفات مخالف صفات حادث ہیں تو جس طرح اس کی ذات دیگر ذوات کے مشابہ نہیں یونہی اس کی صفات بھی صفات مخلوق کے مشابہ نہیں الخ پھر امام واسطی رحمہ اللہ تعالیٰ سے نقل فرمایا کہ نہیں ہے کوئی ذات اس ذات سی کوئی نام اس کے نام سا نہ اس کے کام سا کام نہ اسکی صفت سی صفت مگر باعتبار موافقت لفظی کے اور فرمایا یہ سب مذہب اہل حق اہلسنت و جماعت رضی اللہ تعالیٰ عنہم اھ میں کہتا ہوں کہ امام حجۃ الاسلام غزالی کی املاء علی الاحیاء میں حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے ہے کہ علم آخرت میں ہے لوگوں کے پاس فقط نام ہیں اھ تو صفات مولیٰ تعالیٰ کے ساتھ

ایسا نام رکھنا جو کتاب الٰہی میں اللہ کے لیے ہے جیسے علی، کبیر، رشید

بدیع جائز ہے کہ یہ اسماء مشترکہ میں سے ہے اور حق عباد میں وہ معنی مراد نہیں جو رب العباد کے لئے مراد ہے اھ اور امام ابو یوسف رحمہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ صیغہ افعل قبیل صفات الٰہی میں ایک معنی پر ہیں جیسا کہ ہدایہ میں ہے عنایہ میں فرمایا کہ صفات الٰہی میں کوئی زیادتی ثابت کرنا مقصود نہیں کہ کسی کو اس کے ساتھ نفس عظمت اور بڑائی میں برابری نہیں یہاں تک کہ افعل زیادتی کے لئے ہو جیسا کہ صفات عباد میں ہو تب تو

اعنی المشارکة الاسمیة وحدها فکیف وقد اقمنا الدلائل القاهرة علی ان احاطة علم المخلوق بجمیع المعلومات الالهیة محال قطعا عقلا وسمعا فالوهابیة الذین اذا سمعوا اتباع الائمة یثبتون باتباعهم واتباع القران والحدیث لرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم علم جمیع ما کان وما یکون من اول یوم الی آخر الایام حکموا علیهم بالشرك والکفر وانهم یدعون مساواة علمه صلی اللہ تعالی علیه وسلم لعلم ربه عز وجل

ان المفضل یشارك لمفضل علیه مع اختصاص بزیادة فی المعنی وهذه کلمة فی حق العباد غیر ما یراد فی حق اللہ تعالی اھ وقال امامنا ابو یوسف رحمہ اللہ تعالی ان افعل وفعیلا فی صفاته اللہ تعالی سواء کما فی الهدایة قال فی العنایة لان اثبات الزیادة لیس بمراد فی صفات اللہ تعالی لعدم مساواة احد ایاه فی اصل الکبریاء حتی یکون افعل للزیادة کما یکون فی اوصاف العباد فکان افعل وفعیلٌ من دون شرکة منها قوله تعالی اصحب الجنة یومئذ خیر مستقرا واحسن مقیلا وقوله تعالی اللہ خیر اما یشرکون وقوله تعالی فای الفریقین احق بالامن ان کنتم تعلمون وقد عقبه بقوله عز وجل الذین امنوا ولم یلبسوا ایمانهم بظلم اولئك لهم الامن وهم مهتدون ولکن العجب ممن جعل تقسیمنا العلم الی الذاتی والعطائی والی المحیط وغیره کلاما فلسفیا غیر مقبول عنه اهل الشرع مع کثرة من صرح به من الائمة کما اکثرنا النقول منهم فی کتابنا "مالی الجیب"[۳۲۸] "بعلوم الغیب" وذکرنا طرفا صالحا منه فی کتابنا خالص الاعتقاد وقد نقلته الرسالة المفتراة عن الامامین النووی وابن حجر کما تقدم وذکرت الفرق بان علمه تعالی محیط لا علوم الخلائق عن الامام حجة الاسلام الغزالی بل صرحت به بنفسها کما سیاتی ان شاء اللہ تعالی لکن لما رأت القسمتین تبطلان

سوال ۱۲ھ جلد قال العلماء فی غیر ما موضع ان اسم التفضیل

Marfat.com

یعنی شرکت نام کے کچھ باقی نہیں رکھتے نہ کہ اس حالت میں کہ ہم دلائل قطعیہ قائم کر لے
کہ علم مخلوق کا جمیع معلومات الٰہیہ کو محیط ہونا یقیناً عقل سے بھی باطل اور شرع سے بھی باطل
اور وہابیہ وہ کہ جب ائمہ کے پیرووں کو سنتے ہیں کہ وہ ائمہ کی پیروی اور قرآن و حدیث کے اتباع

افعل در بعض بر میں بلکہ بلا شبہہ علماء نے متعدد مقامات میں فرمایا کہ افعل التفضیل سے نفس فعل بلا شرکت مراد ہوتا ہے جیسے ارشاد الٰہی جنت والے آج کے دن بہتر مسکن اور بہتر خواب گاہ میں ہیں اور اس کا ارشاد تو کون سا فریق حق دار امن ہے اگر تمھیں علم ہے۔ حالانکہ اس کے بعد فرمایا وہ کہ ایمان لائے اور انھوں نے اپنے ایمان کو ظلم سے آلودہ نہ کیا انھیں کے لئے ہے امن اور وہی ہیں راہ پائے ہوئے لیکن اچنبھا اس سے جس نے ہماری تقسیم علم ذاتی و عطائی و محیط و غیر محیط کو فلسفی کلام و نامقبول نزد علمائے اسلام قرار دیا باوجودیکہ بکثرت ائمہ کرام نے اس کی تصریحات فرمائیں اور کثرت سے ان کی نقول ہم نے اپنے رسالہ مالی الجیب بعلوم الغیب[۱۳۱۸] اور کافی حصہ خالص الاعتقاد اپنے رسالہ میں ذکر کیا اور اسی ثانی رسالہ میں امام نووی اور امام ابن حجر مکی سے نقل کیا جیسا کہ اوپر ذکر ہوا اور اس رسالہ میں علامہ حجۃ الاسلام غزالی سے فرق لکھا کہ علم الٰہی محیط ہے اور علم خلائق نہیں بلکہ آپ ہی اس کی تصریح کر دی جیسا کہ ابھی آگے آتا ہے انشاء اللہ تعالیٰ لیکن اس نے اپنی حجت باطل ہوتی اور اپنے راستہ احتجاج کا بند ہوتا دیکھا تو انکار کر دیا اور ادعا کر دیا کہ علم الٰہی سے مراد نصوص شرعیہ میں مطلق ادراک ہے اور لفظ اعلم کا اطلاق باری تعالیٰ پر آیات کریمہ اور اس قول میں کہ اللہ و رسول اعلم میں سند پکڑی[۱۹]

اور کہہ دیا کہ علم عربیت میں قرار پا چکا ہے کہ صیغہ التفضیل کے معنی یہ ہیں کہ مفضل (جسے تفضیل دی گئی) اور مفضل علیہ (جس پر اسے تفضیل دی گئی) معنی میں دونوں شریک ہیں زیادت فی المعنی مفضل کا حصہ خاص ہے یہ کلمہ کہا اور اس کا انجام کچھ نہ سمجھا اور اگر اس کا وبال جانا ہوتا تو ضرور کہتا کہ مجھے اس سے اور اسے مجھ سے کیا کیونکہ اس میں دو بڑی مصیبتیں ہیں۔ پہلی مصیبت اس سے پوچھو کہ علم اور اس کے مثل حمد الٰہی میں جس کا ذکر نصوص شرعیہ و آیات کریمہ میں ہے۔ وہ مولی عزوجل کی صفات و کمال ہیں یا نہیں تو اگر ہاں کہے جس کی ہر مسلم سے امید ہے تو اولاً کہو اے سبحان اللہ اللہ اور اس کی آیات پر تو ایمان لاؤ اور شریک کرو اس کے ساتھ اس کی صفات میں مخلوقات کو اور پکار کر کہو کہ اس کی صفات میں مخلوق کا ساجھا ہے ہاں زیادتی اللہ تعالیٰ کے لئے خاص ہے اور اسی کی امثال سے اس کا اندیشہ قوی ہوتا ہے کہ اس رسالہ

Marfat.com

خائضون غالطون: وهم بانفسهم فی مهوی الشرك والكفر ساقطون: لانهم اذ ازعموا فی اثبات هذا العلم المحدود والمحصور المعدود المساواة مع علم الله فقد شهدوا ان علم الله تعالیٰ لیس الابهذا القدر القلیل الصغیر النزر الیسیر اذ لو زاد

قائلها. ومن بنا على ماقالها ولو علموا ما فيها نقل مالى ومالها: فان فيها رزيتين كبيرتين الرزية الاولى سله ان العلم ونحوه مما تذكره النصوص الشرعية والايات الفرقانية فی حمده عزوجل هل هی صفات كمال ام لیس لها جل جلاله اولا فان قال نعم كما هو المرجو من كل من اسلم فقل اولا يا سبحن الله ممن يؤمن بالله واياته ثم يشرك به مخلوقات فی صفاته ويتجاهر بان الخلق شركاؤه فيها مع اختصاص الله تعالیٰ بزيادة وعن امثال هذا يغلب على الظن ان الرسالة ان كان لها اصل فقد حرفتها ايدی الوهابية اذهم المجترؤن بامثال هذا كما اشركوا كل صبی ومجنون وحيوان وبهيمة فی علم الغيب مع رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم ولا اری اصل تلك الشبهة اعنی تشريك الصفة بين الله تعالیٰ وخلقه الا من سلف الوهابية نمرود اذ قال ابراهيم ربی الذی يحی ويميت قال انا احی واميت وثانيا ماذكرت ليست قاعدة غير منخرمة بل يجب اتباع الدليل لا الجمود على صورة التفضيل والا لزمك كذلك اشراك الخلق بالله تعالیٰ فی العظمة والعلو والجلال والكبرياء والحكم وغير ذلك مما اطلق منه افعل على ربنا تبارك وتعالیٰ فنقول الله اكبر واعظم واعلیٰ واجل واحكم مع ان الله تعالیٰ يقول ولا يشرك فی حكمه احدا وقال تعالیٰ فيما يرويه عنه نبيه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم الكبرياء ردائی والعظمة ازاری فمن نازعنی واحدا منهما قذفته فی النار وثالثا حملت الصفات الالهية على المعانی المصدرية وما هی الامن الامور الانتزاعية لحدثة الفانية وصفاته تعالیٰ عن ذلك متعالية وان قال لا فقد قررت النصوص الدينية والايات القرآنية

ہے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لئے روز اول سے روز آخر تک کی تمام گزشتہ و آیندہ باتوں کا علم ثابت کرتے ہیں تو یہ وہابی ان پر شرک و کفر کا حکم لگاتے ہیں اور یہ کہ انھوں نے علم الٰہی سے علم نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو برابر

کی اگر کوئی اصل تھی تو اس کی تحریف کردی وہابیہ کے ہاتھوں نے کیونکہ وہی جرأت کرنے والے ہیں اس جیسی باتوں کی جیساکہ شریک کردیا ہے بچے اور پاگل اور حیوان و بہائم کو علم غیب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں اور میں نہیں دیکھتا اصل اس شبہ کی یعنی شریک کرنا مخلوق کو اللہ کی صفت میں مگر وہابیہ کے اگلے پیشوا نمرود سے جب کہ ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا کہ میرا وہ رب ہے جو زندہ کرتا اور مارتا ہے تو نمرود نے کہا میں (بھی) جلاتا اور مارتا ہوں ثانیا جو رسالہ نے ذکر کیا وہ لوٹنے والا ضابطہ نہیں بلکہ واجب اتباع دلیل ہے نہ کہ تفصیل کی صورت پر جم جانا ورنہ یونہی خدا کا شریک

بنانا ہوگا مخلوق کو عظمت و بلندی و بزرگی و حکم وغیرہ

ان اسمار میں جن کا اطلاق ... ہمارے رب تبارک و تعالیٰ پر ہوا مثلاً ہم ... لئے ... لله اکبر ... اور اجب ... اور جو دیکھا اللہ تعالیٰ فرماتا ہے ولا یشرک فی ... احدا" اور حدیث قدسی میں ہے "الکبریاء ردائی والعظمۃ ازاری الخ" ... رائی میری چادر اور عظمت میرا تہبند ہے تو جو مجھ سے منازعت کرے ان دونوں میں سے ... سی ایک میں اسے میں آگ میں پھینکوں گا ثالثا رسالہ نے محمول کیا صفات الٰہی کو معانی ... مصدریہ پر اور معانی مصدریہ امور اعتباریہ تابع انتزاع منتزع فانی و نوپید ہیں اور ... صفات الٰہی اس سے برتر ہیں اور اگر نا کہے تو بلاشبہ اس نے مقرر کیا یہ کہ نصوص دینیہ ... و آیات قرآنیہ جہاں اللہ تعالیٰ کی حمد علم اور اس کے مثل سے کرتی ہیں تو اس کی تعریف ... صفات کمالیہ الٰہیہ سے نہیں کرتیں یوں ہی ہیں کہ حمد کرتی ہیں کسی مبتذل چیز سے جو حاصل ہے ہر اچھے ... سے شریف کمین مومن کافر کو اس پر کوئی مسلمان جرأت نہ کرے گا بلکہ کہے گا کہ حمد کرتی ہیں ... عظمت والی بلند مرتبہ صفات سے جو اپنی ذات میں برتر ہیں نوپید عوارض اور ان کی نشانیوں ... دوسری مصیبت یہ کہ ارادہ احاطہ سے کبھی راضی نہ ہوا چہ جائیکہ دنیہ کیونکہ دونوں کو ... صفت بنا کر تہم معانی کتاب و سنت میں ساقط الاعتبار کردیا ور دونوں کو ... حقیقت سے خارج کر دینے والا نصوص کا اور کثر نصوص کو ناحق بن توق ٹھہرانے کی جب

عليه عندهم فالزائد لا يساوى الناقص فلم يحكموا بالمساواة
لكنهم يحكمون ÷ فبعلم الله يتهمكون ÷ وبالنقص عليه
يتحكمون ÷ قاتلهم الله انى يؤفكون ÷ نسأل الله النجاة
من الفتون ÷

حيث تحمد الله تعالى بالعلم ونحوه فان تحمده بصفة كمالية لله عزوجل انما تحمده بشئ مبتذل حاصل لكل حسن وقبيح وشريف ووضيع ومؤمن وكافر هذا لا يجترئ به مسلم بل تحمده بصفات جليلة رفيعة فى ذاتها متعالية عن اعراض المحدثات وسماتها

الرزية الثانية حيث لم يرض ارادة الاحاطة ايضا فضلا عن الذاتية جاعلا لهما تفلسفا قطاعن الاعتبار فى فهم معانى الكتاب والسنة مخرجين لها عن ظواهرها مفضيين الى عدم الوثوق بكثير من النصوص موقعين للمسلمين فى حيرة عظيمة ناقضين عرى الدين الوثيقة وقرران ليس المراد فيها الا مطلق الادراك الشامل للخالق والمخلوق فقد ترك الايات تتناقض لما علمت ان القرآن العظيم انى فى علم المغيبات بكلا طرفى النفى والاثبات والمراد عنده فيهما هو مطلق الادراك فترارد النفى والاثبات على معنى واحد وتمكن مخلب التناقض فى ايات الرحمن واى مصيبة اعظم من هذا وكذلك كل من نابذ الحق فان الباطل لا ينصره الا الباطل نسأل الله العافية۔

بلية اخرى امر وادهى وقع فى الرسالة [ص۲۳] المفتراة ان المعلومات كلها بالنسبة اليه تعالى من عالم الشهادة **اقول** هذه زلة شديدة وحقه ان يقول الموجودات كلها لان معلوماته تعالى تعم المعدومات التى لم تكتس الوجود ولا تكتسيه ابدا بل والمحالات باسرها كما نصوا عليه فى كتب العقائد ولو كان المحال من عالم الشهادة

Marfat.com

کر دیا۔ یہ حکم لگانے والے خود ہی خبط و غلطی میں پڑے ہیں اور آپ ہی شرک و کفر کے گڑھے میں گرے ہیں۔ اس لئے کہ جب انھوں نے اس گھڑے ہوئے حد باندھے ہوئے گنتی کے علم کے ثابت کرنے میں علم الٰہی سے مساوات ٹھہرا دی تو وہ گواہی دے چکے کہ اللہ تعالیٰ کا علم بس اسی قدر ہے کہ چھوٹا قلیل تھوڑا کیونکہ علم الٰہی ان کے نزدیک اس مقدار سے زیادہ ہوتا تو زیادہ کم کے کیسے برابر ہوجاتا تو وہ مساوات کا حکم نہ کرتے لیکن وہ اس کا حکم لگا رہے ہیں تو اللہ ہی کے علم سے ٹھٹھا کر رہے ہیں اور زبردستی اسے ناقص بتا رہے ہیں خدا انھیں مارے، کہاں اوندھے جاتے ہیں ہم اللہ سے سوال کرتے ہیں کہ فتنہ سے بچائے۔

جیلانے والا مسلمان کو حیرت عظیمہ میں ڈالنے والا دین کی متحدہ

رسی کو توڑ دینے والا بنایا۔ اور ٹھہرا یا کہ مطلق ادراک ہی آیت میں مراد ہے جو خالق و مخلوق دونوں کو شامل ہے تو اس نے آیاتِ کریمہ کو ایک دوسرے کا نقیض بنا کر چھوڑ دیا کہ تمھیں معلوم ہو چکا ہے کہ قرآن عظیم میں نفی و ثبوت علم غیب دونوں کی آیات موجود ہیں اور اس کے نزدیک مراد مطلق ادراک ہے تو نفی و اثبات دونوں کی آیات کا ایک ہی معنی پر توارد ہوا تو شاہین تناقض کا خونخوار پنجہ آیات رحمٰن پر خوب جم گیا اس سے بڑی کون سی مصیبت ہے اور ہر تارک حق ایسا ہی ہے کہ یقیناً باطل مرد باطل ہی کی کرتا ہے اللہ تعالیٰ ہمیں محفوظ رکھے ایک دوسری نہایت تلخ سخت بلا یہ کہ افترا پرداز رسالہ کے ص۲۳ میں ہے کہ کل معلومات بہ نسبت اللہ عزوجل نا کے عالم شہادت ہیں میں کہتا ہوں یہ شدید لغزش ہے اور حق یہ تھا کہ کل موجودات کہتا کیونکہ معلومات الٰہی ان معدومات کو کہ جنھوں نے جامۂ ہستی نہ پہنا اور نہ کبھی تا ابد پہنیں بلکہ تمام تر محالات کو بھی عام ہیں اس کی تصریح کتب عقائد میں ہے اور محال اگر عالم شہادت سے ہوتا بہ نسبت باری تعالیٰ کے تو ضرور مشہود و شاہد موجود ہوتا اور اس سے زائد بدتر کون سی شناعت ہے کہ اس سے لازم آتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے شریک اور اپنی موت اور اپنے عجز و جہل وغیرہ ذالک کا مشاہدہ فرماتا ہے اور اس کے ما سوا بہت سے

Marfat.com

النظر الثالث

اللهم غفرا نری الظلمات عمت وطمت ؛ وكلمة النكال على كثير من الناس تمت ؛ فيما قررناه ان العلم الذاتی والمطلق المحيط التفصيلی مختص بالله تعالیٰ وما للعباد الا مطلق العطائی وانه حاصل لكل مؤمن فضلا عن الانبياء الكرام ؛ عليهم الصلوٰة والسلام ؛ ... لما صح الايمان ؛ كما مر البيان ؛

بنسبته الیه تعالیٰ لصار شاهدا مشهودا موجودا ای شنعة اشنع من هذا فان فيه انه تعالیٰ يشاهد شريكه ومرتد وعجزه وجهله الی غير ذلك من المصائب تعالیٰ عنها علوا كبيرا وقد نص العلماء ان الرؤية تتوقف على الوجود وان المعدوم غير مرئی لله تعالیٰ وانما اختلفوا انه تعالیٰ هل يری الموجود حين لا يوجد اويری فی الفرض كل ما يخرج الی الابد من العدم مع الاجماع علی ان المحال لاتتعلق به رؤية ذی الجلال كما بيناه فی سبحن السبوح عن عيب كذب مقبوح ۱۳۰۷ فتنبه فتحل هذه الزلات مثل ما حكت الرسالة فی حق بعض الائمة انه قد كان يعتقد بمذهب اهل السنة لكنه سها فی هذه المسالة نسأل الله العفو والعافية ولا حول ولا قوة الا بالله العلی العظيم . منه حفظه ربه تعالیٰ حبره

Marfat.com

نظر سوم

الٰہی تیری ہی بخشش ہم دیکھتے ہیں کہ تاریکیاں چھا گئیں اور حد سے بڑھ گئیں اور بہت سے لوگوں پر گمراہی کا قول پورا ہوا یہ تقریر جو ہم نے بیان کی کہ علم ذاتی اور علم مطلق محیط تفصیلی اللہ تعالیٰ کے ساتھ خاص ہیں اور بندوں کے لئے نہیں مگر مطلق علم عطائی اور یہ ہر مسلمان کو حاصل ہے۔ چہ جائے انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام اس لئے کہ یہ علم نہ ہو تو ایمان ہی ٹھیک نہیں جیسا کہ اوپر بیان گذرا عجب کہ اس تقریر سے کسی وہمی کو وہم گذرے یوں کہ ہم میں اور ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں کوئی فرق نہ رہا پھر اور انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کو کیا ذکر ہے کہ جیسا علم حضور اور دیگر انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کو حاصل ہے ویسا ہم کو بھی حاصل ہوا اور جس قسم کا ہم کو نہیں ان کو بھی نہیں تو ہم برابر ہو لئے اور یہ اگرچہ ایسی بات ہے کہ عام درکنار کسی عاقل کے کبھی کہنے کی نہیں مگر وہمیہ سے دور

مصائب میں جن سے اللہ تعالیٰ بندوں کو بلاتا ہے اور رویت سے مراد علم ہے اور علمائے کرام نے تصریح فرمائی کہ رویت وجود پر موقوف ہے اور معدوم اللہ تعالیٰ کے لئے مرئی نہیں اور اختلاف صرف اس میں ہے کہ بلاشبہ اللہ تعالیٰ موجود کو بوقت وجود دیکھتا ہے یا ازل ہی میں اس چیز کو جو ہستی میں آئے گی دیکھتا ہے لہذا اس پر اتفاق ہے کہ محال سے متعلق نہیں ہوگی رویت نہ وجدان ممکن ہے۔ رسالہ سبحان السبوح عن عیب کذب مقبوح میں خوب روشن طور پر بیان کر دیا ہے تو آگاہ رہو۔ تو ثابت ہوا یہ خرافات اس جیسی ہیں جس کی رسالہ نے بعض ائمہ کے بارے میں صراحت میں حکایت کی کہ وہ شیعہ مذہب سنی تھے لیکن اس مسئلہ میں سہو ہو گیا۔ اللہ تعالیٰ سے ہم خواہان عفو و عافیت ہیں۔ ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم۔

۱۔ منح الروض صہ

۲۔ ترجمہ مصنف ... ص

Marfat.com

عسى ان يتوهم متوهم ان لم يبق اذن فرق بيننا وبين نبينا صلى الله تعالیٰ علیه وسلم فما ظنك بسائر الانبياء عليهم الصلوٰة والسلام فان الذى حصل له ولهم قد حصل لنا وما هو منتف عنا فهو منتف عنهم ايضا فقد استوينا وهذا وان كان لا يصدر عن عاقل ؛ فضلا عن فاضل ؛ عن الوهابية غير بعيد ذلك بانهم قوم لا يعقلون وليس منهم رجل رشيد ؛ مالى اقدر وقد وقع اما سمعت ذلك المتقشف المتصلف ؛ المتشيخ المتصوف ؛ المنصور المتكبر ؛ منهم فى زماننا من الهنود ؛ الطغام العنود ؛ صنف رُسيّلة لا تبلغ اربعة اوراق ؛ تكاد تتفطر منها السبع الطباق ؛ سماها حفظ الايمان ؛ وما هى الا خفض الايمان صرح فيها بهذا القول ؛ ولم يخش وبال يوم الاول ؛ اذ قال ما ترجمته ان صح الحكم على ذات النبى المقدسة بعلم المغيبات كما يقول به زيد فالمسئول عنه انه ماذا اراد بهذا البعض الغيوب ام كلها فان اراد البعض فاي خصوصية فيه لحضرة الرسالة فان مثل هذا العلم بالغيب حاصل لزيد وعمرو بل لكل صبى ومجنون بل لجميع الحيوانات والبهائم وان اراد الكل بحيث لا يشذ منه فرد فبطلانه ثابت نقلا وعقلا ام ولم يدر العبد العنيد ان مطلق العلم العطائى بالمغيبات خاص اصالة بحضرات الانبياء الكرام عليهم افضل الصلوٰة والسلام لقول ربهم جل وعلا علم الغيب فلا يظهر على غيبه احدا الا من ارتضىٰ من رسول وقوله عز مجده وما كان الله ليطلعكم على الغيب

Marfat.com

نہیں یہ اس لئے کہ وہ ایک بے عقل قوم ہے اور ان میں کوئی شخص راہ پر نہیں
مجھے کیا ہوا کہ فرض کرتا ہوں حالانکہ واقع ہو لیا کیا تم نے نہ سنا کہ آج کل وہابیوں
میں کا وہ کھرکھراڈھیٹ شیخ وصوفی بننے والا اونچے بیٹھنے کا مدعی مغرور۔
جو کینے ہٹ دھرم ہندیوں میں سے ہے اس نے ایک رسلیا تصنیف کی جو چار
ورق کی بھی نہیں۔ جس سے قریب ہے کہ ساتوں آسمان پھٹ پڑیں اس نے
اس کا نام حفظ الایمان رکھا اور وہ نہیں مگر خفض الایمان (یعنی ایمان کی پست
خوار کرنے والی) اس میں اس قول کی تصریح کر دی اور روز قیامت کے وبال
سے نہ ڈرا اس کی عبارت یہ ہے:۔ "پھر یہ کہ آپ کی ذات مقدسہ پر علم
غیب کا حکم کیا جانا اگر بقول زید صحیح ہو تو دریافت طلب یہ امر ہے کہ اس غیب
سے مراد بعض غیب ہے یا کل غیب اگر بعض علوم غیبیہ مراد ہیں تو اس میں حضور ہی
کی کیا تخصیص ہے ایسا علم غیب تو زید و عمر بلکہ ہر صبی و مجنون بلکہ جمیع حیوانات و بہائم
کے لئے بھی حاصل ہے .... اور اگر تمام علوم غیب مراد ہیں اس طرح کہ اس کی ایک
فرد بھی خارج نہیں تو اس کا بطلان دلیل عقلی و نقلی سے ثابت ہے اھ"

اور ہٹ دھرم مردود نے نہ جانا کہ غیبوں کا مطلق علم عطائی اصالۃ
انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کے ساتھ خاص ہے ان کے رب جل علا کے اس
قول سے کہ "اللہ غیب کا جاننے والا ہے تو اپنے غیب پر مطلع نہیں کرتا۔ مگر اپنے پسندیدہ
رسولوں کو" اور اس کے اس ارشاد سے کہ "خدا اس لئے نہیں کہ تم کو اپنے غیب
پر مطلع کر دے، ہاں اللہ اپنے رسولوں میں سے جس کو چاہے چن لیتا ہے" تو ان کے
غیر کو جو علم حاصل ہوگا وہ انہیں کے فیض و مدد اور فائدہ عطا فرمانے اور راہ
دکھانے سے ملے گا تو برابری کیسی۔ علاوہ بریں علوم انبیاء میں سے ان کے غیر نہیں جانتے
مگر تھوڑا قلیل کہ انبیاء کے علوم غیب کے جو سمندر چھلک رہے ہیں ان کے سامنے

Marfat.com

ولكن الله يجتبى من رسله من يشاء فما يحصل لغيرهم
انما يحصل بافاضتهم وامدادهم ؛ وافادتهم وارشادهم ؛
فانى التساوى على ان غيرهم لا يعلم من علومهم الانزرا يسيرا
لا يعد شيأ بجنب مالهم من بحار متدفقة من العلوم
الغيبية فانهم عليهم الصلاة والسلام يعلمون بل يرون و
يشاهدون جميع ما كان وما يكون من اول يوم الى اليوم
الاخر قال الله تعالىٰ وكذلك نرى ابراهيم ملكوت السمٰوات
والارض وللطبرانى فى كبيره ونعيم ابن حماد فى كتاب الفتن
والى نعيم فى الحلية عن عبد الله بن عمر الفاروق رضى الله تعالىٰ
عنهما عن النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قال ان الله قد رفع
لى الدنيا فانا انظر اليها والى ما هو كائن فيها الى يوم القيٰمة كانما
انظر الى كفى هذه جليا نا من الله تعالىٰ جلاه لنبيه كما جلاه
للنبيين من قبله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم وعليهم اجمعين
فالبعيد شقق بين الكل والبعض واذ قد انتفى الاول وزى
الثانى شاملا للكل حكم باستواء علوم رسول الله صلى الله تعالىٰ
عليه وسلم الذى وسع العٰلمين علما وحلما وعلمه الله مالم يكن
يعلم وكان فضل الله عليه عظيما فعلم علوم الاولين والاٰخرين
وعلم ما كان وما يكون وعلم ما فى السمٰوات والارض وعلم ما بين
الشرق والغرب وتجلّى له كل شئ وعرف ونزل عليه القرآن
تبيانا لكل شئ وفصّل الله له كل شئ تفصيلا مع علم زيد
وعمرو بل كل صبى ومجنون بل كل حيوان وبهيمة ولم يدر

Marfat.com

کسی لئی شمار میں نہیں اس لئے کہ انبیا علیہم الصلاۃ والسلام روز ازل سے روز آخر تک کے تمام ماکان و مایکون کو جانتے بلکہ دیکھ رہے اور مشاہدہ فرما رہے ہیں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اور اسی طرح دکھاتے ہیں ہم ابراہیم کو ساری سلطنت آسمانوں اور زمین کی۔ طبرانی نے معجم کبیر اور نعیم بن حماد نے کتاب الفتن اور ابو نعیم نے حلیۃ الاولیاء میں عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا بے شک یقیناً اللہ تعالیٰ نے میرے سامنے دنیا اٹھالی تو میں اسے اور اس میں قیامت تک جو کچھ ہونے والا ہے سب کو اس طرح دیکھ رہا ہوں جیسے اپنی اس ہتھیلی کو یہ ایک روشنی ہے اللہ کی طرف سے جو اللہ نے اپنے نبی کے لئے چمکائی۔ جس طرح اگلے انبیاء کے لئے چمکائی تھی۔

تو مردود نے کل اور بعض دو شقیں رکھیں اور جب کہ پہلی شق موجود نہیں اور ان سے دوسری شق کسب کے لئے شامل خیال کیا تو حکم لگادیا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جن کا علم و حلم سارے جہان کو وسیع ہے اور اللہ نے انھیں سکھادیا جو کچھ وہ نہ جانتے تھے اور اللہ کا فضل ان پر بہت بڑا ہے تو انھوں نے سب اگلوں پچھلوں کا علم جان لیا اور جو کچھ ہوگذرا ہے اور آنے والا ہے سب ان کے علم میں آگیا۔ اور جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے سب انھیں معلوم ہوگیا اور مشرق سے مغرب تک جو کچھ ہے سب سے خبردار ہوگئے اور ہر چیز ان پر روشن ہوگئی۔ اور انھوں نے پہچان لی اور ان پر قرآن اترا ہر چیز کا روشن بیان اور اللہ تعالےٰ نے ان کے لئے ہر چیز خوب مفصل بیان فرمادی۔ مردود نے ان کو زید و عمر بلکہ ہر بچہ اور پاگل بلکہ ہر جانور اور چوپایہ کے علم سے برابر کردیا اور بدبخت نے نہ جانا کہ بعض میں تو بڑی چوڑی وسعت ہے جو ایک چھوٹی سی بوند کی خوار بے مقدار سے لے کر لاکھوں کروروں چھلکتے سمندروں تک کو شامل ہے۔ جن کا گہراؤ نہ جانا

الشق ان البعض له عرض عريض شامل من قطيرة صغيرة ضئيلة ذليلة الى الوف الوف بحار زواخر لايدرى قعرها ولا لها حد ولا انتهاء وما الكل الا من علومه تعالى لايحيطون بشئ من علمه الا بما شاء فان كان مجرد صدق لفظ البعض كانيافى التساوى والتماثل ونفى الخصوصية كما زعم الطريد البعيد فليحكم بتساوى قدرة الله تعالى لقدرة[1] زيد وعمرو بل كل صبى ومجنون بل كل حيوان وبهيمة فان الحيوانات جميعاً تقدر على

---

[1] نحن معشر اهل السنة والجماعة نثبت القدرة الحادثه بعطاء المولى سبحنه وتعالى وان كانت كاسبة لاخالقة ونفيها مطلقا انما هو مذهب جهم بن صفوان الضال كما فى المواقف وشرحه وقد قال تعالى ﴿وغدوا على حرد قادرين﴾ اى اصبحوا جميعين على المنع مع كونهم قادرين على النفع قال العلامة ابو السعود فى تفسيره ارشاد العقل السليم المعنى انهم ارادوا ان ينكدوا على المساكين بحرمهم وهم قادرون على نفعهم الخ وقال تعالى ﴿لئلا يعلم اهل الكتاب الا يقدرون على شئ من فضل الله﴾ قال فى التفسير الكبير القول الثانى ان لفظة لا غير زائدة فالضمير فى الا يقدرون الى الرسول صلے الله تعالى عليه وسلم واصحابه والتقدير لئلا يعلم اهل الكتاب ان النبى والمومنين لايقدرون على شئ من فضل الله واذا لم يعلموا انهم لا يقدرون فقد علموا انهم يقدرون عليه واعلم ان هذا القول اولى اھ مختصرا فان قيل ان القدرة الالهية ازلية ابدية واجبة مؤثرة ولا كذلك قدرة العبد قلت هذه امور غير الكلية والبعضية وانما الكلام فيهما فالبعيد هل يعتقد لعلم محمد صلے الله عليه وسلم مزية ما على علم المجنون والبهيمة فى صفات وكيفيات ؛ واحاطة وانادات ؛ وجلالة وتمم وجزالة نفع واولية فى الايجاد ؛ وتوسط فى الامداد ؛ الى غير ذلك من فروق عظيمة جسيمة ؛ كبيرة

Marfat.com

جائے اور نہ ان کا کوئی کنارہ نہ انتہا تو یہ سب کا سب نہیں مگر اللہ کے علموں میں سے بعض اور وہ اس کے علموں سے احاطہ نہیں کرتے مگر جتنا وہ چاہے تو اگر فقط لفظ بعض کا صادق آنا برابری اور مماثلت اور نفی خصوصیت کے لئے کافی ہو جیسا اس مردود مطرود نے گمان کیا تو یہ بھی حکم لگا دے کہ اللہ تعالیٰ کی قدرت زید وعمر بلکہ ہر بچہ و پاگل بلکہ ہر جانور اور چوپایہ کی قدرت کے برابر ہے

ـــــــــــــــــــــــــــــ

لے ہم گروہ اہل سنت خدا کی دین سے تو بیدا قدرت ثابت کرتے ہیں۔ اگرچہ وہ کام کرنے والی ہے نہ پیدا کرنے والی اور اس کی بالکل نفی جہم بن صفوان گمراہ کا مذہب ہے جیسا کہ مواقف اور اس کی شرح میں ہے اور بلا شبہہ اللہ تعالیٰ نے ارشاد کیا "وغدوا علی حرد قادرین" یعنی انھوں نے سویرے کو دینے کی ٹھان لی باوجودیکہ انھیں دینے اور نفع پہنچانے کی قدرت تھی علامہ ابو السعود نے اپنی تفسیر ارشاد العقل السلیم میں کہا کہ معنی یہ ہیں کہ انھوں نے چاہا کہ سختی کریں مساکین پر اور انھیں محروم کر دیں، حالانکہ وہ انھیں نفع پہنچانے پر قادر تھے اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا، "تاکہ نہ جانیں اہل کتاب نبی اور ان کے صحابہ کو کسی شے پر قدرت نہیں اللہ کے فضل سے"۔ تفسیر کبیر میں کہا کہ دوسرا قول یہ ہے کہ لازائد نہیں تو ضمیر الا یقدرون جانب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور ان کے اصحاب کے ہے اور تقدیر اس طرح ہے "تاکہ نہ جانیں اہل کتاب کہ نبی اور مسلمان قدرت نہیں رکھتے کسی چیز پر فضل الٰہی سے اور انھوں نے جب ان کا قادر ہونا نہ جانا تو ان کا قادر ہونا جانا او جان لو کہ یہی قول بہتر ہے اھ بطور اختصار اگر کہا جائے کہ قدرت الٰہیہ ازلی ابدی واجب اور تاثیر والی ہے اور عبد کی قدرت ایسی نہیں تو میں کہوں گا یہ امور کلیت وجزئیت کے ماسوا ہیں اور کلام انھیں میں ہے تو کیا وہ ذلکار معتقد ہے محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے علم کی کچھ بھی زیادتی کا علم مجنون اور چوپائے پر صفات و کیفیات میں محیط و مفید ہونے میں جلالت و وسعت کثرت منفعت میں ابتدا و ایجاد وسیلہ وامداد میں اور ان کے سوا بڑے بڑے عظیم۔ بہت بہت بزرگ و جسیم امتیازات جلیلہ سوا اس بعضیت کے کہ مشترک نزد مردود مطرود ہیں یا نہیں۔ بلکہ ان کے علم کو اصلاً کوئی فضل کسی طرح پاگلوں اور چوپاؤں کے علم پر نہیں۔ دوسری شق پر اس کا کفر خوب کھل کر ظاہر ہو گیا کہ وہ ذلکار ہوا مردود خود اپنے لئے اس کا مقر ہے کہ اس کے علم کے لئے فضیلتیں ہیں۔ گدھے بیل اور کتے سوءر کے علم پر اور پہلی شق پر اس نے خصوصیت کی نفی اور مماثلت کے حکم کی بنا صرف بعضیت میں شرکت پر رکھی باوجود اسی یقین کے کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے علوم کے لئے ان کے علم پر

مطلب: بندہ کی قدرت

Marfat.com

بعض الافعال والحرکات وان لم تکن قدرتها موثرة

جلیلة ؛ کثیرة جزیلة ؛ سوی البعضیة المشترکة عنده ام لا بل علمه لا یفضل عنده اه الا فی شئ ما علی علم المجانین والبهائم علی الثانی ظهر کفره ظهورا بیّنا فان الطرید البعید یعترف لنفسه ایضا ان لعلمه مزایا علی علم الثور والحمیر والکلب والخنزیر وعلی الاول اذ قد بنی نفی الخصوصیة والحکم بالتماثل علی مجرد الاشتراک فی البعضیة مع اذعانه ان لعلومه صلی اللہ تعالی علیه وسلم مزایا علی علم هؤلاء من جهات اخری لاتحاط کثرة فانتقض بالقدرة الالهیة

تام ولا یجدی ذکر الفروق بتلک المزایا

الخارجة عن الکلیة والبعضیة فاعرف وافهم واللہ سبحانه وتعالی اعلم ۱۲ منه حفظه ربه من نبیه۔

ے ای فی الخلق ولا یجاد باجماع اهل السنة والجماعة ؛ حفظهم اللہ تعالی عن کل شناعة ؛ واختلفوا انها هل لها اثر ما فی شئ زائد علی الوجود کنسب واضافات واعتبارات یسمیها البعض حالا والباقون لاینکرون ان هناک امورا اعتباریة لها قسط من الواقعیة لیست مجرد اختراع وهم کانیاب اغوال وان نازعوا فی القول بالاحوال واثبات واسطة بین الوجود والعدم فالخلف لفظی کما صرح به المحققون فجمهور الاشاعرة نفوه مطلقا وما عندهم من الفعل للقدرة الحادثة الا معیة وللعبد منه الا محلیة والحنفیة حسبوه لا یکفی لنفی الجبر فاثبتوا لها تاثیرا فی القصد وهو امر اضافی قطعا لیس من الموجود عینا فلا یکون استناده خلقا وتکوینا فانه افاضة الوجود لا افاضة موجود ولا عبرة بقدم زلت وتاثیرها فی الاضافات قد ارتضاه بعض کبراء الاشعریة ایضا کامام السنة القاضی ابی بکر الباقلانی ولا اعلم علی خلافه نصا ولا اجماعا وقد بینت کل ذلک فی رسالتی تجبیر الجبر بقصم الجبر ۱۳۲۹ واما انا فلست ممن یخوض فی هذا وانما ایمانی وللہ الحمد ما ثبت بالقرآن ؛ واجمع علیه الفریقان ؛ وشهدت به البداهة وادی الیه البرهان ؛ ان لا جبر ولا تفویض ولکن امر بین امرین والفرق بین حرکتی البطشة والرعشة والصعود والهبوط ؛

Marfat.com

کہ تمام حیوانات کسی نہ کسی فعل وحرکت پر قدرت رکھتے ہیں اگرچہ ان کی قدرت پیدا کرنے والی[1] نہیں۔ تو بعض صادق آیا اور اللہ تعالیٰ اس سے برتر نہ بنی

دوسری جہات سے بکثرت بے حد فضیلتیں ہیں تو قدرت الٰہی سے نقص پورا ہے اور بیان کرنا فرقوں کا ان زیادتیوں سے جو کلیت وجعیت سے خارج ہیں کچھ نفع بخش نہیں تو جان لو سمجھ لو واللہ تعالیٰ اعلم ۱۲ منہ غفرلہ مدینہ

[1] یعنی پیدا کرنے اور عدم سے وجود میں لانے میں باتفاق اہل سنت وجماعت (اللہ انھیں تہمت سے محفوظ رکھے) اور خلاف اس میں ہے کہ کیا اس کا کچھ بھی اثر کسی شے زائد علی الوجود میں ہے۔ مثل نسبت واضافت واعتبارات بعض اس کا حال نام رکھتے ہیں اور باقی اس کے منکر نہیں کہ امور اعتباریہ میں جن کے لیے واقعیت کا ایک حصہ ہے محض وہمی اختراع نہیں محض دندان غول بیابانی کی طرح اور اگر انھیں تو لی احوال اور وجود وعدم میں واسطہ ثابت کرنے میں نزاع ہے تو خلاف لفظی ہے جیسا کہ محققین نے اس کی تصریح کی تو جمہور اشاعرہ نے اس کو مصدّق نہ مانا اور ان کے نزدیک نہیں ہے فعل سے قدرت حادثہ کے لیے مگر معیت اور بندہ کے لیے نہیں مگر محبت نو اور احناف نے خیال کیا کہ یہ کافی نہیں انکار جبر کے لیے تو انھوں نے ثابت کی اس کے لیے تاثیر قصد میں اور قصد یقیناً امر اضافی ہے موجود عینی نہیں تو اس کی جانب استناد تخلیق و تکوین نہیں کہ وہ وجود کا افاضہ نہ موجود کا افاضہ اور لغزش قدم کا کچھ اعتبار نہیں اور اس کی تاثیر اضافتوں میں اسے بعض اکابر اشاعرہ نے بھی پسند کیا جیسے امام ہمشند مدرقاضی ابوبکر باقلانی اور اس کے خلاف میرے علم میں نہ کوئی نص نہ اجماع اور میں نے یہ سب بیان کیا ہے اپنے رسالہ "تجیر الجبر بتصم الجبر"[29] میں لیکن ہم ان میں سے نہیں جو اس مرتبہ کریں اور اللہ کے لیے حمد ہے کہ میرا وہی ایمان ہے جو قرآن سے ثابت ہوا اور جس پر دونوں فریق نے اجماع کیا اور ہدایت عقل نے اس پر گواہی دی اور دلیل قطعی اس حرف سے چلی کہ نہ مجبوری ہے نہ سپردگی، لیکن کام دونوں کے بین بین ہے

اور گرفت اور رعشہ چڑھنے اترنے اور کودنے کر پڑنے کی حرکتوں میں فرق کا شاہد ہے ضمیر انسان ناواقف نہیں اس سے کوئی بچہ نہ حیوان اور بندہ کے لیے آفرینش میں بالکل کوئی حصہ نہیں جو کچھ اپنے میں قدرت وارادہ واختیار محسوس کرتا ہے وہ اللہ تعالیٰ کے ہی بنائے سے ہے نہیں ان کے لیے کوئی اختیار نہ قدرت یا ارادہ جوان کا اپنا ہو اور تم کیا جاموم

Marfat.com

فصدق البعض واللّٰہ تعالی متعال عن القدرة علی نفسہ الکریمۃ

بالوثوب والسقوط: مما یشہد بہ الوجدان
ولا یجہلہ صبی ولا حیوان: ولیس للعبد من الخلق شیٔ جملۃ واحدۃ وما
یحس فی نفسہ من قدرۃ وارادۃ واختیار فانما خلقہا اللّٰہ تعالی فیہ ماکان
لہم الخیرۃ ولا قدرۃ اوارادۃ لیستبدون بہا وما تشاؤن الا ان یشاء اللّٰہ
ما شاء اللّٰہ کان ولو اجتمع علی دفعہ العلمون: ومالم یشاء لم یکن ولو اجتھد
لایقاعہ الاولون والاخرون: واللّٰہ خلقکم وما تعملون: یثیب من
شاء والثواب فضلہ: و یعذب من شاء والعذاب عدلہ: وما ظلمہم اللّٰہ
ولکن کانوا ہم الظالمون: جزاء بما کانو یکسبون: فالتکلیف حق والجزاء
حق والحکم عدل والاعتراض کفر والاستبداد ضلال والتحجر جنون
والجنون فنون: ولا حجۃ لاحد علی اللّٰہ مہما فعل و للّٰہ الحجۃ البالغۃ
لا یسئل عما یفعل وہم یسألون: فہذا ایماننا ولا نزید علیہ وان سئلنا
عما وراءہ قلنا لا ندری ولا کلفنا بہ ولا نخوض بحرا لا نقدر علی سباحتہ:
نسأل اللّٰہ الثبات علی دین الحق وسذاجتہ: والحمد للّٰہ
رب العلمین

ام منہ حفظہ ربہ

حـــد ســـر ہ

ذات کریم اور صفات قدیم پر قدرت رکھے ورنہ تحت قدرت ہوگا تو ممکن، ہو جائے گا تو خدا نہ ہوگا اور اس کی صفتیں مخلوق و نوپیدا ٹھہریں گی۔ اس لئے کہ جو قدرت سے موجود ہوا۔ وہ پیدا کرنے سے موجود ہوتا ہے اور جو پیدا کرنے سے موجود ہوتا ہے وہ پہلے ناپید ہوتا ہے تو یہاں بھی بعض کا لفظ صادق آیا کہ تمام اشیاء کا احاطہ یہاں بھی نہیں تو برابری اور ساری برائیاں لازم آگئیں اور میں تجھے ایک مثال بیان کروں۔ ایک بادشاہ جبار تمام و کمال دنیا کا مالک ہوا اور ہر چھوٹا بڑا خزانہ سب اسی کے ملک میں تھا اور اس کے کچھ نواب سردار تھے۔ جنھیں ایک ایک ضلع کے خزانے پر اس نے مسلط کیا تاکہ محتاجوں کی اعانت کریں اور مسکینوں کو خیرات دیں اور سب پر ایک نائب اعظم کو سردار کیا

وہ اللہ چاہے اور وہی ہوا جو اللہ نے چاہا اگرچہ اس کے دفع پر ایکا کرے سارا جہاں اور جو وہ نہ چاہے نہ ہو اگرچہ اس کے ہونے کی بلیغ کوشش کریں سارے اگلے جن و انسان اللہ ہی نے تمھیں پیدا کیا۔ اور جو کچھ تم کرتے ہو اسی نے خلق فرمایا۔ ثواب دیتا ہے جسے چاہے اور ثواب اس کا فضل ہے اور عذاب دیتا ہے جسے چاہے اور عذاب اس کا عدل ہے اور نہ تھا اللہ کہ ان پر ظلم فرماتا لیکن وہ خود آپ ہی ظالم ہیں بدلہ اس کا جو وہ کمایا کرتے۔ تو تکلیف حق ہے اور جزا و سزا حق اور حکم انصاف اور اعتراض اسلام کے خلاف کفر و اشکاف اور استقلال ماننا گمراہی اور مجبور جاننا پاگل پن اور جنون کی بہت قسمیں بہت سے فن۔ اور کسی کے لئے کوئی حجت اللہ پر نہیں کہ کیا کیا اور اللہ ہی کے لئے حجت ابالغہ اس سے کوئی کام نہیں پوچھا جائے گا کہ کیا کیا اور بندوں ہی سے پوچھ ہوگی یہ ہے ہمارا ایمان اور اس پر ہم کچھ زیادہ نہ کریں گے اور جو ہم سے پوچھا جائے گا اس کے ماسوا تو ہم کہدیں گے کہ ہم نہیں جانتے نہ ہم کو اس کی تکلیف دی گئی۔ نہ ہم گھسیں ایسے سمندر میں جس میں تیرنے کی ہم میں قدرت نہیں اور ہم اللہ سے سوال کرتے ہیں ٹھکِ حق پر ثابت قدم رکھنے کا۔ والحمد للہ رب العالمین ۱۲ منہ غفرلہ جدیدہ۔

Marfat.com

وصفاته القديمة والا لكان مقدوراً فكان ممكناً فلم يكن الٰها وكانت صفاته مخلوقات حوادث اذ كل موجود بالقدرة موجود بالخلق وكل موجود بالخلق مسبوق بالعدم فصدق ههنا ايضا لفظ البعض لانتفاء الاحاطة بجميع الاشياء فلزم التساوی ۞ مع جميع المساوی وسأضرب لك مثلا ملك جبار ملك الدنيا بحذافيرها ۞ وملك الخزائن بنقيرها وقطميرها ۞ وله نواب وامراء سلطهم على خزائن قطر قطر ليعينوا المحتاجين ۞ ويتصدقوا على المساكين ۞ وامّر عليهم جميعا خليفة اعظم ۞ ليس فوقه الا الملك الاكرم فجعل خزائنه جميعا طوع يديه ۞ وامر الكل مفوضا اليه ۞ الا خاصة نفسه فهو يقسم على النواب والامراء ۞ وهم على من تحتهم درجة فدرجة حتى تصل القسمة الى الفقراء فيصيب كلا نصيبه ۞ وفيهم شقی طريد خبيث بعيد ۞ ينازع الملك ونوابه فلا يذعن لهم ولا يحظمهم ۞ ولا يرى فضلا عليه لهم ۞ وما عنده قوت يومه فقير بائس مسكين مفلس ۞ لم يصل اليه من قسمة الامراء الا فلس واحد ۞ مطموس كاسد ۞ وهو يقول انا والخليفة الاكبر كلانا سواء فی المال والملك لانه ان اريد ملك الكل فليس للخليفة ايضا وان اريد ملك البعض فای خصوصية فيه للخليفة فانی ايضا املك البعض اليس فی ملكی هذا الفلس الا سود الكاسد فهذا الشقی الكفور ۞ العائل المتكبر المغرور لا شكر عطاء الخليفة ولا عظم منصب الخلافة ولا فرق بين الفلس الكاسد والخزائن العامرة المالئة وجه الارض من الشرق والغرب بل ولا قدر الملك الجبار حق قدره ۞ واستخف بعظيم شان

جس سے اوپر سب سے زیادہ عزت والے بادشاہ کے سوا کوئی نہیں تو بادشاہ نے اپنے تمام خزانے اس کے ہاتھ اختیار میں دیدیئے اور خاص اپنی ذات کے سوا سب کے معاملات اسے سپرد کردیئے تو وہ نائب اعظم سب نوابوں اور ہزاروں پر تقسیم کرتا ہے اور وہ درجہ بدرجہ اپنے ماتحتوں پر بانٹتے ہیں یہاں تک کہ وہ تقسیم فقیروں تک پہنچتی ہے تو ہر ایک کو اس کا نصیب ملتا ہے اور ان محتاجوں میں ایک بدبخت مطرود گندہ مردود ہے جو بادشاہ اور اس کے نوابوں سے جھگڑتا ہے نہ توان کی عقیدت رکھے اور نہ ان کی تعظیم کرے نہ انھیں اپنے سے کچھ بڑھ کر سمجھے اور وہ نان شبینہ کا محتاج ہے، فقیر آفت زدہ مسکین مفلس اسے امیروں کی تقسیم سے صرف ایک پیسہ پہنچا مات کھوٹا اور وہ کہتا ہے کہ میں اور نائب اعظم دونوں مال و ملک میں برابر ہیں اس لئے اگر تمام موال کی ملک مراد لی جائے تو وہ خلیفہ کو بھی حاصل نہیں اور اگر بعض کی ملک مراد ہے تو اس میں خلیفہ کی خصوصیت کیا ہے کہ بعض کا میں بھی مالک ہوں کیا یہ کالا کھوٹا پیسہ میری ملک میں نہیں تو اس بدبخت بڑے ناشکرے محتاج مغرور بہ کنے والے نے نہ تو عطا کے خلیفہ کا حق ... اور نہ منصب خلافت کی تعظیم کی اور ایک کھوٹے پیسے اور معمور خزانوں میں جو شرق سے غرب تک زمین کو بھرے ہوئے ہیں کچھ فرق ... بادشاہ جبار ہی کی ... جیسی چاہیے ... اور اس کی خلافت ... تو بڑے ... عذاب اور سخت مار ... بادشاہ تو اللہ عزوجل ہے اور اس کے خلیفۂ اعظم محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ... اولیاء علیہم الصلاۃ والسلام اور ... فقیر ہیں ان سے بھیک مانگنے والے اور وہ گالی دینے والا مردود وہ کنگال ہے راندہ گیا ... اللہ سے عفو و عافیت مانگتے ہیں۔ ولاحول ولاقوۃ الا باللہ العلی العظیم۔

اے مسلمان اللہ تیری حمایت کرے کیا تجھے یہ ... دلیل مبینہ اس بڑے

خلافته ورة ؛ فاستحق العذاب الوبيل والعقاب الشديد
والنكال المديد ؛ فالملك هو الله سبحٰنه وتعالىٰ وخليفته
الاكبر محمد صلّے الله تعالیٰ علیه وسلم والنواب والامراء الانبياء
والاولياء عليهم الصلاة والسلام ونحن الفقراء المتكففون منهم
وآلساب البعيد ؛ هو ذلك العائل الطريد ؛ العنود اللدود
المريد ؛ نسأل الله العفو والعافية ولاحول ولاقوة الابالله
العلى العظيم يا مسلم رحمك الله أتظن ان الاخرا للئيم جاهل
ذلك الفرق العظيم حاش لله بل دار به ولا نكار فضل رسول الله
صلّى الله تعالیٰ علیه وسلم دارئ له فان شئت ان ترى حقيقة
ذلك فأته وخاطبه بقولك يامساوى الكلب والخنزير ؛
فى العلم والتوقير ؛ ستراه يحترق غيظا ؛ ويكاد يموت
غنظا ؛ فسله هل احطت بكل شئ علما كمثل الله سبحانه
وتعالىٰ فان قال نعم فقد كفروان قال لا
فقل له اى خصوصية لك فى العلم فان العلم ببعض الاشياء
حاصل لك ولكل كلب خنزير ؛ فما لك تسمى عالما دون نظرائك
الكلاب والخنازير ؛ وهكذا الحال التوقير ؛ فليس لك كل الوقار
ولم تخل الكلاب والخنازير عن بعضه لان الكفار اذلّ واوضع
قدرا منهما قال تعالیٰ اولئك هم شر البرية فعند ذلك يؤمن
بالفرق بين القليل والكثير فضلا عن فرق الامالة والتطفل
والعطاء والتكفف فان الكلب لم يتعلم منه والخنزير لم يتطفل ،

Marfat.com

فرق کو جانتا نہیں حاشَ للہ بلکہ خوب جانتا ہے اور نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی فضیلت سے انکار کرنے کے لئے اسے دفع کر رہا ہے اگر تو اس کی حقیقت دیکھنا چاہے تو اس کے پاس جا اور اس سے یوں خطاب کر کہ اے علم و حکمت میں کتے اور سور کے برابر ابھی تو اسے دیکھ لے گا کہ غیظ میں جل جائے گا۔ اور غصہ میں مرنے کے قریب ہو جائے گا تو اب اس سے پوچھ کیا تیرا علم اللہ تعالیٰ کی طرح ہر شے کو محیط ہے اگر کہے ہاں جب تو آپ ہی کافر ہے اور اگر کہے نہیں تو اس سے کہہ کہ علم میں تیری خصوصیت کیا ہے؟ کہ بعض کا علم تو ہر کتے اور سور کو حاصل ہے تو کیا سبب کہ تجھے عالم کہا جاتا ہے نہ تیرے ان مانندوں کتوں اور سوروں کو اور عزت کا بھی یہی حال ہے کہ جمیع عزت تو تیرے لئے ہے نہیں اور کتے اور سور بھی اس کے بعض سے خالی نہیں اس لئے کہ کافران سے زیادہ ذلیل و خوار تر ہیں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ وہ سارے جہان سے بدتر ہیں اس وقت کم و بیش کے ایمان پر فرق لائے گا۔ چہ جائے اصلی اور طفیلی اور بخشنے اور بھیک مانگنے کا فرق اس لئے کہ کتے نے اس سے علم حاصل نہ کیا اور سور اس کا طفیلی نہیں بخلاف تمام جہان کے علم والوں کے کہ ان کو جو کچھ ملا ہے محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

ؔ امام عبدالوہاب کی یواقیت والجواہر فی العقائد الاکابر کے مبحث ۳۳ میں ہے اگر تم نے کہا کیا کوئی وہاں ایسا بشر ہے جو بلا واسطہ محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم دنیا میں کچھ علم پائے تو جواب وہ ہے کہ فرمایا شیخ نے باب ۱۹۱ میں کوئی نہیں کہ دنیا میں کچھ علم حاصل کرے اور وہ محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی روحانیت سے نہ ہو خواہ انبیا، یا علما ان کی بعثت سے اگلے یا پچھلے اھ

میں کہوں گا سوال کے قول میں البشر اور فی الدنیا کا مفہوم مخالف نہیں کیونکہ وہ محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سب سے بڑے نائب خدا اور علی الاطلاق ہر شے کے بانٹنے والے ہیں۔ تو نہیں ملتی ساری کائنات میں سے کسی کو کوئی دنیا و آخرت کی نعمت، مگر ان کے دستِ مبارک سے صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جیسے کہ اس کی تصریح فرمائی اکابر نے اور ہم نے ان کی وہ سب تصریحات اپنی کتاب سلطنۃ المصطفیٰ فی ملکوت کل الوریٰ میں نقل کیں ۱۲ منہ غفرلہ جدیدہ

Marfat.com

علیه بخلاف علماء العالم فانما وصل الیهم ما وصل من العلوم بامداد محمد صلے اللہ تعالیٰ علیه وسلم کما قال تعالیٰ لتبین للناس ما نزل الیهم وقد سمعت قول البوصیری فی البردة ؎

وکلهم من رسول اللہ ملتمس الی اخر البیتین الموردین فی الخطبة والحمد للہ رب العلمین۔

النظر الرابع

الوهابیة خذلهم اللہ تعالیٰ اذا عجزوا و ایسوا جعلوا یطلبون لهم الخلاص ؛ ولات حین مناص ؛ فقالوا نعم اطلع اللہ تعالیٰ محمدا صلّے اللہ علیه وسلم علی بعض المغیبات فی بعض الاوقات علیٰ جهة الاعجاز بید انه لا یعلم الا ما علم قالوا وانتم ایضا لا تقولون الا بهذا فارتفع الشقاق ؛ وحصل الوفاق ؛ وهم

؎ فی الیواقیت والجواهر فی عقائد الاکابر للامام الشعرانی فی المبحث الثالث والثلثین فان قلت هل ثم احد من البشر ینال فی الدنیا علما من غیر واسطة محمد صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم فالجواب کما قاله الشیخ فی الباب الاحد وتسعین ولیس احد ینال علما فی الدنیا الا وهو من باطنیة محمد صلّے اللہ تعالیٰ علیه وسلم سواء الانبیا والعلماء المتقدمون علی مبعثه والمتأخرون عنه واطال فی ذلك کما تقدم بسطه فی المبحث قبله ام قلت ولا مفهوم لقول السوال من البشر ولا لقوله فی الدنیا فانه صلے اللہ تعالیٰ علیه وسلم هو الخلیفة الاکبر والقاسم المطلق فلا تصل لاحد من الخلق دنیا واخری نعمة الا علی یده صلے اللہ تعالیٰ علیه وسلم کما نص علیه الاکابر وسردنا نصوصهم فی کتابنا سلطنة المصطفی ۱۲۹۷ فی ملکوت کل الوری ام منه حفظه حـــدیدہ

Marfat.com

کی امداد سے ملا ہے جیسا کہ اللہ عزوجل نے فرمایا تاکہ تم لوگوں سے بیان کردو جو کچھ ان کی طرف اتارا گیا ہے اور قصیدہ بردہ شریف میں امام بوصیری کا ارشاد سُن چکے ؎

"رسول اللہ تجھ سے مانگتا ہے ہر بڑا چھوٹا"

دونوں شعروں کے اخیر تک جو خطبہ میں لائے گئے۔ والحمد للہ رب العلمین

منظرِ چہارم

خدا کے مخذول وہابیہ جب عاجز و ناامید ہوتے ہیں تو اپنے لئے بچاؤ ڈھونڈھتے ہیں حالانکہ بچاؤ کا وقت کہاں تو یوں کہتے ہیں کہ ہاں اللہ تعالیٰ نے محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو بعض وقت بعض غیبوں کا علم معجزہ کے طور پر دیا مگر ہے یہ کہ وہ اتنا ہی جانتے ہیں جتنا سکھائے گئے کہتے ہیں کہ تم بھی تو اسی کے قائل ہو تو اختلاف اٹھ گیا اور اتفاق حاصل ہوا۔ وہ اپنی باتوں سے یہ چاہتے ہیں کہ جاہل کو دھوکا دیں اور غافل کو شکار کریں لیکن وہ جس نے ان کی باتیں دیکھیں اور ان کی گالیاں سنیں اس پر پوشیدہ نہیں کہ سب بھووں میں بُری بھووہ ہے جو چھانکے اور دبک جائے۔ کیا دلی کے وہابی نے نہ کہا؟ کہ محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کچھ نہ جانتے تھے یہاں تک خود اپنے خاتمہ کا حال اس ذلیل کو چھوڑ اور اس جیسے پیچھے والے کو دھکا دے کیا اُن کے دہلوی پیشوا نے تقویۃ الایمان میں نہ کہا جو کسی نبی کے لئے غیب کی بات جاننے کا دعویٰ کرے اگرچہ ایک پیڑ کے پتوں کی گنتی اس نے اللہ کے ساتھ شرک کیا چاہے یوں مانے کہ وہ اپنی ذات سے جانتے ہیں یا خدا کے بتائے سے ہر طرح شرک ثابت ہوتا ہے۔ کیا ان کے بڑے گنگوہی نے اپنی براہین میں (نہ کہا) کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم دیوار پیچھے کا حال نہ جانتے تھے اور نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ

Marfat.com

انما یریدون ان یکیدوا الجاھل: ویصیدوا الغافل: اما الذی رائی کلماتھم: وسمع سبّاتھم: فلا یخفی علیہ ان شر الکنائن الخبأۃ الطلعۃ - اما قال وھابی دھلی ان محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لا یعلم شیأ حتی حال خاتمۃ نفسہ دع ذلک المھین: ودع امثالہ من الاسفلین: اما قال امامھم الدھلوی فی تقویۃ الایمان ان من ادعی لنبی علم المغیبات ولو علم عدد اوراق شجرۃ فقد اشرک باللہ سوآء قال انہ یعلمہ بنفسہ او بعطاء اللہ تعالیٰ علی کل وجہ یثبت الشرک اما قال کبیرھم الکنکوھی فی براھینہ انہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لم یکن یعلم ما وراء جدار وجعلہ قول رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم افتراء علیہ ونسب روایتہ بکمال الوقاحۃ الی الشیخ المحقق المحدث الدھلوی مع ان الشیخ رحمہ اللہ تعالیٰ انما اوردہ اشکالا واجاب بانہ لم یثبت[1] ولم تصح الروایۃ بہ کما نص علیہ فی مدارج النبوۃ فانی ھذا مما نطق بہ القرآن العظیم: ونصت علیہ صحاح احادیث النبی الکریم: علیہ افضل الصلاۃ والتسلیم: و امتلأت بہ زبر الاولین: واسفار الاخرین: من ائمۃ الدین انہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم علم علوم الاولین والاخرین و علم جمیع ما کان وما یکون وتجلی لہ کل شئ وعرف آما

---

[1] وکذلک قال الامام ابن حجر العسقلانی لا اصل لہ اھ وقال الامام ابن حجر المکی فی افضل القری لم یعرف لہ سند اھ من حسام الحرمین للمصنف حفظہ اللہ تعالیٰ -

مطلب:- الوھابیۃ افجی من المشرکین

وسلم پر افترا کر کے اسے خود حضور کا قول ٹھہرا دیا اور بکمال بے حیائی اس کا روایت کرنا شیخ عبدالحق محدث دہلوی کی طرف نسبت کیا۔ حالانکہ شیخ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے تو اس کو اشکال کے طور پر ذکر کیا اور اس کا یہ جواب دیا کہ یہ حدیث ثابت[1] نہیں اور اس کی روایت صحیح نہیں جیسا کہ مدارج النبوۃ میں تصریح فرمائی تو کہاں یہ قول اور کہاں وہ جس پر قرآن عظیم ناطق ہے اور جس پر نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی صحیح حدیثیں نص فرما رہی ہیں او ائمہ دین سے اگلوں کی کتابیں اور پچھلوں کی تصنیفیں اس سے مملو ہیں یہ کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سب اگلوں پچھلوں کا علم جانتے ہیں اور تمام گزشتہ وآئندہ سے آگاہ ہیں اور ہر چیز ان کے لئے روشن ہوگئی اور انھوں نے پہچان لی۔ رہا ان کا کہنا کہ وہ نہیں جانتے مگر جتنا بتائے گئے یہ حق بات ہے جس سے انھوں نے باطل کا ارادہ کیا اور ایسا ہی ان کا کہنا کہ بعض مغیبات اور بعض اوقات اس لئے کہ ہمارا یہ دعویٰ نہیں کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جمیع معلومات الٰہیہ کا احاطہ کر لیا کہ یہ تو مخلوق کے لئے محال ہے جیسا کہ ہم اوپر بیان کر آئے اور عنقریب ہم تم سے بیان کریں گے کہ اللہ تعالیٰ کا نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو سکھانا بذریعہ قرآن عظیم ہوا اور قرآن تھوڑا تھوڑا کر کے اترا اور ہر وقت نہیں اترتا تھا تو اوقات اور معلومات دونوں میں بعض ہونا صادق ہوا۔ مگر ہے یہ کہ وہابیہ اس بعض سے قلیل وحقیر واندک مراد لیتے ہیں یوں کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اپنے کمینہ نفسوں پر قیاس کرتے ہیں جیسی کہ یہ مشرکین کی قدیم زمانہ سے عادت ہے جب کہ وہ رسولوں سے کہا کرتے "تم تو نہیں ہو

---

[1] یوں ہی امام ابن حجر عسقلانی نے فرمایا کہ اس کی کوئی اصل نہیں اور امام ابن حجر مکی نے افضل القریٰ میں فرمایا کہ اس کے لئے کوئی سند معلوم نہیں۔ منقول از حسام الحرمین مؤلفہ مصنف غفرلہ ۱۲

Marfat.com

قولهم لا يعلم الا ما علّم فكلمة حق اريد بها باطل وكذا قولهم
بعض المغيبات وبعض الاوقات فانا لا ندعى انه صلى الله تعالىٰ
عليه وسلم قد احاط بجميع معلومات الله سبحانه وتعالےٰ
فانه محال للمخلوق كما قدمنا وسنلقى عليك ان تعليم الله
تعالىٰ له صلّى الله تعالىٰ عليه وسلم كان بالقراٰن والقراٰن نزل
نجما نجما ولم يكن ينزل كل وقت فصدق البعض فى الاوقات
وفى المعلومات جميعا ولكنهم انما يريدون به القليل والنزر
اليسير قياسا له صلّى الله تعالىٰ عليه وسلم على انفسهم اللئيمة
كما هى للمشركين من قديم الزمان شيمة اذ قالوا للرسل ما
انتم الا بشر مثلنا بل هؤلاء اغبى واغوى منهم لان المشركين
انما زعموا المثلية لقولهم وما انزل الرحمٰن من شئ فاذا نفوا
الانزال والارسال لم تبق عندهم الا البشرية المشتركة بزعمهم
اما هؤلاء فقائلون بالرسالة ومع ذلك ينزلون الرسل منزل
انفسهم فسبحٰن مقلب القلوب والابصار ومنشؤ هذا المرض فيهم
نهم يستكثرون علم ما كان وما يكون بالمعنى الذى ذكرنا
ولا ينفع فى تقدير عقولهم السخيفة صحته لرسول الله صلى الله
تعالىٰ عليه وسلم فضلا عن غيره من الانبياء الكرام ـــــ
والاولياء العظام عليهم الصلٰوة والسلام وما استكثروه
الا لانهم ما قدروا الله حق قدره ولم يعلموا سعة قدرته
وامره ووزنوا الرسل بميزان احلامهم فكذبوا بما لم يحيطوا
بعلمه فى اوهامهم اما نحن معاشر اهل الحق فقد علمنا ولله الحمد

مطلب: الوہابیہ اعمی من مشرکین

Marfat.com

مگر ہم جیسے آدمی" بلکہ وہابیہ ان مشرکوں سے بھی بڑھ کر کودن و گمراہ ہیں اس لئے کہ مشرک جو رسولوں کو اپنے جیسا بتاتے تھے وہ ان کے اس قول کے بنا پر تھا کہ رحمٰن نے کچھ نہیں اتارا تو جب وہ نزول کتاب وحصول رسالت کا انکار کر چکے تو اب شیئ مگر بشریت جو ان کے زعم میں مشترک تھی اور یہ تو رسالت کے قائل ہیں اور پھر... بھی رسولوں کو اپنے مرتبہ میں رکھتے ہیں تو پاکی ہے اسے جو دلوں اور آنکھوں کو الٹ دیتا ہے اور یہ بیماری انھیں یوں پیدا ہوئی کہ ما کان وما یکون جس معنی پر ہم ذکر کر آئے ہیں انھیں بہت لگتا ہے اور ان کی بودی عقلوں کے اندازے میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لئے ان کا صحیح ہونا نہیں آتا چہ جائے دیگر انبیائے کرام اور اولیائے عظام علیہم الصلاۃ والسلام اور یہ انھیں اسی لئے بہت لگا کہ انھوں نے اللہ ہی کی قدر جیسی چاہیے نہ پہچانی اس کے علم وقدرت کی وسعت نہ جانی اور رسول کو اپنی عقل کی ترازو میں تولا تو جس بات کا علم ان کے وہم میں نہ آیا اسے جھٹلا بیٹھے اور ہم گروہ اہل حق بحمد اللہ تعالیٰ جانتے ہیں کہ روز اول سے جو کچھ ہو گذرا اور روز آخر تک جو کچھ آئے گا اس سب کی تفصیل جو ہم نے ذکر کی وہ ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے علوم کے حضور نہیں مگر ایک تھوڑی چیز اور اس پر دلیل رب عزوجل کا ارشاد ہے کہ اس نے بتا دیا تمھیں جو کچھ تم نہ جانتے تھے اور اللہ کا تم پر بڑا فضل ہے

(مطلب: آیۂ ... ما کان وما یکون ... علوم سے بعض ... الخ)

اقول اس آیۂ کریمہ میں اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے اپنے حبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر منت رکھی ہے کہ جو کچھ وہ نہ جانتے تھے اللہ نے انھیں بتا دیا اور اس احسان جتانے کو ایسی بات سے ختم فرمایا[1] جو اس عظیم منت کی عظمت اور اس بڑی نعمت کی بڑائی پر

---

[1] اس احسان الٰہی کا محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر احسان رکھنا ہی اس منت عظمیٰ کی عظمت کا کافی ثبوت ہے کہ فی الحقیقت کوئی بادشاہ اپنے بڑے امراء سلطنت پر احسان نہیں جتاتا مگر بڑی عظمت وجلالت چیز سے تو کیا ذکر شہنشاہ کے منت جتانے اور احسان رکھنے کا اس پر جو اس کا بڑے سے بڑا امیر اور نہایت عظمت والا نائب السلطنۃ ہو تو پھر اس کا کیا کہنا جبکہ اپنے امتنان کو ایسی شے سے ختم کرے جو اس کے باعظمت ہونے میں نص صریح ہو وللہ الحمد ۱۲ منہ رضی اللہ عنہ

Marfat.com

ان هذا الذی ذکرنا من تفاصیل کل ما کان من اول یوم وما یکون الی اخر الایام لیس بجنب علوم نبینا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم الا شیئا قلیلا والدلیل علیہ قولہ عزوجل وعلمک ما لم تکن تعلم وکان فضل اللہ علیک عظیما **اقول** امتن اللہ سبحنہ وتعالیٰ فی ہذہ الایۃ علی حبیبہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بتعلیمہ ما لم یعلم وختم الامتنان[1] بما دل علی عظم تلک المنۃ العظمٰی ؛ وفخامۃ ہذہ النعمۃ الکبری ؛ فقال وکان فضل اللہ علیک عظیما ومعلوم ان ما کان وما یکون بالمعنی المذکور المثبت کلہ فردا فردا تفصیلا تاما فی اللوح المحفوظ لیس الا الدنیا فان الاخرۃ بعد الیوم الاخر ووراءھما ذات اللہ سبحنہ وتعالیٰ وصفاتہ التی لا یسعہا لوح ولا قلم وقد قال اللہ تعالیٰ فی الدنیا قل متاع الدنیا قلیل فانّی یقع ما استقلہ اللہ سبحنہ وتعالیٰ مما استعظمہ وکبر شانہ مع ان علمہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قد تعدی الی ما بعد الیوم الاخر من الحشر والنشر والحساب والکتاب ؛ وتفاصیل ما ھنالک من الثواب والعقاب ؛ الی نزول الناس منازلہم من الجنۃ والنار الی ما بعد ذلک مما شاء اللہ تعالیٰ اعلامہ وقد علم صلی اللہ تعالیٰ

---

[1] الامتنان الالٰہی بہ علی محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کان کافیا لاثبات عظمۃ ہذہ المنۃ فان الملک لا یمتن علی کبراء امراء دولتہ الا بشئ عظیم جلیل فکیف بامتنان ملک الملوک علی من جعلہ اکبر امیر واعظم خلیفۃ فکیف اذ اختتم امتنانہ بما ینص علی کونہ شیئا عظیما وللہ الحمد ۱۲ منہ حفظہ ربہ

مطلب لیس علم جمیع ما کان وما یکون الا بعضا من علوم نبینا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

Marfat.com

دلالت کرتی ہے کہ فرمایا اللہ کا تم پر بڑا فضل ہے کہ ماکان وما یکون بہ معنی مذکور جس کا ہر ہر فرد بہ تفصیل تام لوح محفوظ میں ثبت ہے یہ نہیں مگر دنیا اس لئے کہ آخرت تو قیامت کے بعد آئے گی اور دنیا و آخرت دونوں سے باہر اللہ عزوجل کی ذات وصفات ہیں جو نہ لوح محفوظ میں آسکیں نہ قلم میں اور اللہ تعالیٰ نے دنیا کے بارے میں فرمایا کہ "تم کہدو کہ دنیا کی پونجی تھوڑی ہے" تو وہ جسے اللہ تعالیٰ قلیل بتا رہا ہے اس چیز سے کیا نسبت رکھے۔ جسے اللہ نے عظیم بتایا اور اس کی شان کی بڑائی کی لہٰذا حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا علم روز آخر سے بعد کی اشیاء تک بڑھا۔ جیسا حشر و نشر و حساب وکتاب اور وہاں جو ثواب وعقاب ہے۔ اس کی تفصیلیں یہاں تک کہ لوگ جنت و دوزخ میں اپنے ٹھکانے پہنچیں اور اس کے بعد کی اور باتیں جتنی خدا تعالیٰ نے بتانی چاہیں اور بے شک حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اللہ عزوجل کی ذات وصفات سے اتنا پہچانا۔ جس کی قدر خدا ہی جانے۔ جس نے یہ بخششیں اپنے مصطفیٰ کو عطا کیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تو ثابت ہوا کہ تمام گذشتہ و آئندہ کا علم جو لوح محفوظ میں لکھا ہے وہ ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے علوم سے نہیں مگر ایک ٹکڑا نہ کہ وہ ان کے حق بہت ٹھہرے۔ اور انھیں حاصل نہ ہو۔ اسی لئے امام اجل بوصیری کہ اللہ تعالیٰ ان کی برکتوں سے نفع دے

ـلـه اور ملک العلماء بحر العلوم ابو العیاش عبد العلی محمد لکھنوی قدس سرہ نے حاشیہ شرح میر زاہد رسالہ قطبیہ کہ بیان تصور و تصدیق میں ہے۔ اس کے خطبہ میں ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی مدح سرائی میں فرمایا جس کی عبارت یہ ہے اور انھیں بعض وہ علوم سکھائے جن پر قلم اعلیٰ حاوی نہ ہوا اور لوح اور فی ان کا احاطہ نہ کرسکی۔ زمانے نے روز ازل سے نہ اس جیسا پیدا کیا نہ ابد تک ویسا پیدا ہو تو نہیں ہے سارے آسمانوں اور زمین میں اس کا ہمسر کوئی جوڑ ۱۲ منہ غفرلہ جدیدہ مدینہ

Marfat.com

عليه وسلم من ذاته عز وجل وصفاته مالا يحصی قدره الا الله المانح تلك العطا یا لمصطفاه؛ صلی الله تعالی علیه وسلم فاذن لیس علم ما کان وما یکون المثبت فی اللوح المحفوظ الا بعضا من علوم حبیبنا صلی الله تعالی علیه وسلم فضلا ان یتکثر علیه؛ فلا یحصل لدیه؛ ولهذا قال الامام الاجل الابوصیری نفعنا الله تعالی ببرکاته؛ فان من جودك الدنیا وضرتها ومن علومك علم اللوح والقلم؛ فاتی بمن التبعیض؛ والی جبال الغیظ والغنظ علی کل قلب مریض؛ قل موتوا بغیظکم ان الله علیم بذات الصدور وقال العلامة علی القاری فی الزبدة شرح البردة تحت البیت المذکور توضیحه ان المراد بعلم اللوح ما اثبت فیه من النقوش القدسیة والصور الغیبیة وبعلم القلم ما اثبت فیه کما شاء والاضافة لادنی ملابسة وکون علمهما من علومه صلی الله تعالی علیه وسلم ان علومه تتنوع الی الکلیات والجزئیات وحقائق ودقائق وعوارف ومعارف تتعلق بالذات

له وقال المولی ملك العلماء بحر العلوم ابو العیاش عبد العلی محمد اللکنوی قدس سره فی خطبة حواشیه علی شرح السید زاهد للرسالة القطبیة فی التصور والتصدیق بمدح نبینا صلی الله تعالی علیه وسلم بما نصه وعلمه علوما بعضها ما احتوی علیه القلم الاعلی وما [عه] استطاع علی احاطتها [عه] اللوح الاوفی لم یلد الدهر مثله من الازل ولم یولد الی الابد فلیس له فی السموات والارض کفوا احد ام ۱۲ منه حفظه ربه سبحنه مدنیه

عه بتضمین معنی قدر ۱۲ عه موصولة عطفا علی الخبر وهو ما احتوی او نافیة عطفا علی الجملة صفة اخر لعلوما وهذا اولی لما بهث الضمیر ۱۲ عه بتضمین معنی قدر ۱۲

Marfat.com

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے عرض کرتے ہیں ؎

تمھارے وجود سے دنیا اور اس کی سوت ایک حصہ ٭ تمھارے علم سے لوح وقلم کے علم ایک ٹکڑا

تو امام متن کا لفظ لائے جو بعض پر دلالت کرتا ہے اور ہر بیمار دل پر غم وغصہ کے پہاڑ ڈھائے۔ ان سے کہو کہ اپنے غصہ میں مر جاؤ۔ اللہ خوب جانتا ہے سینہ کی بات۔ علامہ علی قاری زبدہ شرح بردہ میں شعر مذکور کے تحت میں فرماتے ہیں اس مطلب کا ایضاح یہ ہے کہ علم لوح سے مراد وہ قدسی نقش اور غیبی صورتیں ہیں جو اس میں ثبت کی گئیں اور علم قلم سے مراد وہ ہے جو اللہ تعالیٰ نے جس طرح چاہا اس میں ودیعت رکھا اور یہ اضافت ادنیٰ علاقے کے سبب ہے اور لوح وقلم کے علوم علم نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے ایک حصہ ہونے کی وجہ یہ ہے کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے علموں میں بہت اقسام ہیں۔ کلیات وجزئیات وحقائق ودقائق اور عوارف ومعارف کہ ذات وصفات الٰہیہ سے متعلق ہیں اور لوح وقلم کا علم نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مکتوب علوم سے نہیں مگر ایک سطر اور علم حضور کے سمندروں سے ایک نہر پھر بایں ہمہ ان کا علم حضور ہی کی برکت سے ہے صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم انتہی۔ اب کھل گیا حق اور دفع ہوئے جھوٹ اور یہاں ٹوٹے مرے باطل والے والحمد للہ رب العالمین۔

لے بہ تضمین معنے قدر ۱۲ منہ ماموصولہ ہے ورنہ اختوی خبر پر عطف ہے یا نافیہ ہے جملہ پر عطف ہو کر دوسری صفت علوم کا ہے یہی بہتر ہے تانیث ضمیر کے باعث ۱۲ منہ غفرلہ

والصفات وعلمهما انما يكون سطرا من سطور علمه وبحرا من بحور علمه ثم مع هذا هو من بركة وجوده صلى الله تعالىٰ عليه وسلم اه فالآن حصحص الحق وزالت الميرن وخسر هنالك المبطلون ؛ والحمد لله رب العٰلمين ؛

النظر الخامس

فان قلت رحمك الله بما ارشدت واشرت اليه ؛ فهمت الامر كما هو عليه ؛ وعلمت ان لا مجال ههنا للشرك ولا للضلال اذ لا نقول بمساواة علم الله تعالىٰ ولا بحصوله بالاستقلال ؛ ولا نثبت بعطاء الله تعالىٰ ايضا الا البعض ؛ لكن بون بيّن بين البعض والبعض كالفرق بين السماء والارض ؛ بل اعظم واكثر ؛ والله اكبر فبعض[1] الوهابية بعض بغض وتوهين ؛ وبعضنا بعض عز وتمكين لا يقدر قدره الا الله تعالىٰ ومن اعطاه ؛ والآن احب ان اسمع

---

[1] (فبعض الوهابية) اى البعض الذى تقول به الوهابية خذلهم الله تعالىٰ هو (البعض) قلة وذلة صادر عن (بغض) منهم لفضائل حبيبنا صلى الله تعالىٰ عليه وسلم (و) مؤدا الى (توهين) لشانه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم (وبعضنا) الذى نحن نقول به بحمد الله تعالىٰ هو (بعض) عظمة اى البعض الاعظم الاجل الذى لا يقدر قدره الا الله تعالىٰ ثم من حباه لان جميع ما كان وما يكون ليس الا قطرة من ذلك البعض العظيم الصادر عن جل وعز لحبيبنا صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فى الحضرة الالهية (و) اعلى (تمكين) منه تعالىٰ له صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فى المقامات العلية ۱۲ منه حفظه ربه مكية

Marfat.com

نظرِ پنجم

اگر تو کہے کہ اللہ تجھ پر رحمت فرمائے جو تو نے ارشاد و اشارہ کئے ہیں تو یہ
مسئلہ کو واضح سمجھا اور میں نے جان لیا کہ یہاں نہ شرک کی گنجائش ہے نہ گمراہی کی تو
کہ نہ تو ہم اللہ سبحانہ وتعالیٰ کے علم سے برابری مانتے ہیں نہ غیرِ خدا کے لئے خود بخود
وہ علم ہونا جانتے ہیں اور خدا کے دیئے سے بھی بعض ہی ثابت کرتے ہیں مگر بعض اور
بعض میں روشن فرق ہے جیسا آسمان و زمین میں بلکہ اس سے بھی کہیں زیادہ اور
اللہ بہت مدد فرمائے وہابیہ کا بعض تو عداوت و تحقیر کا بعض ہے اور یہ بعض عزت و
تمکین کا بعض ہے اس کی حد کوئی نہیں جانتا مگر اللہ اور وہ جس کو اس نے عطا کیا
اور اب تک یہ چاہتا ہوں کہ قرآن و حدیث اور اقوالِ ائمہ سلف سے اس پر
کچھ نصوص سنوں جیسا کہ گزری ہوئی تقریروں تک تو نے اس کا مجھے مشتاق بنا دیا
میں ہوں گا اے برادر اللہ ہم پر اور تجھ پر رحم فرمائے تو مجھ سے ان باتوں کی طرف
ایما کر جو ہم اہلِ عقل کو بس ہیں اور اگر تو چھپتے دریا اور چھپتے جواہر چاہے تو میری کتاب
"مالی الجیب بعلوم الغیب" [١٣١٨] اور "اللؤلؤ المکنون فی علم البشیر ما کان وما یکون" [١٣١٩]
دیکھ اور تیری آنکھوں کے سامنے وجود میں رسالہ ہے۔ مصنف [illegible]

لہ بعض (وہابیہ) یعنی وہ بغض کہ وہابیہ اللہ تعالیٰ کو [illegible] جو [illegible] کی [illegible]
کا بے ادبی رکھنے کے باعث ہمارے پیارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نفس کے [illegible]
تو یہ شانِ محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تک اور ہمارا بعض یعنی وہ بعض جسے ہم کہتے ہیں محمد اللہ تعالیٰ وہ
بعض عظمت ہے بڑی عظمت بڑی جلالت والا بعض ہے کہ جس کی حد کا اندازہ نہیں جانتا مگر اللہ تعالیٰ
اور پھر وہ جس کو اس نے عطا فرمایا [illegible] ما کان وما یکون جو ہوا اور جو ہوگا اور فیک بوجہ عظیم
بخشش کی جو صادر ہوا بنہایت جلالت کی عزت سے ہمارے حبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لئے بارگاہ
شاہ اور اونچے سے اونچا مقام اللہ تعالیٰ کے عطا فرمانے سے انہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم
مقامات بلند و بالا ہیں ١٢ منہ غفرلہ۔

نظر پنجم: بعض علم کا بیان اور اللہ تعالیٰ کی عطا سے علم کا [illegible]

Marfat.com

شیئامن دلائل القران والحدیث ؛ واقوال ائمۃ القدیم والحدیث
کماشوقتنی الیہ ؛ فیمامررت علیہ ؛
قلت یا اخی رحمنا ورحمک اللہ ندا ومأت لک الی ما فیہ
کفایۃ ؛ لاولی الدرایۃ ؛ وان شئت بحارا تتدفق ؛ واقمارا تتالق
فعلیک بکتابی مالی الجیب[۱۳] بعلوم الغیب وکتابی اللؤلؤ المکنون
فی علم البشیر ماکان وما یکون وبجزئی منک رسالتی انباء المصطفی[۱۴]
بحال سر واخفی وان ابیت ؛ الاقصاء ما تمنیت ؛ فحسبک حدیث
البخاری عن امیر المومنین عمر الفاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال
قام فینا النبی صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مقاما فاخبرنا عن
بدء الخلق حتی دخل اهل الجنۃ منازلھم واھل النار منازلھم وحدیث
مسلم عن عمرو بن اخطب الانصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ فی خطبتہ
صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم من الفجر الی الغروب وفیہ فاخبرنا
بما کان وبما ھو کائن فاعلمنا احفظنا وحدیث الصحیحین
عن حذیفۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال قام فینا رسول اللہ صلی اللہ
تعالیٰ علیہ وسلم مقاما ما ترک شیأ یکون فی مقامہ ذلک الی قیام
الساعۃ الاحدث بہ وحدیث الترمذی عن معاذ بن جبل رضی اللہ
تعالیٰ عنہ وفیہ قولہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرأیتہ
عزوجل وضع کفہ بین کتفی فوجدت بردا نامله بین ثدیی
فتجلی لی کل شئ وعرفت صححہ البخاری والترمذی وابن
خزیمۃ والائمۃ بعدھم وحدیثہ عن ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ
عنھما وفیہ قولہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فعلمت ما فی السموات
والارض وفی اخری فعلمت ما بین المشرق والمغرب وحدیث

Marfat.com

اگر تو اپنی تمنا پوری ہوئے بغیر نہ مانے تو تجھے کافی ہے صحیح بخاری کی حدیث امیر المومنین عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کہ انھوں نے فرمایا ایک بار نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہم میں خطبہ پڑھنے کھڑے ہوئے تو حضور نے ابتدائے آفرینش سے یہاں تک کہ جنت والے جنت میں اور دوزخ والے دوزخ میں جائیں گے سب احوال کی ہمیں خبر دیدی" اور صحیح مسلم کی حدیث عمرو بن اخطب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے جس میں نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا صبح سے غروب تک خطبہ فرمانا مذکور ہے اس میں یہ لفظ ہیں" تو جو کچھ دنیا میں قیامت تک ہونے والا ہے اس سب کی ہمیں خبر دیدی ۔ ہم میں زیادہ علم اسے ہے جسے زیادہ یاد رہا" اور صحیح بخاری اور صحیح مسلم کی حدیث حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے انھوں نے فرمایا ایک بار نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہم میں خطبہ پڑھنے کھڑے ہوئے تو حضور نے وقت قیام سے روز قیامت تک جو کچھ ہونے والا تھا کچھ نہ چھوڑا سب بیان فرمادیا" اور ترمذی کی حدیث معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے جس میں نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا یہ ارشاد ہے کہ" میں نے رب عزوجل کو دیکھا اس نے اپنا دست قدرت میرے دونوں شانوں کے بیچ میں رکھا جس کی ٹھنڈک میں نے اپنے سینہ میں پائی تو مجھ پر ہر چیز روشن ہوگئی اور میں نے پہچان لیا" بخاری ترمذی اور ابن خزیمہ اور ان کے بعد کے ائمہ نے اس حدیث کی تصحیح فرمائی نیز ترمذی کی حدیث عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے جس میں نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا یہ ارشاد ہے" میں نے جو کچھ آسمانوں اور زمینوں میں ہے سب جان لیا" اور دوسری روایت میں ہے جو کچھ مشرق سے مغرب تک ہے سب مجھے معلوم ہو گیا اور مسند امام احمد اور طبقات ابن سعد اور معجم کبیر طبرانی کی حدیث بہ سند صحیح ابوذر غفاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اور ابو یعلیٰ اور ابن منیع اور طبرانی کی حدیث ابو درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے دونوں صاحبوں نے فرمایا کہ" رسول اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہمیں اس حال پر

Marfat.com

مسند الامام احمد رضی اللہ تعالیٰ عنہ وطبقات ابن سعد و کبیر الطبرانی بسند صحیح عن ابی ذر الغفاری وحدیث ابی یعلی وابن منیع والطبرانی عن ابی الدرداء رضی اللہ تعالیٰ عنھما قالا لقد ترکنا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وما یحرک طائر جناحیہ فی السماء الا ذکرلنا منہ علما وفی الصحیحین فی حدیث الکسوف مامن شیٔ لم اکن اُریتُہ الا رایتہ فی مقامی ھذا وکما قال صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وقد ذکرنا لک حدیث ان اللہ قد رفع لی الدنیا فانا انظر الیھا والی ما ھو کائن فیھا الی یوم القیمۃ کانما انظر الی کفی ھذہ الی غیر ذلک مما کثر عددہ ؛ ویطول سردہ ؛ وحسبک من اقوال الائمۃ السادۃ ؛ والعلماء القادۃ ؛ قول البردۃ المذکور ومن علومک علم اللوح والقلم مع توضیحہ من العلامۃ القاری فی شرح المشکوٰۃ للشیخ المحقق عبد الحق تحت قولہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فعلمت ما فی السمٰوات والارض عبارۃ عن حصول جمیع العلوم الجزئیۃ والکلیۃ والاحاطۃ بھا وفی نسیم

لہ قال الامام القسطلانی فی کتاب العلم من الارشاد ای مما تصح رؤیتہ عقلا کرؤیۃ الباری تعالیٰ ویلیق عرفا مما یتعلق بامر الدین وغیرہ اھ وکانہ رحمہ اللہ تعالیٰ یشیر الی استثناء نحو العورات اقول لکن التخصیص العرفی بما یلیق بالرؤیۃ العرفیۃ وما العرف الا فی العرفیۃ اما الکشفیۃ فھذا خلیل اللہ ابراھیم لما اراہ ربہ ملکوت السمٰوات والارض رجلا یزنی ثم آخر یزنی ثم ثالثا یزنی رواہ عبد بن حمید وابو الشیخ والبیھقی فی الشعب عن عطاء وسعید بن منصور وابن ابی شیبۃ وابن المنذر

Marfat.com

چھوڑا کہ ہوا میں کوئی پرندہ پر مارنے والا نہیں جس کا علم حضورؐ نے ہم سے ذکر نہ فرمایا ہو" اور صحیحین سورج گرہن کی حدیث میں ہے "جو کوئی چیز میرے دیکھنے میں[1] نہ آئی تھی وہ سب میں نے اپنے اس مقام میں دیکھ لی"

یا حدیث کے جس طرح لفظ ہوں اور ہم یہ حدیث تم سے پہلے ذکر کر چکے بے شک اللہ تعالیٰ نے میرے لئے دنیا کو اٹھا لیا تو میں اسے اور جو کچھ اس میں قیامت تک ہونے والا ہے سب کو ایسا دیکھ رہا ہوں جیسا اپنی اس ہتھیلی کو اور ان کے سوا اور حدیثیں جن کا شمار کثیر ہے اور ان کے بیان کا سلسلہ طویل اور سرداروں اور اماموں اور پیشوا عالموں کے اقوال سے تجھے کافی ہے قصیدہ بردہ شریف کا وہ قول ہے

"تمھارے علم سے لوح و قلم کے علم ایک ٹکڑا"

مع اس توضیح کے جو علامہ علی قاری سے گزری اور شیخ عبدالحق محدث دہلوی شرح مشکوٰۃ میں نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ارشاد پر کہ آسمانوں اور زمین میں جو کچھ ہے سب میں نے جان لیا، فرماتے ہیں یہ ارشاد عبارت ہے تمام علوم کلی اور جزئی کے حاصل ہونے اور ان کو احاطہ فرما لینے سے اور علامہ خفاجی نسیم الریاض شرح شفا امام قاضی عیاض میں

---

[1] امام قسطلانی نے ارشاد الساری شرح صحیح بخاری کتاب العلم میں فرمایا یعنی اس شے میں سے جس کی رویت عقلاً صحیح ہے۔ جیسے رویت باری تعالیٰ اور لائق ہے عرفاً یعنی وہ جس کا تعلق امر دین وغیرہ سے ہو اھ اور گویا کہ وہ رحمۃ اللہ علیہ اشارہ فرماتے ہیں استثنائے عورات کی طرف اقول لیکن تخصیص عرفی یا لیاقت کے ساتھ لائق رویت عرفیہ ہے اور عرف تو عرفیہ ہی میں ہے رہی کشفیہ تو یہ ابراہیم خلیل اللہ ہیں جب انھیں ان کے رب نے دکھائے آسمان و زمین کے ملک تو انھوں نے ایک شخص کو دیکھا کہ زنا کر رہا ہے۔ پھر دوسرے پھر تیسرے کو دیکھا کہ زنا کر رہا ہے۔ اس روایت کو عبد بن حمید اور ابو الشیخ اور بیہقی نے شعب الایمان میں عطا سے اور سعید بن منصور اور ابن ابی شیبہ و ابن المنذر و ابو الشیخ نے سیدنا سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اور ایک روایت میں ہے کہ انھوں نے سات شخص یکے بعد دیگرے ایک حشر سے منہ کالا کرتے دیکھے اسے روایت کیا عبد بن حمید و ابن ابی حاتم نے شہر بن حوشب سے علامہ قسطلانی نے دوبارہ کسوف باب صلاۃ النساء مع الرجال میں فرمایا یاد فرمایا کہ کوئی شے ہا شیاء سے ایسی نہیں رہ کہ یقیناً جسے میں نے نہ دیکھا تھا مگر میں نے قطعاً اسے دیکھ لیا، برویت چشم اھ تو یہ لفظ کا اس کے عموم پر جاری کرنا ہے اور یہی صحیح اور کدورت سے صاف ہے ۱۲ منہ غفرلہ جدیدہ

[2] یہ میں نے پاس سے زیادہ کیا کہ فقیر نے یہ کتاب مکہ معظمہ میں دو دن کے

الریاض شرح شفاء الامام القاضی عیاض للعلامۃ الخفاجی و
شرح المواھب المدنیہ والمنح المحمدیۃ للعلامۃ الزرقانی
صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم من حال کل طائر یطیر بجناحیہ
فی الجوھذا تمثیل لبیان کل شئ تفصیلا تارۃ واجمالا
اخری قال الامام احمد القسطلانی فی المواھب ولاشک ان اللہ
تعالیٰ قد اطلعہ علی ازید من ذلک والقی علیہ علوم الاولین و
الاخرین وقال الامام البوصیری وسع العلمین علما وحلما
قال الامام ابن حجر المکی فی شرحہ افضل القرای بقراء ام القری فی
اللہ تعالےٰ اطلعہ علی العالم فعلم علم الاولین والاخرین وما
کان ویکون وفی نسیم الریاض انہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم
عرضت علیہ الخلائق من لدن اٰدم علیہ الصلاۃ والسلام الی
قیام الساعۃ فعرفھم کلھم کما علم اٰدم الاسماء وقال

تحت حدیث ابی ذر وابی الدرداء رضی اللہ تعالیٰ عنھما فی اخبارہ

(بقیہ حاشیہ ص   وابو الشیخ عن سلمان الفارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

(فی روایۃ اذ رأی سبعۃ علی الفاحشۃ زاد رابعا واحد رواہ عبد بن حمید
وابن ابی حاتم عن شھر بن حوشب وقد قال القسطلانی فی الکسوف باب
صلوۃ النساء مع الرجال وقال مامن شئ) من الاشیاء (کنت لم اراہ الا قد
رأیتہ رؤیا عین اھ فھذا اجراء للکلمۃ علی عمومھما وھو الصحیح الصانھن لکلام
و اللہ تعالیٰ اعلم ۱۲ منہ حفظہ ربہ حمد سیدہ

لہ زدتہ لان الفقیر صنف ھذا الکتاب بمکۃ المکرمۃ
فی نحو ثمان ساعات من یومین ماخلا النظر
السادس المزید بعد ذلک ولم یکن عندی الکتب کما ذکرتہ فی الخطبۃ فوقع
لی التردد فی اللفظۃ قبل الا اھو رأیتہ او اُریتہ فذکرت احدھما و
قلت او کما قال صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ثم لما رجعت الی بلدی واتفقت

Marfat.com

اور علامہ زرقانی شرح مواہب لدنیہ ومنح محمدیہ شرح حدیث ابوذر اور ابو درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہم جس میں ذکر تھا کہ زمین آسمان کے درمیان جو پرندہ پر مارتا ہے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس کے حال سے خبر دیدی فرماتے ہیں یہ اس بات کی تمثیل ہے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہر شئے بیان فرمادی کبھی مفصل اور کبھی مجمل۔ امام احمد قسطلانی مواہب میں فرماتے ہیں اور کچھ شک نہیں کہ اللہ تعالیٰ نے حضور کو اس سے زیادہ پر اطلاع بخشی اور حضور پر تمام اگلوں پچھلوں کے علم القا فرمائے اور امام بوصیری فرماتے ہیں ؎ "محیط جملہ عالم علم و حلم مصطفائی ہے"۔

امام ابن حجر مکی اس کی شرح افضل القراء ام القریٰ میں فرماتے ہیں یہ اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے حضور کو سارے جہان کا علم دیا تو حضور نے تمام اگلوں پچھلوں کا علم اور جو کچھ ہو گذرا ہے اور ہونے والا ہے سب جان لیا اور نسیم الریاض میں ہے کہ تمام مخلوقات آدم علیہ الصلوٰۃ والسلام سے قیام قیامت تک سب نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر پیش کی گئیں تو حضور نے ان سب کو پہچان لیا۔ جیسے کہ حضرت آدم علیہ السلام کو سب نام سکھائے گئے اور امام زرقانی پھر علامہ قاری پھر علامہ مناوی نے تیسیر شرح جامع صغیر امام سیوطی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ میں فرمایا۔ پاک جانیں جب بدن کے علاقوں سے جدا ہوتی ہیں عالم بالا سے مل جاتی ہیں اور ان کے لئے کچھ پردہ نہیں رہتا تو سب کچھ

آٹھ گھنٹے میں تصنیف کی علاوہ نظر سادس کے کہ بعد کو زائد کی گئی اور اس وقت میرے پاس کوئی کتاب نہ تھی جیسا کہ میں نے خطبہ میں تحریر کیا تو مجھے اس لفظ میں جو "الا یے پیلے ہے" تردد واقع ہوا کہ زیادہ رایتہ ہے یا رایتہ تو ان میں سے میں نے ایک ذکر کردیا اور کہہ دیا جیسے انھوں نے فرمایا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پھر جب میں اپنے وطن واپس آیا اور مطالعہ کتب کا اتفاق ٹھہرا تو میں نے صحیح مسلم میں دونوں جگہ یہاں لفظ بزیادتی لفظ قد پایا یعنی الا قد رایتہ اور صحیح بخاری میں متفرق الفاظ سے اور انھیں میں سے ہے جو کتاب میں تحریر ہوا ۱۲ منہ غفرلہ حدیدہ

؎ اس کا شروع یہ ہے کہ ذکر کیا علامہ عراقی نے شرح مہذب میں کہ ان پر صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پیش کی گئی۔ الخ ۱۲ منہ غفرلہ حدیدہ

Marfat.com

القاضی ثم القاری ثم المناوی فی التیسیر شرح الجامع الصغیر
للامام السیوطی رحمهم اللہ تعالیٰ النفوس القدسیۃ اذا تجردت
عن العلائق البدنیۃ اتصلت بالملأ الاعلیٰ ولم یبق لہا حجاب
فتری و تسمع الکل کالمشاہد وقال الامام ابن الحاج المکی
فی المدخل والامام القسطلانی فی المواہب قد قال علماؤنا
رحمہم اللہ تعالیٰ لافرق بین موتہ وحیاتہ صلی اللہ تعالیٰ
علیہ وسلم فی مشاہدتہ لامتہ ومعرفتہ باحوالہم ونیاتہم
وعزائمہم وخواطرہم وذلک جلی عندہ لاخفاء بہ اھ وقد
قال تعالیٰ یایہا النبی انا ارسلناک شاہدا وقال القاری فی
شرح الشفاء فی توجیہ السلام علی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ
وسلم عند الدخول فی بیوت خالیۃ لا احد فیہا لان روح
النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حاضرۃ فی بیوت اہل الاسلام
وفی مدارج النبوۃ للشیخ المحقق عبد الحق البخاری الدہلوی
کل ما فی الدنیا من زمن آدم الی النفخۃ الاولیٰ کشفہ اللہ
تعالیٰ علی نبیہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حتی علم جمیع الاحوال
من الاول الی الآخر وفیہا ہو صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم
عالم بجمیع الاشیاء من الشیونات والاحکام الالٰہیۃ

مراجعۃ الکتب وجدتہ فی صحیح مسلم باللفظ الاول فی الموضعین مع زیادۃ
قد ای الا قدرأیتہ وفی صحیح البخاری بالفاظ شتی منہا المثبت فی الکتاب
۱۲ منہ حفظہ جدیدہ

ـــہ اولہ ذکر العراقی فی شرح المہذب انہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم عرضت علیہ
الخ ۱۲ منہ حفظہ جدیدہ

Marfat.com

ایسا دیکھتی اور سنتی ہیں جیسا سامنے ہو رہا ہے اور امام ابن حاج مکی نے مدخل اور امام قسطلانی نے مواہب میں فرمایا کہ بے شک ہمارے علمائے رحمہم اللہ تعالٰے فرماتے ہیں، نبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کی حیات و وفات میں اس بات میں کچھ فرق نہیں کہ حضور اپنی اُمت کو دیکھ رہے ہیں اور ان کی حالتوں اور نیتوں اور ارادوں اور دل کے خطروں کو پہچانتے ہیں اور یہ سب حضور پر ایسا روشن جس میں کچھ پوشیدگی نہیں انتہی اور بے شک رب العزت تبارک وتعالٰی نے فرمایا اے نبی ہم نے تمہیں بھیجا حاضر وناظر۔ شفاء شریف میں جو یہ مسئلہ لکھا کہ جب خالی گھروں میں جاؤ جن میں کوئی نہ ہو تو نبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم پر سلام عرض کرو، علامہ علی قاری اس کی شرح میں اس مسئلہ کی وجہ یہ لکھتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کی روح پاک تمام مسلمانوں کے گھر میں تشریف فرما ہے اور شیخ عبدالحق بخاری دہلوی مدارج النبوۃ میں فرماتے ہیں دنیا میں آدم علیہ السلام سے لے کر صور پھکنے تک جو کچھ ہے سب اللہ تعالٰی نے اپنے نبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم پر ظاہر کر دیا یہاں تک کہ اول سے آخر تک تمام احوال نبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے جان لئے نیز اسی میں ہے نبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم تمام اشیاء کو جانتے ہیں اللہ کے کام اور احکام اور صفات اور اسماء اور افعال و آثار تمام علوم ظاہر و باطن و اول و آخر کا احاطہ فرما لیا اور حضور اس آیت کے مصداق ہوئے کہ ہر علم والے سے اوپر علم والا ہے ان پر سب سے افضل درود اور سب سے تمام وکامل تر سلام انتہی

اقول یہ آیت عام ہے جس میں سے کسی شے کی تخصیص نہیں تو اگر تو نبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کے سوا تمام جہان میں جس کی طرف نظر کرے تو ہمارے نبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم ہر علم والے سے بلند وبالا علم والے ہیں اور جب تو حضور اقدس صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کی طرف نظر کرے تو اللہ وہ علم والا ہے جس سے اوپر کوئی علم والا نہیں اور ذی علم کا اطلاق اللہ سبحانہ وتعالٰی پر نہیں ہو سکتا[1] کہ تنکیر بعضیت پر دلالت کرتی ہے تو تخصیص کی کچھ حاجت نہیں اور شاہ

---

[1] یہ میں نے کہا تھا جو میرے ایمان نے میرے رب کے ساتھ مجھے سکھایا، جبرئیل نے علامہ

Marfat.com

وصفات الحق والاسماء والافعال والآثار احاط بجميع علوم الظاهر والباطن والاول والاخر وصار مصداق فوق كل ذی علم عليم من الصلوات افضلها ومن التحيات اتمها واكملها اهـ اقول والاية عام غير مخصوص منه شئ فاذا نظرت الى غيره صلى الله تعالىٰ عليه وسلم من العلمين فنبينا صلى الله تعالىٰ عليه وسلم هو العليم فوق كل ذی علم واذا نظرت اليه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فالله هو العليم لا عليم فوقه ولا يصح اطلاق ذی علم على الله سبحٰنه وتعالىٰ لدلالة التنكير على التبعيض فلا حاجة الى التخصيص وفی فيوض الحرمين للشاه ولی الله الدهلوی فاض علی من جنابه المقدس صلى الله تعالىٰ عليه وسلم كيفية ترقی العبد من حيزه الى حيز القدس فيتجلی له كل شئ كما اخبر عن هذا المشهد فی قصة المعراج المنامی اهـ واما الايات فقد مر بعضها ونبذ من جهة الاحتجاج بها وانا اقول وبالله التوفيق هذا

مطلب قامة المصنف البرهان القاطع من القران العظيم

لہ قلته بما علمنی ربی ثم رأیت فی کتاب الاسماء والصفات للامام البیهقی ذکر الاستاذ ابو نصر البغدادی رحمه تعالىٰ انا لا نقول ان الله تعالىٰ ذو علم على التنكير وانما نقول انه ذو العلم على التعريف كما نقول انه ذو الجلال والاكرام على التعريف ولا نقول ذو جلال واكرام على التنكير اهـ وقد بسطت الكلام على هذا وانه اين يمنع من التنكير واين لا يمنع مثل ذو مغفرة وذو رحمة وغيرهما وانه يقال ذو فضل على الناس ولا يقال ذو نبل مع بيان الوجوه فی رسالتی فی اسماء الله الحسنى ١٢ منه حفظه ربه تعالىٰ جد يده

ولی اللہ دہلوی فیوض الحرمین میں لکھتے ہیں۔ مجھ پر نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ پاک سے اس کا فیضان ہوا کہ بندہ کیونکر اپنے مقام سے مقام قدس تک ترقی کرتا ہے تو ہر چیز اس پر روشن ہو جاتی ہے جیسا کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے قصہ معراج خواب میں اس مقام سے خبر دی ہے انتہیٰ۔ رہیں آیتیں اس میں سے کچھ گزریں اور ان سے استدلال کا قدرے طریقہ مذکور ہوا اور میں کہتا ہوں اور اللہ ہی کی طرف سے توفیق ہے۔

یہ ہے ہمارے رب کا کلام فیصلہ کی بات اور عدالت الاحکم فرماتا ہے اور اس کا فرمان حق ہے ہم نے تم پر یہ قرآن اتارا ہر چیز کا روشن بیان اور فرماتا ہے قرآن بناوٹ کی بات نہیں بلکہ اگلی کتابوں کی تصدیق اور ہر شے کی تفصیل ہے اور فرماتا ہے ہم نے اس کتاب میں کوئی چیز اٹھا نہیں رکھی تو قرآن عظیم گواہ ہے اور اس کی گواہی کس قدر اعظم ہے کہ وہ ہر چیز کا تبیان ہے اور تبیان اس روشن اور واضح بیان[1] کو کہتے ہیں جو اصلاً پوشیدگی باقی نہ رکھے کہ زیادت لفظ زیادت معنی پر دلیل ہوتی ہے اور بیان کے لئے

بیہقی کی کتاب الاسماء والصفات میں دیکھا انھوں نے فرمایا استاد ابو النصر بغدادی رحمہ اللہ تعالیٰ نے بیان کیا بلا شبہ ہم اللہ تعالیٰ کو تنکیر کے ساتھ ذو علم نہ کہیں گے ذو العلم ہی کہیں گے الف لام تعریف کے ساتھ جیسے کہ ہم ذو الجلال والاکرام نکرہ نہ کہیں گے اھ اور میں نے اس پر بسط کے ساتھ کلام کیا اور یہ کہ کہاں تنکیر ممنوع ہے اور کہاں ممنوع نہیں جیسے ذو مغفرۃ اور ذو رحمۃ اور ان کے ماسوا اور یہ کہ ذو فضل علی الناس کہا جائے گا اور ذو فضل نہ کہا جائے گا مع بیان وجوہ اپنے رسالہ میں کہ اسماء حسنیٰ کے ذکر میں ہے ۱۲ منہ غفرلہ جدیدہ

محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ثابت کیا اور صحابہ نے ثابت کیا اور ان کے
بعد کے ائمہ نے ثابت کیا جیسا کہ قرآن مجید کی آیتیں اور حدیثیں اور صحابہ
کے اقوال اور علماء کی عبارتیں ذکر کر آئے تو کہاں پھرے جاتے ہو اور
تمھیں کیا ہوا کیسا حکم لگاتے ہو۔ کیا اللہ کی آیتوں میں بعض سے بعض کو
رد کرتے ہو حالانکہ تم قرآن پڑھتے ہو کیا تمھیں عقل نہیں کیا تمھارے
کان تک نہ پہنچا وہ جو ہم نے تمھیں سنایا کہ اللہ تعالیٰ نے ایسی نفی کی جو ٹل نہیں
سکتی اور اس طرح ثابت فرمادیا جس سے عدولی ممکن نہیں تو دونوں میں تطبیق
دینا واجب ہوا اور وجوہ تطبیق سے کانوں کو زیور پہنا چکے تو گویا تم کان لگاتے ہو
اور سنتے نہیں اور آنکھ اٹھاتے ہو اور دیکھتے نہیں اب اگر تو کہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان
پانچ چیزوں کو گنا اور خاص ان کا ذکر کیا تو ضرور ہے کہ ان کو اپنے غیر یا اللہ تعالیٰ کے ساتھ
خاص ہونے میں کوئی زیادتی ہو تو اللہ کا بتانا اور غیبوں میں جاری ہوتا ہے نہ ان میں ورنہ
ان کے خاص ہونے کی خصوصیت باطل ہو جائے گی کہ اب یہ بھی مثل اور غیبوں کے ہو گئے کہ تب
سے معلوم ہو جاتی ہیں **اقول** اولاً ٹھہر جلدی سے بچ کہ جلدی لغزش لاتی ہے تو روشن مناظرہ پر گفتگو چاہیے

لہ جس نے نہ سمجھا میر اکہنا بطریقہ مناظرہ وہ جو چاہے غور کرے کہ وہ اس کا کلام ہے جو خوشتہ تک
نہ پہنچا پھر بڑی جرأت ہے اس کا یہ بیہودہ دعویٰ کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس آیہ کریمہ سے حصر سمجھا ہے اور نبی
صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے تمھیں اسکی کب خبر دی اور یہ حکم لگا دینا حضور پر بڑا تحکم اور عظیم خطا ہے بلکہ حضور
صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مفاتیح الغیب کو انھیں پانچ سے تفسیر فرمایا اور اس آیہ کریمہ نے کلمہ
"لا یعلمہا الا ہو" سے اسکی تصریح کر دی تو یہیں سے حصر گیا تو پھر عجب یہ کہ اس نے کہا کہ یہ دوسری آیہ
کریمہ ہی حصر پر دلالت کرتی ہے حدیث "لا یعلمہن الا اللہ" کے ملانے کے ساتھ تو اللہ کے لئے پاکی ہے
اس شخص سے کہ اکتفا نہ کرے قول الٰہی لا یعلمہا الا ہو پر جب تک نہ ملائے اس کے ساتھ قول نبی کریم

Marfat.com

عنده علم الساعة وينزل الغيث ويعلم ما فى الارحام وما
تدرى نفس ماذا تكسب غدا وما تدرى نفس بأى ارض
تموت ان الله عليم خبير فانى دلالتها على اختصاص الخمس
جميعا فضلا عن خصوصية الاختصاص الا ترى ان فى بعضها
ليس بشئ مما يدل على الحصر والقصر كقوله تعالىٰ ينزل الغيث
وقوله تعالىٰ يعلم ما فى الارحام ولا نسلم ان مجرد الذكر فى
مقام الحمد يوجب الأختصاص مطلقا فقد مدح الله سبحانه
وتعالىٰ نفسه بالسمع والبصر والعلم ووصف بها عباده ايضا
جعل لكم السمع والأبصار والأفئدة ومن ذلك قول موسىٰ
على نبينا الكريم وعليه الصلوٰة والسلام لا يضل ربى
والانبياء ايضا منزهون عن الضلال يا قوم ليس بى ضلالة
وقال تعالىٰ ان الله لا يظلم مثقال ذرة والانبياء ايضا مبرؤن
عن الظلم قال لا ينال عهدى الظلمين ثانيا سلمنا الدلالة

سه من لم يتامل تولى على سنن المناظرة فليدن بما شاء فانه كلام
من لم يصل الى العنقود ثم من الجرأة ادعاء ان النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم
فهم الحصر من هذه الاٰية ومتى اخبرك النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم بهذا
فالحكم به عليه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم تحكم جسيم وخطاء عظيم بل هو صلى الله
تعالىٰ عليه وسلم فسر مفاتيح الغيب بهذه الخمس وقد صرحت تلك الكريمة
بقوله عزوجل لا يعلمها الا هو فمن هنا اتى الحصر ثم من العجب زعم ان هذه
الكريمة الاخرى انما تدل على الحصر مع ضميمة حديث لا يعلمهن الا الله فسبحن الله
ممن لا يكتفى بقوله تعالىٰ لا يعلمها الا هو ما لم يضم اليه قوله صلى الله تعالىٰ
عليه وسلم لا يعلمهن الا الله ثم من الفرية على انى ادعيت عدم دلالة
الكريمة الاخرى على الحصر وهذه رسالتى بين عينيك لا ذكر فيها ههنا لهذه الكريمة
انما تكلمت على دلالة الكريمة الاولى وذلك ايضا على سنن المناظرة كما ترى

Marfat.com

تو یہ دعویٰ تو نے کہاں سے نکال لیا کہ خاص ہونے میں ان کی کوئی خصوصیت ہے آیت تو اس طرح ہے بے شک اللہ کے پاس ہے علم قیامت کا اور اتارتا ہے پانی اور جانتا ہے جو کچھ مادہ کے پیٹ میں ہے اور کوئی جان نہیں جانتی کہ کل کیا کرے گی اور کوئی جان نہیں جانتی کہ کس زمین میں مرے گی بے شک اللہ ہے جاننے والا بتانے والا تو اس آیت میں اس کا بیان کہاں ہے کہ یہ پانچوں سب کے سب اللہ تعالیٰ کے ساتھ خاص ہیں نہ کہ خاص ہونے میں اور زیادہ خصوصیت کیا تو نہیں دیکھتا کہ ان پانچ سے بعض میں تو کوئی چیز ایسی ہے ہی نہیں جو حصر و تخصیص پر دلالت کرے جیسے یہ ارشاد کہ پانی اتارتا ہے اور یہ ارشاد کہ پیٹ کی چیزیں جانتا ہے اور ہم نہیں مانتے کہ صرف مقام حمد میں ذکر کرنا مطلقاً اختصاص کا موجب ہو کہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے سمع و بصر علم سے اپنی ذات کی مدح فرمائی اور ان سے اپنے بندوں کا بھی وصف کیا کہ فرماتا ہے اس نے تمھارے لئے بنائے کان اور آنکھیں اور دل اور اسی باب سے ہے موسیٰ علیٰ نبینا وعلیہ الصلاۃ والسلام کا یہ فرمانا کہ میرا رب بھٹکتا نہیں اور انبیا بھی بھٹکنے سے پاک ہیں اے قوم مجھ میں کچھ گمراہی نہیں اور اللہ تعالیٰ فرماتا ہے بے شک اللہ ذرہ بھر ظلم نہیں کرتا اور انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام بھی ظلم سے منزہ ہیں اللہ نے فرمایا میرا عہد ظالموں کو نہیں پہنچتا ثانیا ہم نے اختصاص مانا مگر پانچ کو ان میں کیسی خصوصیت کیا ہے کہ اللہ کے بتانے کو بھی ان کی طرف راہ نہ رہے کہ یہ اگر ہو تو مفہوم اللقب سے استدلال کے قبیل سے ہوگا (یعنی بعض اشیاء کا نام لے کر جو حکم بیان کیا جائے وہ اس پر دلالت کرے کہ وہ حکم ان کے غیر میں نہیں) اور وہ باطل ہے اصول میں اس کے بطلان پر دلائل قائم ہو چکے اس لئے کہ آیت میں تو پانچ کا لفظ بھی نہیں جسے مفہوم ادب کی طرف پھیر دو (یعنی کچھ گنتی گنا کر جو حکم بیان کیا جائے وہ دلالت کرے کہ اس

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لا یعلمہن الا ہو کو پھر مجھ پر بہتان ہے کہ میں نے دعویٰ کیا دوسری آیہ کریمہ کے عدم دلالت کا خدف پر حالانکہ یہ میرا رسالہ تمھاری آنکھوں کے سامنے ہے اس آیۂ کریمہ کا یہاں اس میں کوئی ذکر نہیں صرف پہلی آیت پر میں نے کلام کیا ہے اور وہ بھی مناظرانہ رنگ پر جیسا کہ تم دیکھ رہے ہو ہم اللہ سے طالب عفو و عافیت ہیں ۱۲ منہ غفرلہ

Marfat.com

على الاختصاص فاى خصوصية للخمس فيه بحيث لا يبقى للاعلام الالهى اليها سبيل؛ فانه ان كان استدلالا بنحو مفهوم اللقب وهو باطل مبرهن على بطلانه فى الاصول؛ فان الآية ليس فيه لفظ الخمس ايضا حتى يرجع الى مفهوم العدد والحديث وان ذكر فيه هذا اللفظ فمع قطع النظر عما قدمنا ان خبر الآحاد؛ يصلح للاعتماد؛ فى باب الاعتقاد؛ لا نسلم ان العدد فى امثال المقام ينفى ما زاد؛ اما سمعت قوله صلى الله تعالى عليه وسلم اعطيت خمسا لم يعطهن احد قبلى مع انه صلى الله تعالى عليه وسلم خص بعطايا كثيرة لا تعد ولا تحصى والحديث جاء من وجه آخر بلفظ فضلت على الانبياء بست فالخمس تنفى الست فيتناقضان ثم هما فى سرد الخصال متخالفان فعد فى كل منهما

له ثم رأيت فى ارشاد السارى شرح صحيح البخارى من تفسير سورة الرعد ما نصه ذكر خمسا وان كان الغيب لا يتناهى لان العدد لا ينفى الزيادة او لانهم كانوا يعتقدون معرفتها اھ ونحوه فى الانعام كانوا يدعون علمها وفى عمدة القارى من الايمان قيل ما وجه الانحصار فى هذه الخمس مع ان الامور التى لا يعلمها الا الله كثيرة واجيب بانه اما لانهم كانوا سألوا الرسول صلى الله تعالى عليه وسلم عن هذه الخمس فنزلت الآية جوابا لهم واما لانها عائدة الى هذه الخمس اھ اقول لا معنى لعود ما وراءها اليها فان كنه ذاته وصفاته تعالى لا يعلمه الا هو ولا يرجع الى شئ من الخمس وكانه الى هذا يشير بقوله فانهم وكذلك فى قول القسطلانى كانوا يعتقدون معرفتها ويدعون علمها نظر ظاهر بالنظر الى الساعة فانهم لم يكونوا يؤمنون بها فضلا عن ادعاء معرفتها والجواب الثانى ما القاه [illegible] خالى على عمدة ضعيف كما سياتى اھ منه مد ظله

سے زائد کے لئے یہ حکم نہیں) اور حدیث میں اگر پانچ کا لفظ آیا ہے تو اس سے قطع نظر کرکے جو پر ہم بیان کر آئے کہ حدیث آحاد دربارۂ اعتقاد نا مفید اعتماد ہم نہیں مانتے کہ ایسی جگہ عدد زیادہ کی نفی کرتا ہو کیا تو نے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا وہ ارشاد نہ سنا کہ مجھے پانچ چیزیں ایسی عطا ہوتیں جو مجھ سے پہلے کسی کو نہ دی گئیں حالانکہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اتنے کثیر عطاؤں سے خاص کئے گئے ہیں جن کی گنتی اور شمار نہ ہو سکے اور حدیث دوسری طریق سے یوں آئی کہ میں انبیا پر چھ وجہ سے فضیلت دیا گیا تو پانچ چھ کی نفی کرے گا تو دونوں حدیثوں میں تناقض ہو جائے گا پھر ان فضائل کے شمار کرنے میں وہ دونوں حدیثیں مختلف ہیں تو ہر ایک میں وہ بات گنی گئی ہے جو دوسری میں نہ شمار ہوئی تو اگر یہ مانیں کہ عدد سے حصر سمجھا جاتا ہے تو صحیح حدیثیں کہ ائمہ کے نزدیک سب مقبول ہیں متعدد جگہ ایک دوسرے کی نفی کریں گی اور بندہ ضعیف نے جتنی حدیثیں اس روش پر چلیں ان کو اپنے رسالہ البحث الفاحص

لے پھر میں نے ارشاد الساری شرح صحیح بخاری کی تفسیر سورۂ رعد میں دیکھا جس کی عبارت یہ ہے پانچ کو ذکر فرمایا اگرچہ غیب غیر متناہی ہے یہ اس لئے عدد نفی زیادت نہیں کرتا

یا اس لئے کہ کفار ان کے جاننے کا اعتقاد کرتے تھے اور ان کے الفاظ سورۂ انعام میں یہ ہیں کہ وہ جھوٹا دعویٰ کرتے تھے ان کے علم کا اور عمدۃ القاری باب الایمان میں ہے کہا گیا ان پانچ میں انحصار کی وجہ کیا ہے باآنکہ وہ امور جنھیں اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا بہت ہیں جواب دیا گیا یا اس لئے کہ کفار رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے ان پانچ کے متعلق سوال کرتے تھے تو ان کے جواب میں یہ آیت نازل ہوئی۔ یا اس لئے کہ یقیناً وہ تمام امور انھیں پانچ کی طرف راجع ہیں تو سوچو اس میں کہتا ہوں ان پانچ کے ماسوا سب انکی طرف عود کرنا اسے کوئی معنی نہیں کیونکہ کنہ ذات وصفات حق تعالیٰ کو نہیں جانتا مگر وہی وہ ان پانچ میں سے کسی کی طرف رجوع نہیں کرتی اور گویا کہ انھوں نے اسی کی طرف اشارہ کیا اپنے قول فافہم سے تو سوچو یوں ہی علامہ قسطلانی کے قول میں کہ کفار ان پانچ کی معرفت کا اعتقاد رکھتے تھے اور ان کا کہنا کہ ان کے جاننے کا جھوٹا دعویٰ کرتے تھے کھلی نظر ہے قیامت کی طرف نظر کرتے ہوئے کیونکہ درحقیقت انھیں اس پر ایمان نہ تھا کیونکہ وہ قطعاً اس پر ایمان ہی نہ رکھتے تھے چہ جائیکہ اس کی معرفت کا ادعا۔ جواب ثانی وہ ہے جو اللہ عزوجل نے اپنے اس ضعیف بندہ کو القا فرمایا جو عنقریب آتا ہے ۱ھ منہ مدینہ

Marfat.com

مالم يجد فی الأخر فعلى تقدير افادة العدد الحصر يلزم تنافی
الاحاديث الصحيحة المقبولة كلها عند الائمة بوجوه شتی
والعبد الضعيف قد جمع الاحاديث الماشية على هذا النسق
فی رسالة سميتها البحث الفاحص عن طرق احاديث الخصائص
فوجدها عادة من اثنين الى عشر وكل بذكر ما ليس فی صاحبه
وقد نافت الخصائص المذكورة فيها على ثلثين فأين
الخمس واين الست ومن تتبع باب ثلث وباب اربع وباب
خمس ونظائرها من الجامع الصغير ومن ذيله ومن جمع الجوامع
أيقن ان العدد لا يقضی بالحصر فی شئ من امثال هذا المقام و
لعلك تقول هذا كله واضح ولكن لابد لتخصيصهن بالذكر
من نكتة **اقول** وبالله التوفيق نعم نكتة واية نكتة رفيعة
جليلة بديعة جميلة: ومن لطفها انها تقضی على الوهابية بعكس
ما فهمته افهامهم الذليلة: فاسمع لما الهم الله سبحانه
وتعالى اعلم[1] ان فی الغيوب كثرة عظيمة سوى هذه الخمس

---

[1] قوله اعلم الخ هذا من الاسرار الربانية والحكم الالهية والفيوضات الرحمانية والاختصامات الوهبية ان رزق الله مؤلف هذا الكتاب الجليل حكمة ذكر الخمس من دون ما فوقها من الغيبات واطلعه الله تعالى على ما تختص من نكت الجليلات ولله در ابن مالك اذ يقول فی طالعة تسهيلة واذ كانت العلوم عطايا الهية ومنحا ربانية فغير غرابة ان يدخر للمتاخرين ما صعب فهمه على كثير من المتقدمين اعاذنا الله من حسد يسد باب الانصاف ويصد عن جميل الاوصاف الى آخره — [illegible] ما يفتح الله للناس من رحمة فلا ممسك لها وقوله جل شانه وعز سلطانه

مطلب: نكتة تخصيص ذكر الخمس

عن طرق احادیث الخصائص میں جمع کیا تو انھیں پایا کہ دو سے دس تک گنتی ہے اور ہر ایک میں وہ بات مذکور ہے جو دوسری میں نہیں اور خصائص جو ان میں مذکور ہوئے تیس سے بھی بڑھ گئے تو کہاں پانچ اور کہاں چھ اور جو شخص جامع صغیر اور اس کے ذیل اور جمع الجوامع سے ثلث اور ربع اور خمس کے باب تفتیش کرے وہ یقین کرے گا کہ ایسی جگہ عدد کہیں حصر کا حکم نہیں کرتی اور شاید تو کہے کہ یہ سب تو ظاہر بات ہے مگر آخر خاص ان پانچ کے ذکر فرمانے میں کوئی نکتہ تو ہونا چاہیئے اقول وباللہ التوفیق ہاں نکتہ ہے اور کیسا نکتہ بلند و بالا جلالت لو طرز خوش نما اور اس میں ایک لطف یہ ہے کہ دہابیہ جو اپنی ذلیل فہموں سے سمجھے یہ ان پر اس کے عکس کا حکم لگاتا ہے تو کان لگا کر سن وہ جو اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے القا فرمایا جانئے کہ ان پانچ کے سوا غیب اور بہت کثرت سے ہیں یہاں تک کہ ان پانچ کے جملہ افراد سب مل کر بھی اور غیبوں کے ہزارویں حصہ کو بھی نہیں پہنچتے تو اللہ تعالیٰ غیب کا غیب ہے اور وہ ہر چیز پر شاہد ہے اور اس کی ہر صفت غیب ہے اور برزخ غیب ہے اور بہشت غیب ہے اور دوزخ غیب ہے اور حساب غیب ہے اور نامۂ اعمال غیب ہے اور قیامت کے میدان میں

لے تو اعلم الخ یہ ربانی راز اور الٰہی حکمت اور ربانی فیوض اور وہبی خصوصیت کہ اللہ تعالیٰ نے نصیب کی اس جلالت والی کتاب کے مؤلف کو حکمت ذکر خمس کے ماسوا اس کے کہ اس سے بڑھ چڑھ کر ہیں غیوب سے اور مطلع فرمایا خاص خاص جلالت والے نکتوں پر اور اللہ کے لئے ہے خوبی ابن مالک کو کہ وہ کہتے ہیں اپنی طالعہ تسہیل میں اور جب کہ علوم الٰہی بخشش اور ربانی عطیہ ہیں تو کچھ نئی بات نہیں یہ کہ اللہ اٹھا رکھے متاخر کے لئے وہ کہ جس کا سمجھنا بہت سے متقدمین کے لئے دشوار ہوا اھ اور ان تحقیقوں پر واقف ہونے والے کو یہ آیت تلاوت کرنا چاہئے: " وہ کشود کہ اللہ لوگوں کے لئے اپنی رحمت سے فرمائے تو اس کا کوئی روکنے والا نہیں - نیز یہ آیت

Marfat.com

حتی ان مجموع افراد الخمس بجذافیرها لا تبلغ جزء من عشر عشیر معشار ما سواها فالله تعالیٰ غیب الغیب وهو علیٰ کل شیٔ شهید وکل صفة من صفاته غیب والبرزخ غیب والجنة غیب والنار غیب والکتاب غیب والحشر غیب والنشر غیب والملائکة غیب وجنود ربك سواهم غیب الیٰ غیوب لا یمکن لنا احصاء اجناسها فضلا عن افرادها ومعلوم ان کلها اوجلها اشد غیبة من اکثر الخمس وما ذکر الله تعالیٰ فی هذه الاٰیة منها شیأ وانما اتی بهذه فلم یحصها لزیادة تغلغلها فی الکمون والبطون بل ان الزمان کان زمان الکهان وکان الکفرة یدعون علوم الغیب بالرمل وبالتنجیم وبالقیافة وبالعیافة وبالزجر وبالطیر وبالأزلام؛ وبغیر ذلك من هوساتهم المغشاة بالظلام؛ وما کانوا یبحثون عما ذکرنا من علم الذات والصفات والمعاد والاملاك؛ ولا لأدراکها طریق اصلا فی تلك الفنون الداعیة الی الهلاك؛ وانما کانوا یقولون عن الأمطار متی تکون این تکون؛ وعن الاجنة هل هی بنات ام بنون؛ وعن المکاسب والمتاجر؛ والرابح فیها والخاسر؛ وعن قفول المسافر الی بیته؛ اومرته

ذلك فضل الله یؤتیه من یشاء والله ذوالفضل العظیم

اه کتبه الفقیر حمدان الجزائری- مد نبیه حمد انبیه

هذا ثانی الحواشی التی تفضل بها علی کتابی سعادة علامة المغرب مولینا حمدان حمد تعاله الحنان اٰمین والحمد لله رب العلمین اه منه حفظه ربه تعالیٰ

جمع کیا جانا غیب ہے قبروں سے اٹھانا غیب ہے اور فرشتے غیب ہیں اور ان کے سوا تیرے رب کے لشکر غیب ہیں اور ان کے سوا اور غیب ہیں کہ جن کی جنسیں تک ہم نہیں گنا سکتے نہ کہ فردیں اور معلوم ہیں کہ یہ سب کے سب یا ان میں اکثر غیب ہونے میں ان پانچ سے بڑھ کر ہیں اور اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے اس آیہ کریمہ میں ان میں سے کچھ ذکر نہیں فرمایا صرف یہی پانچ ذکر فرمائے تو انھیں اس ملئے نہ گنایا کہ یہ غیبت وخفا کے اندر زیادہ داخل ہیں بلکہ بات یہ ہے کہ وہ زمانہ کاہنوں کا تھا اور کافر علم غیب کا ادعا رکھتے تھے رمل سے، نجوم سے، قیافہ سے، عیافہ سے، زجر طیر سے اور بالسنوں سے اور ان کے سوا اپنی اوہوں سے جو اندھیریوں سے ڈھانپی ہوئی تھیں اور وہ ان چیزوں سے جو ہم نے ذکر کیں مثلاً ذات وصفات الٰہی اور آخرت اور فرشتے کچھ بحث نہ رکھتے تھے اور نہ ان چیزوں کے جاننے کی ان بربادی کی طرف بلانے والے فنون میں کوئی راہ تھی وہ تو یہی بات بکا کرتے تھے کہ مینہ کب ہوگا کہاں ہوگا اور پیٹ کا بچہ لڑکی ہے یا لڑکا اور کسب اور تجارتوں کے حال اور یہ کہ ان میں کسے فائدہ ہوگا اور کسے نقصان اور یہ کہ مسافر اپنے گھر پلٹے گا یا وہیں پردیس میں مرجائے گا تو یہ چار چیزیں خاص ذکر کی گئیں بایں معنی کہ یہ چیزیں جن کا علم کا تم اپنے باطل فنون سے ادعا کرتے ہو ان کا علم تو اسی بادشاہ جلیل کے پاس ہے بے اس کے بتائے اس کی طرف کوئی راہ نہیں اور ان چار کے ساتھ علم قیامت کو بھی شامل فرمالیا کہ یہ بھی انھیں باتوں کے جنس سے تھی جن سے بحث کرتے تھے یعنی موت

یہ ہے اللہ کا فضل عطا فرماتا ہے جسے چاہے اور اللہ بڑے فضل والا ہے اھ

اسے تحریر کیا فقیر حمدان جزائری نے مدینہ حمدانیہ

یہ دوسرا وہ حاشیہ ہے جس سے میری کتاب پر کرم فرمایا علامہ مغرب مولانا حمدان نے کی فضیلت ہند حمدان کے کاموں کو سراہے الٰہی ایسا ہی کر اور ساری خوبیاں اللہ پروردگار عالم کے لیے ہیں

اھ منہ حفظہ ربہ تعالیٰ

ثم فی غربته ؛ فخصت هذه الاربع بالذکر بمعنی ان التی تدعون علمها بفنونکم الا باطیل ؛ فان علمها عند الملک الجلیل ؛ لیس الیها من دون اعلامه تعالیٰ سبیل ؛ وضم الیها علم الساعة لانها من جنس ما یبحثون عنها وهو الموت فهم کانوا یخبرون عن موت احاد من الناس وا قساعة موت کل من فی الارض وقد علم من عرف النجوم ان الکواکب علی زعم ذلک الفن اشد دلالة علی الحوادث العامة من الخاصة وفی خراب دار وهلاک رجل لیست عندهم ضوابط تقطع بها بزعمهم ایضا فان انظار الکواکب واتصالاتها واوضاعها ودلالاتها ربما تتعارض فی الامور الجزئیة بل قلما یوجد بیت من بیوت زائجة ولادة او تحویل عام فی عمر احد والکواکب الذی فیه وهو ناظر الیه خالیا عن تعارض القوة والضعف فان کان له وجه الی الشر فوجه اخر الی الخیر وهم انما یخمنون ویرجحون ؛ وبما یقع عندهم الغلبة یحکمون ؛

لہ وقد حکمت المحاسبات ان لو بقیت الدنیا لیقعن القرآن الاعظم بین العلویین بعد خمسمائة وثمان واربعین سنة من تاریخنا هذا الثالث والعشرین من ذی القعدة سنة الف وثمانمائة واحدی وسبعین من الهجرة تریب نصف اللیل فی الدرجة الثالثة من الحمل کل ذلک بالوسطی فلئن بقیت الدنیا لم یبعد ان تقوم الساعة فی المحرم الذی یلیه او الذی قبله من عامه لان حکم القران یبتدئ فی هذین اذا بقی الفصل بینهما حج وینتهی اذا صار بعد القران طجہ والله تعالیٰ اعلم اه منه حفظه ربه تعالیٰ صد نبیه ثم عن لی احتمال ان یکون راس تلک المائة زمن ظهور سیدنا الامام الموعود رضی الله تعالیٰ عنه وترجح ذلک عندی بما رائت للسان الحقائق سید المکاشفین سیدنا الامام الاجل الشیخ الاکبر رضی الله تعالیٰ

Marfat.com

تو اکا دکا آدمیوں کی موت سے بحث کرتے تھے اور قیامت تمام اہلِ زمین کی موت ہے اور بے شک جو فن نجوم جانتا ہے اسے معلوم ہے کہ اس فن کے زعم پر ستاروں کی دلالت عام حادثوں کی بہ نسبت خاص کے بہت زائد ہے اور کسی ایک گھر کی خرابی یا ایک شخص کے موت کے لیے ان کے پاس کوئی ایسا قاعدہ نہیں جس پر وہ اپنے زعم میں بھی یقین کر سکیں اس واسطے کہ ستاروں کی نظریں اور جوگ اور باہمی نسبتیں اور دلالتیں جزئی باتوں میں اکثر ایک دوسرے کے خلاف پڑتی ہیں بلکہ کسی کے زائچہ پیدائش یا عمر کے زائچہ سال میں کم ایسا اتفاق ہوتا ہے کہ جو ستارہ کسی گھر میں ہو یا اس کی طرف دیکھ رہا ہو وہ قوت و ضعف کی باہم مزاحمت سے خالی ہو تو اگر ایک طرف سے بدی پر دلالت کرتا ہے تو دوسری جانب سے بھلائی پر اور وہ بس اٹکل دوڑاتے ہیں اور ایک جانب کو ترجیح دیتے ہیں اور جدھر کا پلا ان کے نزدیک جھکتا ہے اس پر حکم لگا دیتے ہیں مگر عالم میں انقلاب عام کے لیے ان کے یہاں ایک قاعدہ قرار پایا ہوا استمراری ہے اور وہ قران اعظم ہے یعنی دونوں اونچے ستاروں زحل و مشتری کا تینوں بروج آتشی حمل اسد قوس سے کسی کے اول میں جمع ہونا جیسا کہ زمانۂ طوفان نوح علیہ الصلاۃ والسلام میں تھا اور معلوم ہے کہ حساب[1] سے آنے والے قران بھی یوں ہی معلوم ہو سکتے ہیں جیسے گذرے ہوئے اور یہ کہ وہ کتنے برس

---

[1] قدحکمت المحاسبات الخ اور حسابات کی رو سے یقینی ہے کہ اگر دنیا باقی رہی تو علویین کا قران اعظم ضرور واقع ہوگا بعد ۸۶۳ھ کے ہماری اس تاریخ سے بتاریخ ۲۳ ذی القعدہ ۱۸۰۱ھ کو آدھی رات کے قریب حمل کے تیسرے درجہ میں اور یہ سب کچھ اوسط میں ہوگا تو دنیا اگر باقی رہی تو یہ بات دور نہیں کہ قیامت قائم ہو اس محرم میں جو اس ذی قعدہ کے پاس ہے یا اس میں کہ جو اس سے پہلے ہے اسی سال کیونکہ قران کی ابتدا انھیں دنوں میں ہے جب کہ فاصلہ ع کا باقی رہے اور انتہا اس کے بعد قران جب ہوگی کہ ط ہو جائے واللہ تعالیٰ اعلم ام منہ حفظہ ربہ تعالیٰ مدینہ

Marfat.com

اما الانقلاب العام فی العالم فله عندهم ضابطة مستقرة مستمرة وهو القران الاعظم اعنی اجتماع العلويين زحل والمشتری فی اوائل احد من البروج الثلاثة النارية الحمل والاسد والقوس كما كان ذلك فی زمن طوفان نوح عليه الصلاة والسلام ومعلوم ان الحساب ينبئ عن القرانات الآتية كالماضية وانها بعد كم سنة تكون وكيف تكون وفی اية درجة بل دقيقة من ای برج يكون وما جهته وكم بقاؤه وهل يكون كاسفا ام كاشفا الی غير ذلك فان النجوم مسخرات بحساب قديم: ذلك تقدير العزيز العليم: فوبخوا بذكر الساعة ان لو كان لعلومكم هذه حقيقة كما تزعمون لكان علمكم بالساعة اسرع من علمكم بموت فلان لكنكم لا تعلمون: ان انتم الا تخرصون: فهذه والله اعلم نكتة تخصيص الذكر

عنه فی كتابه الدر المكنون والجواهر المصون من قوله ؎

اذا دار الزمان علی حروف ببسم الله فالمهدی قاما

ويخرج بالحطيم عقيب صوم الا فاقراه من عندی سلاما

اما ما فی الحديث ان عمر الدنيا سبعة الاف سنة انا فی آخرها

الفا رواه الطبرانی فی الكبير والبيهقی فی دلائل النبوة عن الضحاك بن زمل الجهنی رضی الله تعالی عنه عن النبی صلی الله تعالی عليه وسلم وقوله صلی الله تعالی عليه وسلم انی لارجو ان لا تعجز امتی عند ربها عز وجل ان يؤخرهم نصف يوم رواه الامام احمد وابو داؤد ونعيم بن حماد والحاكم والبيهقی فی البعث وايضا بسند جيد عن سعد بن ابی وقاص رضی الله تعالی عنه وفيه قيل لسعد وكم نصف يوم قال خمسمائة سنة وللبيهقی فی البعث عن ابی ثعلبة رضی الله تعالی عنه انه قال الله لا تعجز هذه الامة من نصف يوم اقول لا يعدان مترجی صلی الله تعالی عليه وسلم امهال نصف فيمنحه ربه يوما كاملا او ما شاء من زيادة سيما قال صلی الله تعالی عليه وسلم لن يكفيكم ان يمدكم ربكم بثلثة الاف من

Marfat.com

کے بعد ہوگا اور کیا ہوگا اور یہ کہ کس برج کے کس درجہ بلکہ کس دقیقہ میں ہوگا اور
کس طرف ہوگا اور کتنے دنوں رہے گا اور ایک ستارہ دوسرے کو چھپالے گا یا
کھلا رہے گا اور ان کے سوا اور باتیں اس لئے کہ ستارے تو ایک مضبوط حساب کے
باندھے ہوتے ہیں یہ زبردست جاننے والے کا اندازہ مقرر فرمایا ہوا ہے تو قیامت
کے ذکر سے ان پر توبیخ کی فرمائی گئی کہ تمھارے ان علموں کی اگر کچھ حقیقت ہوتی جیساکہ
تمھارا خیال ہے تو کسی ایک شخص کی موت جاننے سے قیامت کا علم تمھیں زیادہ جلد آجاتا
مگر تم نہیں جانتے تم تو یوں ہی اٹکل دوڑاتے جاتے ہو تو ان پانچ چیزوں کے خاص کر کا

پھر مجھے پیش آیا یہ احتمال کہ اس صدی کا آخر زمانہ ظہور سیدنا امام موعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ
اور میرے نزدیک مرجح ہے کہ میں نے لسان الحقائق سید المکاشفین امام اجل شیخ اکبر رضی اللہ
تعالےٰ عنہ کی کتاب الدر المکنون والجواہر المصئون میں ان کا ارشاد دیکھا جب زمانہ کا دور
بسم اللہ کے حروف پر ہوگا تو امام مہدی قائم ہوں گے اور حطیم میں بعد روزہ کے نکلیں گے
تو میری جانب سے انھیں سلام عرض کرنا
لیکن جو حدیث میں ہے کہ دنیا کی عمر سات ہزار برس کی ہے میں پچھلے ہزار میں
ہوں اس کو طبرانی نے کبیر میں روایت کیا اور بیہقی نے دلائل النبوۃ ضحاک ابن زمل جہنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ
سے انھوں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے روایت کیا حضور کا ارشاد ہے میں بلا شبہ اس کی امید رکھتا ہوں کہ
میری امت محروم نہ ہوگی اپنے رب کے پاس اس سے کہ انھیں آدھے دن کی تاخیر عطا فرمادے اسے روایت کیا
امام احمد اور ابو داؤد اور نعیم بن حماد اور حاتم اور بیہقی نے بعث میں اور ضیاء نے بسند جید سعد بن ابی وقاص
رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اور اسی میں ہے کہ سعد سے کہا گیا کہ آدھا دن کتنا ہے پانچ سو برس اور بعث میں بیہقی کی روایت
ابو ثعلبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے کہ انھوں نے کہا کہ ہرگز نہ کریگا اللہ تعالیٰ اس امت کیلئے آدھے دن سے میں کہتا ہوں
کچھ دور نہیں کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے آدھے دن کی مہلت چاہی ہو اور ان کے رب نے انھیں پورا
دن یا جو اضافہ چاہا عنایت فرمایا ہو جیساکہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا تھا یہاں تمھیں ہرگز
کفایت نہ کریگا کہ تمھاری مدد کرے تمھارا رب تین ہزار اتارے ہوئے ملائکہ سے تو انکے رب عزوجل نے ارشاد
فرمایا کہ اگر تم صبر اور پرہیزگاری کرو تو مدد کرے گا تمھاری تمھارا رب پانچ ہزار ملائکہ سے تو یقیناً حضور
کے لئے اضافہ فرمایا۔ وللہ الحمد ۱۲ منہ جدیدہ

لہ لما اتی الرجب تخصیص بر آئے تو ضمیر مصدر کی طرف پھیر دی ۱۲ منہ کمیہ

Marfat.com

وللہ الحمد علی تسدید الفکر؛ اتقن ھذا فانہ من فیوض ھذا البیت الکریم ؛ وسانح الوقت بعون النبی الرحیم؛ علیہ وعلی الہ الصلاۃ والتسلیم؛ **ثالثا** نعم قال النبی صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خمس لا یعلمھن الا اللہ وقال اللہ عزوجل قل لا یعلم من فی السمٰوات والارض الغیب الا اللہ فخصص الرسول وعمم الالہ وانا بکل مؤمنون فان الخصوص لا ینفی العموم فلا یعلم الخمس الا اللہ ولا یعلم غیرھا من الغیوب التی ھی اعلیٰ واشرف وادق والطف منھا الا اللہ **اقول** بل لا یعلم شیأ الا اللہ بل لا وجود حقیقیا الا اللہ وقد جعل النبی صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اصدق کلمۃ قالھا العرب قول لبید الا کل شی ما خلا اللہ باطل وقد تقرر عندنا ان کلمۃ لا الہ الا اللہ معناھا عند العامۃ لا معبود الا اللہ وعند الخاصۃ لا مقصود الا اللہ و عند الاخصین لا مشھود الا اللہ وعند المنتھین لا موجود الا اللہ والکل حق ومدار الایمان علی الاول ومناط الصلاح الثانی وتمام السلوک بالثالث وملاک الوصول ھو الرابع رزقنا اللہ من جمیعھا حظا وافیا بمنہ وکرمہ امین وقد انشد سوادؓ بن قارب رضی اللہ تعالیٰ عنہ النبی صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

مطلب۔ حصر العلم فی اللہ و وجوب النفی عن عباد اللہ ولکن کل ما یصح ان یظھر عبادہ

مطلب۔ لا موجود الا اللہ

الملائکۃ منزلین فقال ربہ عزوجل بل ان تصبروا وتتقوا ویاتوکم من فورھم ھذا یمددکم ربکم بخمسۃ الاف من الملائکۃ مسومین فزادہ الفین وللہ الحمد

اھ منہ حفظہ

لہ لما اتی علی الخصوص ارجع الضمیر الی المفرد ۱۲ منہ مکیہ

Marfat.com

یہ نکتہ ہے اور اللہ خوب جانتا ہے اور درستی فکر پر اللہ ہی کے لئے حمد ہے اسے خوب
مضبوطی سے سمجھ لو کہ یہ اس کرم والے گھر (یعنی خانہ کعبہ) کے فیضوں سے ب ا د ر بنی
رحیم علیہ وعلی آلہ الصلاۃ والتسلیم کی مدد سے اس وقت تازہ ذہن میں آنے والا
ثالثاً ہاں نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا پانچ چیزیں ہیں جنھیں اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا
اور اللہ عزوجل نے فرمایا تم فرما دو کہ آسمان وزمین میں کوئی غیب نہیں جانتا سوا اللہ کے
تو نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خاص پانچ چیزوں کو فرمایا اور اللہ عزوجل نے عام
حکم فرمایا اور ہم سب پر ایمان لاتے اس لئے کہ خاص عام کی نفی نہیں کرتا تو ان پانچ کو
کوئی نہیں جانتا سوا اللہ کے اور اس کے سوا اور غیب جو ان سے علو و شرف و دقت و
لطافت میں زائد ہیں انھیں بھی کوئی نہیں جانتا سوا اللہ کے اقول بلکہ کوئی کچھ نہیں جانتا
سوا اللہ کے بلکہ حقیقی وجود کسی کے لئے نہیں سوا اللہ کے اور بے شک نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے
عرب کے تمام مقولوں میں سب سے زیادہ سچا لبید کے اس قول کو فرمایا سن لو ہر شے بے حقیقت ہے
سوا اللہ کے اور ہمارے یہاں قرار پا چکا ہے کہ لا الٰہ الا اللہ کے معنی عام لوگوں کے نزدیک تو
یہ ہیں کہ اللہ کے سوا کوئی سچا معبود نہیں اور خواص کے نزدیک یہ کہ اللہ کے سوا کوئی مقصود نہیں
اور خاص الخاص کے نزدیک یہ کہ اللہ کے سوا کوئی نظر ہی نہیں آتا اور جو نہایت کو پہنچ گئے ان
کے نزدیک یہ معنی ہیں کہ اللہ کے سوا کوئی موجود نہیں اور یہ سب معنی حق ہیں اور ایمان کا
مدار پہلے پر ہے اور صلاح کا مدار دوسرے پر اور سلوک کا تمام تیسرے پر اور وصول الی اللہ
کا مدار چوتھے پر اللہ تعالیٰ ہمیں ان سب معنی میں سے پورا حظ عطا فرمائے اپنے احسان و کرم سے آمین۔
اور بے شک سواد بن قارب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حضور یہ اشعار پڑھے
ترجمہ: میں گواہی دیتا ہوں کہ بے شک اللہ ہے اور اس کے سوا کوئی نہیں اور بے شک آپ تمام مغیبات کے امین ہیں
اور بے شک آپ اے طیب طاہر آباؤ اجداد والے کے فرزند تمام رسولوں سے زیادہ شفاعت کے معاملہ میں اللہ سے قریب ہیں۔
آپ میرے سفارشی بن جائیے جس دن آپ کے سوا کوئی سفارشی سواد بن قارب کو نفع نہیں پہنچا سکتا۔

Marfat.com

فاشهد ان الله لا شیئ غیره   وانك مامون علی کل غائب
وانك ادنی المرسلین شفاعة   الی الله یا ابن الاکرمین الاطائب
فکن لی شفیعا یوم لا ذو شفاعة   سواك بمغن عن سواد بن قارب

هکذا اروینا فی المسند وان کانت الروایة الاخری لا رب غیره اقول فاراد نفی الوجود عن کل شی سوی الله تعالیٰ وثانیا اثبت علم المغیبات لنبینا صلی الله تعالیٰ علیه وسلم حیث جعله امینا علی جمیع الغیوب والجاهل عن شئ لا یکون امینا علیه وثالثا آمن بان نبینا صلی الله تعالیٰ علیه وسلم قد اعطی الشفاعة کما قال صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فی حدیث مسلم واعطیت الشفاعة لا کما قالت الوهابیة انه لم یعطها بعد وانما یؤذن له فیها یوم القیٰمة قصدوا بذلك ان لا یستغاث به صلی الله تعالیٰ علیه وسلم الآن لانه لا یقدر الآن علی الشفاعة ونبذوا قوله تعالیٰ واستغفر لذنبك وللمومنین والمؤمنٰت وقوله تعالیٰ ولو انهم اذ ظلموا انفسهم جاؤك فاستغفروا الله واستغفر لهم الرسول لوجدوا الله توابا رحیما وراء ظهورهم کانهم لا یعلمون ورابعا آمن بانه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم هو اقرب شفاعة لا کما قال کبیر الوهابیة انه تعالیٰ اذا اراد الاحتیال لمغفرة النادم التائب لا شفاعة عند الاله لا لمن اذنب ولم یتب فانه یقیم من شاء شفیعا له من دون تخصیص وخامسا استغاث به صلی الله تعالیٰ علیه وسلم ردا علی الوهابیة وسادسا ترقی عن اقربیة شفاعته صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فحصر الشفاعة فیه وهو الحق

Marfat.com

مسند امام احمد میں ہم کو یہی روایت آئی ذکا اللہ کے سوا کوئی شے نہیں اگرچہ دوسری روایت میں یہ ہے کہ اس کے سوا کوئی رب نہیں قول تو سواد رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اول اللہ کے سوا ہر چیز سے وجود کی نفی فرمائی دوم ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لئے غیبوں کا علم ثابت کیا کہ حضور کو تمام غیبوں پر امین بنایا اور جو کسی چیز کو نہ جانتا ہو اس پر امین کیا ہوگا سوم اس پر ایمان لائے کہ ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو شفاعت عطا ہو چکی جیسے کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حدیث صحیح مسلم میں فرمایا کہ مجھے شفاعت عطا کی گئی نہ جیسے وہابیہ کہتے ہیں کہ حضور کو ابھی شفاعت نہیں دی گئی حضور کو قیامت ہی کے دن اس کا اذن ملے گا وہ اس سے یہ قصد رکھتے ہیں کہ دنیا میں نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے فریاد نہ کی جائے کہ وہ ابھی شفاعت پر قادر نہیں اور اللہ عزوجل کا یہ ارشاد کہ اپنے خاص علاقہ والوں اور مسلمان مردوں اور مسلمان عورتوں کی بخشش چاہو اور اللہ عزوجل کا یہ ارشاد کہ اگر جب وہ اپنی جانوں پر ظلم کریں تمہارے حضور حاضر ہو کر خدا سے معافی چاہیں اور معافی مانگیں ان کے لئے رسول تو ضرور اللہ تعالیٰ کو توبہ قبول کرنے والا مہربان پائیں گے ان آیتوں کو وہابیوں نے ایسا پیٹھ کے پیچھے پھینک دیا گویا وہ جانتے ہی نہیں چہارم اس پر ایمان لائے کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شفاعت سب سے قریب تر ہے نہ وہ جیسا کہ وہابیہ کا پیشوا (اسمٰعیل دہلوی تقویۃ الایمان میں) کہتا ہے اللہ تعالیٰ جب کسی پشیمان توبہ کرنے والے کی بخشش کے لئے حیلہ کرنا چاہے گا تو جسے چاہے گا اس کا شفیع کر دے گا کسی کی خصوصیت نہیں اور پشیمان توبہ کرنیوالے کی قید اس واسطے ذکر کی کہ دہلوی مذکور کے نزدیک شفاعت ایسے ہی شخص کی ہوگی نہ اس گنہگار کی جس نے توبہ کی پنجم سواد بن قارب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے وہابیہ پر رد فرمانے کیلئے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے فریاد کی ششم پہلے جو یہ کہا تھا کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شفاعت سب سے قریب تر ہے اس سے ترقی کر کے شفاعت کو حضور ہی میں منحصر کر دیا اور یہی حق ہے کہ اور سب شفاعت کرنیوالے وہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں شفاعت کریں گے اور اللہ عزوجل کے حضور نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سوا کوئی شفاعت کرنے والا نہیں جیسا کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تمام انبیاء کی شفاعت کا میں مالک ہوں اور کچھ فخر کی راہ سے نہیں فرماتا ہفتم انھوں نے ثابت کیا کہ جو نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا دامن پکڑیں

Marfat.com

اما سائر الشفعاء فیشفعون عندہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ولا یشفع عند اللہ تعالیٰ الا ھو کما قال صلی اللہ علیہ وسلم وانا صاحب شفاعتھم ولا فخر وسابعا اثبت لہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم الاغناء عن المتوسلین بہ رد علی کبیر الوھابیۃ الذی زعم انہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لایغنی عن بنتہ فضلا عن غیرھا فانظر الی عظم نفع ھذہ الکلمات الیسیرۃ من ذلک الصحابی الکریم رضی اللہ تعالیٰ عنہ وقد نطق الحدیث انہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اقرہ علی جمیع ذلک ھذا وقال اللہ تعالیٰ یوم یجمع اللہ الرسل فیقول ماذا اجبتم قالوا لاعلم لنا اقول فتکلموا علی اصل الحقیقۃ ونفوا عنھم العلم راسا لان الظل اذا قابل الاصل لم تبق لہ دعوی وقالت الملئکۃ سبحٰنک لاعلم لنا الا ما علمتنا فتکلمت عن الحقیقۃ العطائیۃ فاتت بالثنیا فکان الانبیاء اکثر ادبا واعظم اجلالا منھا علی جمیعھم الصلاۃ والسلام ھی ایضا تذکرت فرجعت وحصرت فقالت انک انت العلیم الحکیم ای لاعلم الا لک وبالجملۃ فالکل للہ وما یعلم احد الا باللہ فیرجع الامر الی ما حقق الائمۃ الامجاد ان المنفی ھو الاستقلال والاستبداد ونقل بعض اصحابنا عن الروض النضیر شرح الجامع الصغیر من احادیث البشیر النذیر صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ما نصہ اما قولہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم الا ھو فمفسر بانہ لایعلمھا احد بذاتہ الا ھو لکن قد تعلم باعلام اللہ فان ثمہ من یعلمھا وقد وجدنا ذلک لغیر واحد کما رأینا جماعۃ علموا متی یموتون وعلموا ما فی الارحام

Marfat.com

حضور نہ بتا سکیں گے اس میں پیشوائے وہابیہ (اسمٰعیل دہلوی) کا رد فرمایا جو یہ بک گیا کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنی بیٹی کے بھی کام نہ آئیں گے پھر اوروں کی کیا گنتی تو ان عزت والے صحابی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ان تھوڑے سے الفاظ کا عظیم نفع دیکھو اور بے شک حدیث ناطق ہے کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کی یہ سب باتیں برقرار رکھیں یہ سمجھ لو اور اللہ عزوجل فرماتا ہے جس دن اللہ جمع کرے گا رسولوں کو ان سے فرمائے گا تمھیں کیا جواب ملا عرض کریں گے ہمیں کچھ علم نہیں اقول تو انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام نے اصل حقیقت پر کلام کیا اور اپنے سے علم سے بالکل نفی فرمائی اس لئے کہ سایہ جب اصل کے سامنے آتا ہے تو اسے کوئی دعویٰ نہیں رہتا اور ملائکہ نے عرض کی پاکی ہے تری ہمیں کچھ علم نہیں مگر جتنا تو نے ہمیں سکھایا تو ملائکہ نے حقیقت عطائی پر کلام کیا تو وہ استثنا لائے تو انبیاء ملائکہ سے ادب میں زائد اور تعظیم میں بڑھ کر ہوتے ان سب پر درود وسلام پھر ملائکہ کو بھی یاد آیا تو وہ پلٹے اور حصر کر دیا کہ بے شک وہی ہے علم والا حکمت والا یعنی تیرے سوا کسی کو علم نہیں اور خلاصہ یہ کہ سب اللہ ہی کے واسطے ہے اور کوئی بے عطائے الٰہی کچھ نہیں جانتا تو بات اسی طرف پلٹے گی جو ائمہ کرام نے تحقیق فرمادی کہ نفی[1] اس کی ہے کوئی بذات خود بے عطائے الٰہی جانے اور ہمارے بعض اصحاب نے روض النضیر شرح جامع الصغیر من احادیث البشیر النذیر سے نقل کیا کہ فرماتے ہیں رہا حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد کہ ان پانچ کو کوئی نہیں جانتا سوا اس کے، اس کے معنی یہ ہیں کہ ان پانچ کو خود بخود کوئی نہیں جانتا سوا اس کے لیکن کبھی خدا کے بتائے سے معلوم ہوتی ہیں کہ یہاں ان کے جاننے والے موجود ہیں اور ہم نے ان کا علم کئی شخصوں کے پاس پایا جیسا کہ ہم نے ایک گروہ کو دیکھا کہ انھیں معلوم تھا کہ کب انتقال کریں گے اور پیٹ کے بچہ کو عورت کے

---

[1] دمن علم الخ جس نے جانا اور دیکھا جو آگے گذرا پہلی نظر میں پھر تناقض کا الزام رد شدہ آیتوں پر دیا تو اس نے غفلت کی اور ٹھوکر کھائی ہم اللہ سے طالب ہیں کہ بخش دے کل وہ چیز جو گزری اور آیندہ آئے گی اھ منہ حفظہ ربہ مدنیہ

Marfat.com

حال حمل المراة وقبله اه **قلت** وفی شرح الصدور للامام السیوطی وبهجة الأسرار للامام الأجل نور الدین ابی الحسن علی اللخمی الشطنونی وروض الریاحین وخلاصة المفاخر للامام الأسعد عبد الله الیافعی الشافعی وغیرها من کتب القوم روایات کثیرة من هذ الباب عن الأولیاء الکرام لا ینکرها الا من حرم احرمنا الله برکاتهم وکذالک نص الامام ابن حجر المکی فی شرح الهمزیة بعطاء علم الغیوب من الخمس حیث قال ان علم الانبیاء والأولیاء انما هو باعلام الله تعالیٰ لهم وعلمنا بذلک انما هو باعلامهم وهذا غیر علم الله تعالیٰ الذی تفرد به وهو صفة من صفاته القدیمة الأزلیة الدائمة الأبدیة المنزهة عن التغیر وسمات الحدوث والنقص والمشارکة والانقسام الی قوله فلا ینافی ذلک اطلاع الله تعالیٰ لبعض خواصه علی کثیر من المغیبات حتی من الخمس التی قال فیهن صلی الله تعالیٰ علیه وسلم خمس لا یعلمهن الا الله اه ولذا قال الشیخ المحقق عبد الحق المحدث دهلوی قدس سره فی شرح المشکوة تحت حدیث خمس لا یعلمهن الا الله المعنی انما لا یعلمها

له ومن علم ادنظرة ما سبق ومرة فی اول نظرة ثم الزم التناقض فی الای الخرة فقد غفل وعثرة فنسأل الله ان یغفرلنا جمیعا ما عبر وما عثرة

اه منه حفظه ربه مدنیه

له ونفظ اللمعات المراد لا تعلم بدون تعلیم الله تعالیٰ اه وقال الامام القسطلانی فی الارشاد من سورة الانعام وینزل الغیث فلا یعلم وقت انزاله من غیر تقدیم ولا تاخیر وفی بلد لا یجاوز به الا هو لکن اذا امر به علمته ملائکته الموکلون به ومن شاء الله من خلقه ویعلم ما فی الارحام لا احد

Marfat.com

زمانہ حمل ہی جان لیا اور اس سے پہلے انتہی میں کہتا ہوں اور امام جلال الدین سیوطی کی شرح الصدور اور امام اجل نور الدین ابی الحسن علی لخمی شنطوفی کی بہجۃ الاسرار اور امام اسعد عبد اللہ یافعی کی روض الریاحین اور خلاصۃ المفاخر اور ان کے سوا اولیاء کرام کی اور کتابوں میں اولیائے کرام سے اس باب میں بہت روایات ہیں جن کا انکار نہ کرے گا مگر محروم اللہ ہمیں انکی برکتوں سے محروم نہ فرمائے اور اسی طرح امام ابن حجر مکی نے شرح ہمزیہ میں ان پانچ میں سے علم غیب عطا ہونے کی تصریح فرمائی جہاں فرماتے ہیں انبیا اور اولیا کا علم اللہ کے بتانے ہی سے ہے اور ہم جو کچھ ان میں سے جانتے ہیں وہ انبیا و اولیا کے بتائے ہی سے ہے اور یہ وہ علم الٰہی نہیں جو اس کے ساتھ خاص ہے اور وہ اللہ تعالیٰ کی ان صفتوں میں سے ہے جو قدیم ازلی دائم ابدی ہیں بدلنے اور حدوث و نقصان کی علامتوں اور ساجھے اور بانٹے سے منزہ ہیں یہاں تک فرمایا کہ اس کے منافی نہیں ہے اللہ تعالیٰ کا اپنے بعض خاص بندوں کو غیبوں کا علم دینا یہاں تک کہ ان پانچ میں سے جن کی نسبت نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ان کو اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا انتہی اور اسی لئے شیخ عبد الحق محدث دہلوی نے شرح مشکوٰۃ میں اسی حدیث کے نیچے کہ پانچ چیزیں ہیں جنھیں خدا کے سوا کوئی نہیں جانتا یوں فرمایا کہ اس کے معنٰی یہ ہیں کہ

لہ اللمعات الخ اور الفاظ لمعات کے یہ ہیں مراد یہ ہے کہ تم نہیں جانتے بغیر تعلیم الٰہی اھ امام قسطلانی نے ارشاد الساری کی تفسیر سورہ انعام میں فرمایا۔ اتارتا ہے پانی تو نہیں جانتا اس کے اتارنے کا وقت بغیر تقدم و تاخر کے اور کس شہر میں کہ اس سے تجاوز نہ کرے مگر وہی اللہ لیکن جب اس نے حکم فرمایا تو اس کے ملائکہ موکلین نے جان لیا اور اسے جسے اللہ نے چاہا اپنی مخلوق سے اور جانتا ہے جو کچھ رحموں میں ہے نہ اس کے سوا کوئی۔ لیکن جب اس نے حکم فرمایا تو ملائکہ نے جان لیا اور جسے اللہ نے اپنی مخلوق سے چاہا جان لیا اور یہ استدراک مستفاد ہے قول الٰہی۔ "الامن ارتضی من رسول" سے اور ولی رسول کے تابع ہے اسی سے لیتا ہے اھ ملتقطاً تو بلاشبہ تصریح فرمادی تعلیم الٰہی جاری ہونے کی نہ مشیت الٰہی ان پانچ میں بھی اور یہ ظاہر تر ہے اس سے کہ ظاہر کیا جائے لیکن اللہ کی پناہ نگاہ نہ ہونے سے ۱۲ منہ مدینہ

Marfat.com

احد بحسب عقله من[1] دون تعلیم الله تعالیٰ لانها من الغیوب التی لا تعلم الا باعلامه عزوعلا اھ وھذا الامام الاجل البدر[2] محمود العینی[3] قائلا فی عمدۃ القاری شرح صحیح البخاری ما نصہ

سواد لکن اذا امر علمه الملائکة ومن شاء الله من خلقه والاستدراک مستند من قوله تعالیٰ الا من ارتضیٰ من رسول والولی تابع للرسول یاخذ عنه اھ بالتقاء دفع توح بجریان الاعلام فیما شاء الله تعالیٰ من ھذه الخمس ایضا وھو اظھر من ان یظھر ولکن معاذ الله من طمس ابصار ھم منه مدظلہ -

[1] اکن لک قال الشہاب فی عنایۃ القاضی عندہ مفاتح الغیب وجه اختصاصہ بہ تعالیٰ انه لا یعلمها کما ھی ابتداء الا ھو اھ الحمد لله لا حاجۃ بنا الی الاستکثار نقد قال السید المدنی فی الرسالۃ المنسوبۃ الیه التی اثبت بها الوھابیۃ فی صـ۲ ما نصه ننقل لک ھٰھنا نصوصا عن بعض الائمۃ الاعلام تحقیقا للمقام فنقول قال الحافظ ابن کثیر فی تفسیرہ قوله تعالیٰ ان الله عندہ علم الساعۃ الآیۃ ھذہ مفاتیح الغیب التی استاثر الله تعالیٰ بعلمها فلا یعلمها احد الا بعد اعطائه تعالیٰ بها اھ توضح ولله الحمد وضوح الشمس فی رابعۃ النهار ان معنیٰ لا یعلمهن الا الله اختصاص علم الخمس به عزوجل من دون اعلام فلا یعلمها غیرہ الا بااعلامه عزوجل وھذا ھو مدعا قل جاء الحق وزھق الباطل ان الباطل کان زھوقا الحمد لله جاء النصر وتم الامر وظهر امر الله وھم کرھون ۱۲ منه حفظه ربه حیدیدہ

[2] ونقله ایضا القاری فی المرقاۃ تحت حدیث جبرئیل علیه الصلاۃ والسلام وکذا القسطلانی فی الارشاد ۱۲ منه جدیدہ

[3] ھولاء اکابر جلۃ العلماء العظام من الحنفیۃ الشافعیۃ والمالکیۃ کالامام العینی والامام القرطبی والامام الشطنوفی والامام الیافعی والامام ابن کثیر والامام السیوطی والامام القسطلانی والامام ابن حجر والعلامۃ القاری والعلامۃ الشنوانی والشیخ البیجوری والشیخ عبدالحق والشہاب الخفاجی

Marfat.com

ان پانچ چیزوں کو بے خدا کے بتائے اپنی عقل سے کوئی نہیں جانتا اس لیے کہ یہ پانچوں ان غیبوں میں سے ہیں جو بے اللہ عزوجل کے بتائے معلوم نہیں ہوتے اھ اور یہی امام اجل بدرالدین محمود عینی کہ عمدۃ القاری شرح بخاری میں فرماتے ہیں کہ امام قرطبی نے فرمایا۔

لے ایسا ہی کہا علامہ شہاب الدین خفاجی نے عنایت القاضی میں "عندہ مفاتح الغیب" اس کی تخصیص کی وجہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ یہ ہے کہ نہیں جانتا انھیں کوئی سب سے پہلے جیسی کہ حقیقت میں وہ ہیں مگر وہی اللہ تعالیٰ اھ الحمد للہ ہمیں کوئی حاجت تکثیر کی نہیں سید مدنی ہی نے اس سال میں جو ان کی طرف منسوب ہے وہابیہ لیے سلئے صت۲ میں کہا جس کی عبارت یہ ہے' ہم نقل کرتے ہیں یہاں تصریحات بعض ائمہ اعلام سے تحقیق مقام کے لیے تو ہم کہتے ہیں حافظ ابن کثیر نے اپنی تفسیر میں کہا قولہ تعالےٰ ان اللہ عندہٗ علم الساعۃ الآیہ یہ غیب کی کنجیاں وہ ہیں جنھیں اللہ نے اپنے لیے خاص کرلیا تو انھیں کوئی نہیں جانتا مگر بعد تعلیم الٰہی اھ تو واضح ہوگیا اور اللہ ہی کے لیے حمد ہے مثل واضح ہونے آفتاب کے دوپہر کے وقت کہ معنی لایعلمھن الا اللہ کے خاص ہونا علم خمس کا ہے ساتھ رب العزت کے بغیر اس کے بتائے یعنی نہیں جانتا اس کے سوا کوئی مگر اس کے بتائے سے اور یہی ہمارا مدعا ہے تو حق آیا باطل فنا ہوا اور یقیناً باطل فانی تھا اللہ ہی کے لیے حمد کیا۔ آئی مدد اور کام تمام ہوا اور امر الٰہی ظاہر ہوا حالانکہ مکروہ جانتے تھے ۱۲ منہ حفظ ربہ جدیدہ

سے علامہ قاری نے مرقاۃ میں زیر حدیث جبریل علیہ السلام اسے نقل کیا اور یوں ہی علامہ قسطلانی نے ارشاد الساری میں ۱۲ منہ جدیدہ

سے یہ بڑے جلیل القدر علماء عظام حنفیہ و شافعیہ و مالکیہ مانند امام عینی و امام قرطبی و امام شطنوفی و امام یافعی و امام ابن کثیر و امام سیوطی و امام قسطلانی و امام ابن حجر و علامہ قاری و علامہ شنوانی و شیخ ہجوری و شیخ عبدالحق دہلوی و شہاب خفاجی

وغیرہم اور آپ خود اے سید صاحب اور ہر وہ جس نے سیرت و مناقب اولیا میں تصنیف کی اور تمام مصنفین صوفیائے کرام اور ان کے معتقدین علمائے عاملین و ارکین دین میں تو تم نے سب کی طرف نسبت کردیا کہ وہ سب بوجہ اپنی مخالفت کے واسطے اس چیز کے جس کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قرآن کریم سے سمجھا تھا عظیم خطا پر ہیں اور انھوں نے قطعی دین کی مخالفت کی کیونکہ انھوں نے چھوڑ دیا وہ حق و صواب جس میں نہ شک تھا نہ ارتیاب یہ سخت خطرناک اور

Marfat.com

قال القرطبی لا مطمع لاحد فی هذ الامور الخمسة لهذ الحديث
وقد فسر النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قوله تعالیٰ وعنده
مفاتح الغیب بهذه الخمس قال فمن ادعی علم شئی منها
غیر مسند الی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کان
کاذبا فی دعواه اھ فانظر کیف قصر التکذیب علی من لم یسنده
الی عالم ما کان وما یکون صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فقد
افاد باعلی ندائه انه صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یعلمها
ویعلمها من یشاء من الاولیا لاجرم ان نص العلامة ابراهیم
البیجوری فی شرح البردة انه لم یخرج صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم
من الدنیا الا بعد ان علمه اللہ تعالیٰ بهذ الامور ای الخمس
قلت بل هذه کما بینا من اظهر الغیوب فالذی علمه

وغیرهم وانت نفسک یا سید دکل من صنف
فی سیر الاولیاء ومناقبهم والمصنفین من الصوفیة الکرام عن آخرهم والمحققین
نبهم من العلماء العاملین واساطین الذین تنسبتهم جمیعا بمخالفتهم لما فهم عه
رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم من القرآن الکریم علی خطاء عظیم وانهم خالفوا
القطعی فی الدین اذ نا بهذ عه الحق والصواب الذی لیس فیه ولا شک له ارتیاب مخاطرة
عظیمة وجراة جسیمة وخطأ کبیر وظن فی شباب وما تقول انت فی نفسک یا
رفیع القباب ثم تعبیرهم بشرذ مه قلیلة من المتأخرین وبعض الصوفیة مکابرة
للحس وتلبیس للحق بل هم الجم الغفیر والسواد الکثیر وغیرهم ولم یردوا
علیهم کلمهم الی انهم ولا عبرة بمن فی قلبه مرض وله ثلمة ودینه فرض کالمعتزلة
والرافضة والوهابیة خذ لهم اللہ تعالیٰ اومن زلت قدمه وطغی قلمه نسأل اللہ
العفو والعافیة اھ منه حفظه ربه جدیده

عه ص۳۰ من رسالتهم ۱۲ عه ص۳۰ من رسالتهم ۱۲ - له ص۳۱ من رسالتهم ۱۲

Marfat.com

اس حدیث سے ثابت ہے کہ ان پانچ غیبوں کے جاننے میں کسی کے لئے طمع کی جگہ نہیں اور بے شک نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس آیۂ کریمہ کو کہ اللہ ہی کے پاس غیب کی کنجیاں ہیں ان پانچ سے تفسیر فرمایا تو جو کوئی ان پانچ میں سے کسی کا دعویٰ کرے اور اس علم کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیم سے نہ بتائے وہ اپنے دعوی میں جھوٹا ہے انتہی تو دیکھو صراحۃً اسے جھوٹا بتایا جو ان پانچ کا علم اپنے لئے بغیر واسطہ عالم ماکان و ما یکون صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بتائے تو نہایت بلند آواز سے پکار کر یہ فائدہ بتادیا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان پانچ غیبوں کو جانتے ہیں اور اولیاء میں سے جسے چاہیں بتادیتے ہیں ؞ تاکہ زیر علامہ ابراہیم بیجوری نے شرح بردہ شریف میں تصریح فرمادی کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم دنیا سے تشریف نہ لے گئے مگر بعد اس کے کہ اللہ تعالیٰ نے حضور کو یہ پانچوں غیب بتائے انتہیٰ **اقول** یہ پانچ تو جیسا ہم بیان کر آئے نہایت کھلے ہوئے غیبوں میں سے ہیں جن کا شمار ہی جانے جس نے بتایا اور جن کو بتایا جل جلالہ وصلی اللہ علیہ وبارک وسلم کیا ان ظاہر باتوں میں جو باڑھ کے کنارے رکھی ہوئی ہیں ان سے بخل کرے گا اور مضمون کو شنوانی نے جمع النہایۃ میں بطور حدیث کے بیان کیا کہ بے شک مروی ہوا ہے کہ اللہ تعالیٰ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو نہ لے گیا یہاں تک کہ حضور کو ہر شے پر اطلاع بخشی انتہیٰ میں کہتا ہوں اور بے شک ہم وہ آیتیں

بھاری جرأت اور بڑی خطا اور ہلاکت والا گمان ہے اور تم کیا کہتے ہو خود اپنے لئے ایسے بند گنبد والے پھر انھیں شرذمہ قلیلہ متاخرین اور بعض صوفیا سے تعبیر[۵] کرنا حاشا بعرسے ہٹ دھرمی اور حق کی تلبیس ہے بلکہ وہ ایک جم غفیر اور سواد اعظم وغیرہ ہیں اور ان کے کلمات طیبات کا کسی نے رد نہ کیا اور جس کے دل میں دین میں رخنہ ڈالنا اس کی غرض ہو اس کا کچھ اعتبار نہیں جیسے معتزلہ و روافض و وہابیہ اللہ انھیں رسوا کرے یا وہ جس کا قدم ڈگمگا یا قلم حد سے بڑھا اللہ سے عفو و عافیت مانگتے ہیں ۱۲ منہ حفظہ ربہ جدیدہ

عہ ۵ ان کا رسالہ دیکھو، عہ صا۳ ان کا رسالہ دیکھو

سہ صا۳ ان کا رسالہ دیکھو

Marfat.com

من ابطن الغيوب ما لا يحصيه الا من عُلّم ومن علّم جل جلاله
وصلى الله تعالىٰ عليه وبارك وسلم هل يضن عنه بهذه
الظواهر الواقعة على طرف الثمام وساقه الشنوانى فى
جمع النهاية مساق الحديث فقال قد ورد ان الله تعالىٰ
لم يخرج النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم حتى اطلعه على
كل شئ ام قلت وقد تلونا الأيات الناصة بذلك
وصحاح الاحاديث المصرحة بما هنالك: ونقل فيه ايضا
عن بعض المفسرين ما نصه لا يعلم هذه الخمس علما لدنيا
ذاتيا بلا واسطة الا الله تعالىٰ اما بواسطة فلا تختص به
تعالىٰ ام قلت بل اذن تختص بغيره تعالىٰ لاستحالة الواسطة
فى علمه عزوعلا: وفى كتاب الابريز عن شيخه سيدى
عبد العزيز قدس سره العزيز هو صلى الله تعالىٰ عليه وسلم
لا يخفى عليه شئ من الخمس المذكورة فى الاية الشريفة
وكيف يخفى عليه ذلك والاقطاب السبعة من
امته الشريفة يعلمونها وهم دون الغوث فكيف
بالغوث فكيف بسيد الاولين والأخرين الذى
هو سبب كل شئ ام قلت واراد بالاقطاب السبعة
البدلاء وهم فوق الابدال السبعين ودون الامامين
الوزيرين وايضا فيه رضى الله تعالىٰ عنه قال كيف
يختفى امر الخمس عليه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم
والواحد من اهل التصرف من امته الشريفة

Marfat.com

تلاوت کر چکے جو اس مطلب کی تصریح فرما رہی ہیں اور وہ صحیح حدیثیں جو اس مضمون کو صاف بتا رہی ہیں، نیز اس میں بعض مفسرین سے یہ عبارت نقل کی کہ ان پانچ غیبوں کو اپنے پاس سے بذات خود اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا اور بالواسطہ ان کا علم اللہ تعالیٰ کے ساتھ خاص نہیں انتہیٰ میں کہتا ہوں بلکہ وہ اب تو غیر خدا کے ساتھ خاص ہے کہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ کے علم میں واسطہ ہونا محال ہے کتاب ابریز میں اپنے پیر و مرشد ہمارے سردار عبدالعزیز قدس سرہ العزیز سے نقل فرمایا کہ اس آیت میں جو پانچ غیب مذکور ہیں ان میں سے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر کوئی چیز پوشیدہ نہیں۔

اور یہ پانچوں غیب حضور پر کیونکر مخفی رہیں حالانکہ حضور کی امت میں سے ساتوں قطب ان پانچوں کو جانتے ہیں حالانکہ وہ ساتوں غوث سے نیچے ہیں پھر کجا غوث پھر کجا وہ تمام اگلوں پچھلوں کے سردار ہیں وہ جو ہر شے کے سبب ہیں۔ وہ کہ ہر شے انھیں سے ہے صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم انتہیٰ میں کہتا ہوں ساتوں قطب سے ابدال مراد ہے کہ وہ ستر ابدال کے اوپر اور دونوں اماموں کے نیچے ہوتے ہیں جو غوث کے دونوں وزیر ہیں نیز ابریز میں انھیں سید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا کہ ان پانچ غیبوں کا معاملہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر کیونکر چھپا ہے حالانکہ حضور کی امت مرحومہ میں سے کوئی صاحب تصرف تصرف نہیں کر سکتا جب تک کہ ان پانچوں کو نہ جانے انتہیٰ تو اے منکرو! ان کلاموں کو سنو اور اولیاء اللہ کی تکذیب[1] نہ کرو کہ ان کی تکذیب دین کی بربادی ہے اور قریب ہے کہ اللہ تعالیٰ تکذیب کرنے والوں سے انتقام لے گا

---

[1] الحمد للہ الخ میں لکھ چکا تھا وجود رسالہ منکرہ سے پہلے اور اس میں پایا جا چکا اشارہ طرف اس شخص کے ہے جو ولائے اولیائے کرام و صوفیائے عظام سے بھاگا اور اس نے حیلہ جوئی کی کہ شیخ عبدالوہاب شعرانی نے اپنی کتاب یواقیت کے خطبہ میں کہا کہ اللہ کی پناہ اس بات سے کہ میں مخالفت کروں جمہور متکلمین کی اور اعتقاد کروں ایسے کے کلام کی صحت کی جس نے ان کا خلاف کیا ہو بعض غیر معصوم

Marfat.com

لا يمكنه التصرف الا بمعرفة هٰذه الخمس اهـ فاسمعوا
هٰذا يا منكرين ؛ ولا تكونوا لاولياء الله مكذبين فان
تكذيبهم خراب للدين ؛ وسينتقم الله من الجاحدين
اعاذنا الله بعباده العارفين ؛ آمين **وبالجملة**
لا مرد للقرآن ؛ انه لكل شئ تفصيل وتبيان ؛ وانه
ما فرط فيه شئ من الاكوان ووجه الجمع بينهما وبين النفى
قد ظهر وبان ؛ فباى آلاء ربكما تكذبان **رابعًا**
اقول وبحول الله احول يا هٰذا الذى يدعى ان للخمس
خصوصية زائدة فى الاختصاص به تعالىٰ من بين سائر
الغيوب ماذا تريد بهٰذا سلب العموم فهن دون غيرهن

له الحمد لله كتبت هٰذا قبل وجود الرسالة المنكرة وحصلت فيه اشارة الى الرد على من انسلّ من مولاتهم واعتل بما .... قاله الشيخ عبد الوهاب الشعرانى فى خطبة كتابه اليواقيت معاذ الله ان اخالف جمهور المتكلمين واعتقد صحة كلام من خالفهم من بعد اهل الكشف الغير المعصوم اھ فان كلامه رحمه الله تعالىٰ فى عقائد اهل السنة والجماعة ومعاذ الله ان يخالفها الاولياء وما يظن فيه الخلاف فهو ما لم يدرسوس عليهم كما ذكره الشعرانى بعد قوله هٰذا باربعة اسطر ولم يصل فهم القاصرين الى مرادهم كما اشار اليه فى صدر هٰذا الكلام بقوله ادعى

فى رسالة ١٢ منه

كل من عجز عن الوصول الى تعقل كلام اهل الكشف ان يقف مع ظاهر كلام المتكلمين ولا يتعداه قال تعالى فان لم يصبها وابل فطل الخ وقال عقب ما نقله هٰذا المعتل ولذا اقول غالبًا عقب كلام اهل الكشف انتهى فليتامل ويحرر ونحو ذلك اظهارًا للتوقف فى فهمه على مصطلح اهل الكلام وقد اسقط هٰذه العبارة كلها من حول معا نقل كے يوهم ان الاولياء ربما يخالفون معتقدات اهل السنة فلو

Marfat.com

اللہ تعالیٰ اپنے عارف بندوں کا صدقہ ہمیں پناہ دے آمین الی صل قرآن کا کوئی رد کرنے والا نہیں کہ وہ ہر شے کے لئے تفصیل اور روشن بیان ہے۔ اور یہ کہ اس نے عالم میں کوئی بات اس میں اٹھا نہ رکھی اور ان آیتوں اور نفی علم غیب میں تطبیق ظاہر و روشن ہو چکی تو اپنے رب کی کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے۔ رابعاً **اقول** اور اللہ ہی کی توفیق سے جولان کرتا ہوں اے یہ شخص کہ دعویٰ کر رہا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ خاص ہونے میں اور سب غیبوں میں ان پانچ کو زیادہ خصوصیت ہے تو اس سے کیا مراد لیتا ہے کہ یہ کہ ان میں سلب عموم ہے نہ ان کے غیر میں (یعنی ان کا علم محیط دوسرے کو نہیں)

